ہین اور زوال آدہا دن ہو چکنے بعد ہے اور نازل ہونا رحمت الہی کا
رات مین بعد آدہی رات کی ہے اور جب دونون وقت مقام نزدیکی اور
رحمت کے ہین پس مناسبت ظاہری حاصل ہے دونون وقتون کے
درمیان اور مسند امام احمد و سنن و نسائی و ترمذی مین مروی ہے
من حافظ علی اربع رکعات قبل الظہر و اربع بعدہا
حرمہ اللہ علی النار اور یہہ چار رکعتین دو سلام سے ادا کرتے
ہین اور امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ نے کہا کان النبی یصلی
قبل الظہر اربع رکعات یفصل بینہن بالتسلیم علی
الملئکۃ المقربین و من تبعہم من المسلمین

دِ مُؤمِنِیْنَ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمَذِیُّ مُحَسِّناً امرت کیا ہمکو ہمہ

امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہے کہ پیغمبر

خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہر روز سولہ رکعت سنت ادا فرماتے چار رکعت پہلے

ظہر کے اور دو بعد اسکے اور چار پہلے عصر کے اور چار رکعت ضحٰی کے وقت

دو رکعت صبح کو بسبب مشہور ہونیکے ذکر نکیا اور مغرب کی دو سنت اور عشا

کی دو سنت یہہ رات کی سنتین ہین اور یہان مذکور دن کی سنتونکا ہے

اور یہہ روایت ایک ٹکڑا ہے لنبی حدیث کی لیکن علمانے سند مین

اسکی کلام کیا ہے اور ابن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہین پیغمبر نے

فرمایا رَحِمَ اللّٰہُ امْرَءً اصَلّٰی قَبْلَ الْعَصْرِ اَرْبَعاً اور ابن

حبان نے اس حدیث کی تصحیح کی اور دو رکعت پہلے مغرب کی بعضے

صحابہ رضی اللہ عنہ گزارتے تھے اور حضرت نے منع نکیا اور صحیحین مین

ثابت ہی کہ فرمایا صَلُّوا قَبْلَ الْمَغْرِبِ قَالَ فِی الثَّالِثَۃِ لِمَنْ شَاءَ

کَرَاھَۃَ اَنْ یَّتَّخِذَھَا النَّاسُ سُنَّۃً ادا کرنا اسکا اچہا ہے اور مستحب

لیکن مسجد مین واجب نہین تمام رواتب یعنی سنتین حضرت اپنی گہر مین ادا کرتے

تہے خصوصاً دو رکعت سنت بعد مغرب کے کہ کبہی مسجد مین نہ گزارین اور اسی سبب

علما کو اس جا ہی خلاف ہے کہ اگر کوئی دو رکعت سنت مغرب کی مسجد مین ادا کرے

یہہ ادا کرنا کفایت ہے یا نہین بعضے کہتے ہین نہین اور امام مروزی کہتا ہے

جو پڑہے دو رکعت نماز بعد مغرب کی مسجد مین ہوگا گنہگار اور ابو ثور

کہتا ہے کہ وہ گنہگار رہی اور سبب اوسکی گنہگاری کا یہہ ہے کہ پیغمبر خدا نے

حکم کیا اور فرمایا اِجْعَلُوْھَا فِیْ بُیُوْتِکُمْ اور نزدیک اکثر علما کی کافی

ہے مگر ترک اولی ہے اور مغرب کی سنت مین دو چیزین سنت ہین ایک یہ

کے درمیان سنت اور فرض کے بات نہ کہی کیونکہ حدیث میں آیا ہے مَنْ
صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ قَبْلَ اَنْ یَّتَکَلَّمَ یعنی قبل ان
یتکلم رُفِعَتْ صَلٰوتُہٗ فِیْ عِلِّیِّیْنَ دوسری سنت یہہ
کہ گہر میں ادا کرے پیغمبر صلعم مسجد میں بنی عبد الاشہل کے آئے اور نماز
مغرب کی پڑہی جب فارغ ہوئے دیکہا کہ اس گہر کے لوگ مسجد میں
نماز کی طرف مشغول ہوئے فرمایا ہٰذِہٖ صَلٰوۃُ الْبُیُوْتِ اور عبارت
میں ابن ماجہ کی ہے اِرْکَعُوْا ھَاتَیْنِ فِیْ بُیُوْتِکُمْ حاصل
کلام یہہ کہ عادت حضرت رسالت پناہ کی صلعم یہہ تہی کہ تمام سنت اور
نفل گہر میں گزارتے مگر کسی سبب سے فرمایا کرتے اَیُّھَا النَّاسُ صَلُّوْا
فِیْ بُیُوْتِکُمْ فَاِنَّ اَفْضَلَ صَلٰوۃِ الْمَرْءِ فِیْ بَیْتِہٖ اِلَّا الْمَکْتُوْبَۃَ
اور صبح کی نماز کی سنتوں کی اسقدر حفاظت کرتے تہے کہ سفر میں بہی
اسپر ہمیشگی کرتے اور مروی نہیں کہ سفر میں کوئی سنت اپنے پڑہی ہو
سواے سنت فجر اور نماز وتر کے اور علما کو دو قول ہیں افضل ہونے میں
فجر کی سنت اور نماز وتر کے بعضی کہتے ہیں کہ سنت فجر موکدہ زیادہ ہے
اور زیادہ ہمیشگی کی گئی ہے عمل میں اور جیسا کہ وتر بعضون کے نزدیک
واجب ہے سنت فجر کی بہی بعضون کے نزدیک واجب ہے اور بعضے بزرگوار
کہتے ہیں فجر کی سنت شروع عمل ہے اور وتر ختم عمل کا نسور قصد اور
اہتمام حال پر دونون کے خرچ کیا گیا ہے اور اسی سبب سی نماز میں سورہ
اخلاص دونون نماز میں پڑہنا شروع ہوا سورہ قل یا ایہا الکافرون کے
ساتہہ یہہ دونون سورتین جامع ہیں توحید علمی اور عملی اور توحید معرفت
اور ارادت اور توحید اعتقاد اور قصد کو جیسا کہ کتاب جامع الاصول سورہ اخلاص نے

فضایل سورۃ الاخلاص مین ہمنے بیان کیا ہے **فصل** حضرت صبح کی دو رکعت سنت نماز پڑھکے داہنا بازو زمین پر رکھتے اور ایک لحظہ آرام کرتے اور جامع ترمذی مین ہے کہ فرمایا اِذَا صَلّٰی اَحَدُکُمُ الرَّکْعَتَیْنِ قَبْلَ صَلٰوۃِ الصُّبْحِ فَلْیَضْطَجِعْ عَلٰی جَنْبِہِ الْاَیْمَنِ ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ وَّ غَرِیْبٌ اور ابن حزم کہتا ہے فرض ہے یہہ کروٹ سونا نمازی پر یہانتک کہ اگر یہہ سونا سنت فرض کے درمیان ترک کریگا تو فرض نماز اسکی باطل ہوگی اور بعضے عالمون نے تائید مین اس مذہب کی ایک مجلد تصنیف کیا ہے اور ایک جماعت مشایخین طریقت مین سے اس قول کے قایل ہین جیسے صاحب فتوحات اور سوا اسکے اور ایک جماعت علما کی قایل اس قول کی کراہیت کی ہین اور اسے بدعت کہتے ہین اور بہت سے علما سیدہی راہ بیچ کی چلے ہین اور اسکے مستحب ہونے کی قایل ہین اور امام مالک کہتے ہین کہ اگر واسطے آرام کے کروٹ پر لیٹے تو اچھا ہے اور سونے مین داہنے پہلو پر سر یہہ ہے کہ نیند غلبہ نکرے گی کیونکہ دل بائین طرف لٹکا ہوا ہے اگر بائین کروٹ پر لیٹے تو دل قرار پائیگا اور آرام غالب کریگا نیند زور سے آجائیگی اور جب داہنی کروٹ سوئیگا دل اپنے آرام کی جگہ ڈہونڈہتا رہے گا اور بیآرامی مین گریگا جلدی آنکھہ نہ لگے گی اور لگے گی تو بیہوشی سے نہین اور اسی سبب سے اطبا بائین کروٹ سونا پسند کرتے ہین خوب راحت حاصل کرنے کو اور اصحاب شرع سونے کو داہنے کروٹ پر اختیار کرتے ہین اور حاصل یہہ کہ سونا داہنی طرف دل کو نفع دیتا ہے اور بائین طرف بدن کو

فصل رات کو اوٹھنے کے بیان مین

جاننا چاہیے کہ علما کو اختلاف ہے کہ رات کو اوٹھنا حضرت رسالت پر فرض تہا یا سنت دونو

گروہون کی دلیل ایک ہے اور وہ آیت قرآن کی ہے وَمِنَ اللَّیْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ایک جماعت کہتی ہے یہ آیت صاف تہجد کے واجب ہونے کی بیان مین اور ایک جماعت کہتی ہے صاف حکم ہے رات کو اوٹھنے کا اور تہجد پڑھنے کا جیسا کہ دوسری جگہ فرمایا یَا أَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ اللَّیْلَ اور کوئی ناسخ صریح نہ آیا اور لفظ نافلة کا اگر مراد اس سے نفل ہوتی تو لفظ لک کہ خصوصیت کہتا ہے حضرت کے ساتھ مذکور نہ ہوتا بلکہ معنی نافلہ کی زیادتی ہے اور زیادتی جبتک کہ ثقہ نہین ہوتی دلالت نفل پر نہین کرتی اور مراد لفظ نافلہ سے زیادتی درجون کی ہے اسی سبب سے مخصوص ہوا لفظ نافلہ کا ساتھ حضرت کی کیونکہ اور عبارات کا حق مین حضرت کی غیر مستحب ہے اور [illegible] ہوگا لیکن حضرت کے حق مین کہ مغفور مطلق ہین درجون کی زیادتی اور مرتبون کی بلندی ہے مجاہد کہتا ہے کہ حضرت کی غیر کے لئے نفل نہین بلکہ [illegible] ہوگا اور نفل خاص حضرت کے لئے اور حضرت نبوت صلعم کسی حال مین تہجد کا اوٹھنا ترک نفرماتے اور گھر سفر دونون مین اسپر محافظت کرتے اگر کسی بیماری کے سبب سے یا بسبب نیند کے غلبے رات کو اوٹھنا ہو سکتا دن کو بارہ رکعت نماز بدل اسکے پڑھتے اور رات مین تیرہ رکعت سے زیادہ نگذارتے اور کبھی گیارہ رکعت پر بس کرتے اور پانچ رکعت آخر کی ایک سلام سے ادا کرتے اور بعضے عالم حدیث کی کہتے ہین کہ زیادہ گیارہ رکعت سے نہتی روایت تیرہ رکعت کی صحیح ہے لیکن مراد اس سے سنت فجر ہے اور عایشہ رض کی حدیث مین یون بیان کیا گیا ہے کہ کَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُصَلِّی بِاللَّیْلِ ثَلٰثَ عَشَرَ رَکَعَاتٍ بِرَکْعَتَی

۴۴

الفجر وقال الشعبي سألت ابن عباس وابن عمر عن
صلوٰة رسول الله صلى الله عليه وسلم بالليل فقالا
ثلث عشرة منها ثمان ويوتر بثلاث وركعتين
بعد الفجر اور صحیحین میں دوسری روایت صریح اس باب میں آئی ہے
کہ تیرہ رکعت نماز حضرت کی سواے سنت صبح کی تھی عن ابن عباس
انه بات في بيت خالته ميمونة فقام النبي صلى الله عليه
وسلم من الليل فصلى ركعتين ثم ركعتين ثم
ركعتين ثم ركعتين ثم ركعتين ثم اوتر ثم
اضطجع حتى جاءه المؤذن فقام فصلى ركعتين خفيفتين
ثم خرج فصلى الصبح اور دوسرے روایت میں ہے صلى ثلث
عشرة ركعة ثم نام حتى نفخ فلما تبين له الفجر
صلى ركعتين خفيفتين اور اتفاق ہوا علما کا گیارہ رکعت
پر اور پچھلی دو رکعت میں اختلاف پڑا بعضے اسکو سنت فجر کی نہیں
جانتے اور بعضی جانتے ہیں اور جب اس عدد کو فرائض و سنتوں کے
ساتھہ ملا دی تو کل گنتی پیغمبر کی نماز کی رات دن میں چالیس رکعت
ہوئی ہے کہ حضرت اسکو ہمیشہ حفاظت کی ساتھہ ادا کرتے سترہ رکعت
فرض اور دس رکعت یا بارہ سنت معمولی یعنے ہر نماز فرض کے پیچھے اور گیارہ
یا تیرہ رکعت رات کی یہہ سب چالیس رکعت ہوئی ہیں اور جو زیادہ آیا
پڑھتے کسی سبب سے تھا جیسے آٹھہ رکعت نماز مکہ کے فتح کے دن ادا کی
اور جیسے نماز چاشت کی کہ جب سفر سے پھر کر گھر پہونچتے ادا کرتے اور
جیسے دو رکعت نماز تحیۃ المسجد کی اور جیسے وہ دو رکعت کہ کسی کے ملاقات

کو جاتے اسکے گھر مین بیٹھتے اور اوسکا ان نمازون کی سوحتی کے طلب
کرنیوالی کو چاہیئے کہ پیروی حضرت کی کرے اور اس چالیس رکعت کو پھر
کسی وقت مین قصدًا چھوڑ نہ دے اور عمر بھر اسپر مواظبت کرے کہ بیشک
نیکیون کے دروازہ کھلنی کا اور ہمیشگی کی مراد پانے کا سبب ہو جو کوئی
اکرم الاکرمین کا دروازہ انگلی سے طلب ادب کی حضرت کی طور پر اتباع
کے ساتھہ ہر روز چالیس بار کھٹکھٹایا کرے بہت جلد نیکبختی کا دروازہ

اوسپر کھل جاوے **فصل** جب آدھی رات گزر جاتی حضرت اوٹھتے

اور کبھی آدھی رات سے پہلے اور کبھی جب مرغ بانگ دیتا اور مرغ اکثر
آدھی رات کی بعد بانگ دیتا ہے اور جب سو اوٹھتے دست مبارک
آنکھہ پر ملتے اور مسواک کرتے پھر وضو کرتے اور مسواک کرتے وقت یہ
آیۂ آخر سورہ آل عمران سے پڑھتے اِنَّ فِی خَلْقِ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ
وَاخْتِلَافِ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیَاتٍ لِاُولِی الْاَلْبَابِ
آخر سورہ تک پڑھتے اور ہلکی دو رکعتون کے ساتھہ نماز شروع کرتے
اور امت کو بھی ہلکی پڑھنے کا حکم فرماتے کہ اِذَا قَامَ اَحَدُکُمْ مِنَ
اللَّیْلِ فَلْیَفْتَتِحْ صَلٰوتَهٗ بِرَکْعَتَیْنِ خَفِیْفَتَیْنِ اور رات کے
اوٹھنے کی کیفیت صحیح حدیثون مین آٹھہ طور پر آئی ہے اور ان آٹھہ
طریقون مین سے ایک طور پر ہمیشگی کرنے مین اور کرنے مین ہر طور کے
مختلف وقتون مین علیحدہ مختار ہے پہلا طور جو مذکور ہے حدیث مین
ابن عباس سے مروی ہے اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
اِسْتَیْقَظَ فَتَسَوَّکَ وَتَوَضَّأَ وَهُوَ یَقُوْلُ اِنَّ فِیْ خَلْقِ
السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیَاتٍ

لأولي الألباب فقرأ هؤلاء الآيات حتى ختم السورة
ثم قام فصلى ركعتين واطال فيهما القيام والركوع
والسجود ثم انصرف فنام حتى نفخ ثم فعل ذلك
ثلث مرات ست ركعات كل ذلك يستاك ويتوضأ
ويقرأ هؤلاء الآيات ثم اوتر بثلث فاذن
المؤذن فخرج الى الصلوة وهو يقول اللهم اجعل
في قلبي نورا وفي لساني نورا واجعل في سمعي نورا
واجعل في بصري نورا واجعل في خلفي نورا ومن
امامي نورا واجعل من فوقي نورا ومن تحتي نورا
اللهم اعطني نورا اور یہہ روایت مسلم کی ہے اور پہلی دو رکعت
ہلکی پڑہنے کا مذکور اسمین نہین اور جواب اسکا دو طور سے کہتے ہین ایک
یہہ کہ کبھی شروع کی دو رکعت ہلکی پڑہتے اور کبھی نہین دوسرا یہہ کہ عائشہ
رضی اللہ عنہا حال حضرت کی رات کو اوٹہنے کا خوب جانتی تہین
شاید جو کچہہ عائشہ نے یاد کیا ابن عباس سے جاتا رہا ہو **دوسرا**
طور موافق عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت کے یہہ ہے کہ حضرت پہلی
ہلکی دو رکعت پڑہتے اور بعد اسکے درازی نماز مین کرتے اور دس رکعت
پانچ سلام سے ادا کرتے اور وتر ایک رکعت ایک سلام سے **تیسرا طور**
تیرہ رکعت سواے دو رکعت سنت صبح کے پڑہتے **چوتھا طور**
آٹہہ رکعت چار سلام سے پڑہتے اور پانچ رکعت وتر درمیان مین
کہین نہ بیٹہتے ایک سلام اور ایک تشہد سے ادا کرتے **پانچوان طور**
نو رکعت ملا کر آٹہہ رکعت پے درپے پڑہتے اور صرف آٹہوین رکعت مین

بیٹھکر تشہد اور دعا پڑھکر اوٹھتے اور ایک رکعت پڑھکر بیٹھتے اور تشہد پڑھتے
اور سلام پھیرتے اور بعد اسکے اوٹھتے اور دو رکعت بعد الوتر ادا کرتے
چھٹا طور سات رکعت ایک سلام سے ادا کرتے چھ رکعت پیا پی
پڑھکر بیٹھتے اور سلام نہ پھیر کر اوٹھتے ساتوین رکعت پڑھکر سلام پھیرتے
اور بعد ان سات رکعت کی دو رکعت بیٹھکر ادا کرتے **ساتوان طور**
ہر دو گانے پر سلام پھیرتے اور آخر مین تین رکعت ایک سلام سے پڑھتے
حافظ حدیث کی اس روایت پر طعن کرتے ہین کیونکہ صحیح ابن حبان مین
سند صحیح سے آیا ہے لَا تُوتِرُوا بِثَلَاثٍ اَوْتِرُوا بِخَمْسٍ اَوْ بِسَبْعٍ وَلَا
تُشَبِّهُوا بِصَلٰوةِ الْمَغْرِبِ اور حدیث مین عایشہ رضی اللہ عنہا کی
آیا ہے صحیح اسنادسی کہ آخر کی دو رکعت مین سلام پھیرتے بعد اسکے
ایک رکعت پڑھتے امام احمد سے پوچھا کسینی کہ وتر کے حق مین کیا کہتی
کہا اَکْثَرُ الْحَدِیْثِ وَاَقْوَاہُ رَکْعَةٌ فَاَنَا اَذْهَبُ اِلَیْهَا دوسری
بار پوچھا لوگون نے کہا یُسَلِّمُ فِی الرَّکْعَتَیْنِ وَاِنْ لَّمْ یُسَلِّمْ
رَجَوْتُ اَنْ لَّا یَضُرَّهٗ اِلَّا اَنَّ التَّسْلِیْمَ اَثْبَتُ **آٹھوان**
طور نسائی کی سنن مین حذیفہ رض روایت کرتا ہے کہ رمضان المبارک
کے مہینے مین پیغمبر خدا کے ساتھ مینے نماز پڑھی پیغمبر رات کی نماز
رکوع مین دیر کی قیام کے برابر یہ تسبیح کہتے تھے سُبْحَانَ رَبِّیَ
الْعَظِیْمِ بعد اسکے بیٹھے اور فرماتے رَبِّ اغْفِرْ لِیْ اور دوسرے
تھے اسکو جب چار رکعت نماز اسطرح ادا کرچکے بلال نے صبح کی اذان
کہی اور صبح کی نماز کے واسطے پیغمبر کو بلایا یعنا آٹھ طور قیام من
رات کی پیغمبر سے ثابت ہوئے ہین وتر کو کبھی اول رات مین ادا کرتے

آدھی کبھی رات کی درمیان مین اور اکثر پچھلی رات مین اور کبھی تمام رات اسی آیت
کو دوہرایا کرتے إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ
لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۔ اور پیغمبر خدا رات کو تین طرح سے نماز
پڑھتے تھے اول یہہ کہ ساری نماز کھڑے ہوکر ادا کرتے اکثر تو یہی تہا دوسرے
یہہ کہ تمام رات بیٹھکر ادا کرتے اور رکوع بھی بیٹھے ادا کرتے تیسرے یہہ کہ
بیٹھے ساری قراءت ادا کرتے جب تھوڑی باقی رہجاتی کھڑے ہوتے تب
رکوع کرتے یہہ تین صورتین حدیث سی صحیح ہوئی ہین لیکن وہ حدیث
جو آئی ہے کہ آنحضرت کی بیٹھنے کی شکل بیٹھکر نماز ادا کرنے کی حالت مین
چار زانو تھی حدیث یاد رکھنے والون نے اسپر طعن کیا ہے اور بعضی راوی پر
اسکے خطا کا گمان ہے **فصل دو رکعت نماز کے بیان مین**
بعد وتر کے دو رکعت جو بعد وتر کے پڑھتے ہین صحیح روایت سے ثابت
ہوئی ہین صحیح مسلم مین عایشہ رض روایت کرتی ہین كَانَ يُصَلِّي
ثَلَاثَ عَشَرَةَ رَكْعَةً يُصَلِّي ثَمَانَ رَكَعَاتٍ ثُمَّ يُوتِرُ ثُمَّ
يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَرْكَعَ قَامَ يَرْكَعُ
ثُمَّ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ بَيْنَ النِّدَاءِ وَالْإِقَامَةِ اور مسند مین
امام احمد کی ام سلمہ سے روایت ہے کہ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صلعم يُصَلِّي
بَعْدَ الْوِتْرِ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ اور ابوامامہ سے
روایت ہی کہ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْوِتْرِ
وَهُوَ جَالِسٌ يَقْرَأُ فِيهِمَا إِذَا زُلْزِلَتْ وَقُلْ يَا أَيُّهَا
الْكَافِرُونَ اور جن صحابہ کا مینے ذکر کیا اونکے سوا بھی اور صحابہ نے
اسکو روایت کیا ہے لیکن یہہ ظاہر مین مختلف معلوم ہوتی ہے اس

حدیث کی اجعلوا اخر صلوتکم بالليل وترا بہت عالمون پران دو حدیثونکا اختلاف نہایت مشکل ہوگیا ہے لاچار امام مالک انکار دو رکعتون کی حدیث کا کرتے ہین اور امام احمد کہتی ہین کہ نہ مین خود پڑہتا ہون اور نہ کسیکو منع کرتا ہون اور سارے عالم کہتی ہین بیان جواز کی واسطی تاکہ معلوم ہو کہ بعد وتر کے نفل پڑہنا جایز ہے اور وتر نفل کے پڑہنے کا والی نہین ہے اس مراد سے اجعلوا اخر صلوتکم بالليل وترا کے معنی آخر رکعت کو وتر کرنا مستحب ہوگا اور بعضی عالم کہتے ہین کہ یہ دو رکعت وتر کی پیچھے لگی ہے اور وتر کی سنت پڑہی جاتی ہے خصوصا مذہب مین اوس شخص کے جو قایل اسکے واجب ہونیکا ہے اور جب دن کے وتر جو مغرب کے ہی جوڑ لگی گئے دو رکعت سنت رات کی وتر بہی جوڑ لگی گئی دو رکعت سنت سی

فصل

صحیح روایت مین کہین نہین آیا کہ وتر کی نماز مین قنوت پڑہتے امام احمد کہتی ہین کہ قنوت کی روایت صبح کی نماز مین ثابت ہوئی ہے لیکن وتر مین کوئی حدیث صحت کو نہین پہونچی بلکہ کوئی روایت نہین آئی لیکن کتنے صحابہ نے وتر مین قنوت پڑہی ہے چنانچہ مسند مین امام احمد کی حدیث آئی ہے عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رض قَالَ عَلَّمَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَاتٍ أَقُوْلُهُنَّ فِي قُنُوْتِ الْوِتْرِ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيْمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا أَعْطَيْتَ وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ فَإِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ إِنَّهٗ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ اور سیوطی ترمذی کہتا ہے بہتر حدیث جو قنوت وتر کے

باب مین روایت کی گئی ہے یہہ حدیث ہی اور امیر المومنین عمر اور ابی بن کعب
اور عبد اللہ بن مسعود رضہ سے ثابت ہوا کہ انہون نے قنوت نماز وتر مین پڑہی ہے
لیکن یقین ہے کہ پیغمبر خدا سے روایت نہین ہی اور جو روایت کیا ہو سو غلط ہون
اور افترا ہوگا اور ترمذی اور نسائی مین روایت ہی کہ کَانَ رَسُولُ اللّٰہِ صلعم
يَقُولُ فِي آخِرِ وِتْرِهِ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ
وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْكَ لَا أُحْصِي
ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلَى نَفْسِكَ اور اس عبارت سے
معلوم ہوتا ہی کہ شاید تشہد مین پڑہا ہو اور یہہ بہی احتمال ہے کہ بعد تشہد کے
پڑہا ہو اور اسکا احتمال زیادہ ہے بلکہ مقرر یہی ہے کہ نسائی مین روایت ہے کہ کَانَ صلعم
يَقُولُ إِذَا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ وَتَبَوَّءَ مَقْعَدَهُ اور اس روایت مین
نسائی نے ایک لفظ زیادہ روایت کیا ہے اسطرح لَا أُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ
وَلَوْ حَرَصْتُ اور بعضی روایت صحیح مین ثابت ہوا کہ اسکو سجدے مین کہے
تو چاہیے کہ دونون جگہہ مین کہا کرے اور مستدرک مین حاکم کی حدیث سے
ابن عباس رضہ کی روایت ہی احوال مین نماز رسول اللہ صلعم کے اور انکے
وتر کے پہر جب ادا کی اپنی نماز سنا ہینے فرماتے تہے اللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِي قَلْبِي
نُورًا وَفِي بَصَرِي نُورًا وَفِي سَمْعِي نُورًا وَعَنْ يَمِينِي نُورًا
وَعَنْ يَسَارِي نُورًا وَفَوْقِي نُورًا وَتَحْتِي نُورًا وَأَمَامِي
نُورًا وَخَلْفِي نُورًا وَاجْعَلْ لِي يَوْمَ لِقَائِكَ نُورًا اور ایک
روایت مین آیا ہے وَفِي عَصَبِي نُورًا وَفِي لَحْمِي نُورًا وَ
فِي شَعْرِي نُورًا وَفِي بَشَرِي نُورًا وَفِي لِسَانِي نُورًا وَ
اجْعَلْ فِي نَفْسِي نُورًا وَأَعْظِمْ لِي نُورًا وَاجْعَلْ لِي نُورًا

٥١

وَمَا عَطِنی تُعُوْدًا اور وتر کی نماز مین پہلی رکعت مین سبح
اسم ربک الاعلیٰ پڑھتے اور دوسری مین قل یا ایہا الکافرون اور
تیسری مین قل ہو اللہ احد اور جب سلام پھیرتے تین بار کہتے سُبْحَانَ
الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ اور تیسری بار بلند آواز سے کھینچکر حرفون کو کہتے
اور بعد اوسکے کہتے رَبُّ الْمَلَائِکَۃِ وَالرُّوْحِ اور قرآن کو نماز مین
کھول کھولکر پڑھتے اور آخر آیہ مین وقف کرتے اگرچہ بعد کی آیت سے
علاقہ رکھتے ہوتی اور بعضی قاری کہتے ہین وقف اوس جگہ کرنا بہتر ہے جہان
بات تمام ہو اور کلام ایکدوسرے سے جدا ہو جائے اور یہ بات پسند نہین
آتی کیونکہ پیروی پیغمبر خدا کی سب چیز مین افضل ہے اور عالمونکا اس مسئلہ
مین اختلاف ہے کہ کھولکر تھوڑا پڑھنا بہتر ہے یا جلدی کے ساتھہ بہت
پڑھنا ابن عباس اور ابن مسعود کہتے ہین کہ ٹھیرکر اور سمجھکر تھوڑا
پڑھنا افضل ہے اور امیر المومنین علی رضہ اور ایک جماعت اور صحابہ
اور تابعین کی اور امام شافعی کہتے ہین کہ بہت پڑھنا افضل ہے اسواسطے
کہ ہر حرف کی بدلے دس نیکیان ہین اور پیغمبر خدا نے فرمایا لَا اَقُوْلُ
الٓمّٓ حَرْفٌ وَّلٰکِنْ اَلِفٌ حَرْفٌ وَّلَامٌ حَرْفٌ وَّمِیْمٌ
حَرْفٌ اور پہلی عالم بعضے کہتے ہین ثواب ٹھیرکر اور سمجھکر پڑھنی
کا بہت بڑا ہے اور ثواب زیادہ پڑھنے کا بھی بہت بہتر ہے اور زیادہ
آسکی یہ مثال ہے کہ جیسی کسی نے بیش قیمت موتی کو صدقہ کیا اور زیادہ
پڑھنی کی یہ مثال ہے کہ جیسے کسی نے بہت موتی دئے مگر چھوٹے اور
رات کی قرات کبھی آہستہ پڑھتے اور کبھی پکارکے اور کبھی بہت کھڑے
ہوتے اور کبھی تھوڑا **فصل نماز چاشت کی بیان مین** اور

اس نماز کی عادت کے بیان میں عائشہ رض
نے کہا رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی
سبحۃ الضحی اربعا وانی لاسبحہا وفی لفظ کان
رسول اللہ یصلی الضحی اربعا ویزید ما شاء اللہ
وعن انس قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم فی سفر صلی سبحۃ الضحی ثمان رکعات
فلما انصرف قال انی صلیت صلوۃ رغبۃ ورھبۃ
فسألت ربی ثلاثا فاعطانی اثنتین ومنعنی واحدۃ
سألتہ ان لا یقتل امتی بالسنین ففعل وسألتہ ان لا
یظہر علیہم عدوا ففعل وسألتہ ان لا یلبسہم شیعا
فابی علی صحیح رواہ الحاکم وعن عائشۃ رضی اللہ
عنہا قالت صلی النبی صلوۃ الضحی ثم قال اللہم
اغفرلی وارحمنی وتب علی انک انت التواب
الغفور حتی قال مائۃ مرۃ وعن ام ذرۃ
قالت رأیت عائشۃ تصلی الضحی وتقول ما رأیت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی الا اربع
رکعات وعن جبیر بن مطعم انہ رأی
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی صلوۃ
الضحی وعن جابر بن عبد اللہ ان النبی صلی
اللہ علیہ وسلم صلی الضحی ست رکعات وعن
عائشۃ وام سلمۃ قالتا کان رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي صَلٰوةَ الضُّحٰى ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً
اور نقل ہے عائشہ اور ام سلمہ کی زبانی کہ نبی پڑھتے تھے چاشت کی نماز
بارہ رکعت وَعَنْ عَلِيٍّ وَعَائِشَةَ وَأَنَسٍ وَجَابِرٍ
أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي الضُّحٰى سِتَّ
رَكَعَاتٍ اور نقل ہے علی اور عائشہ اور انس اور جابر کی زبانی کہ
نبی پڑھتے تھے چاشت کی نماز چھ رکعت وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ
قَالَ أَوْصَانِي خَلِيلِي بِصِيَامِ ثَلٰثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ
وَرَكْعَتَيِ الضُّحٰى وَأَنْ أُوتِرَ قَبْلَ أَنْ أَنَامَ وَعَنْ
أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
يُصْبِحُ عَلٰى كُلِّ سُلَامٰى مِنْ أَحَدِكُمْ صَدَقَةٌ فَكُلُّ
تَسْبِيحَةٍ صَدَقَةٌ وَكُلُّ تَحْمِيدَةٍ صَدَقَةٌ وَكُلُّ تَهْلِيلَةٍ
صَدَقَةٌ وَكُلُّ تَكْبِيرَةٍ صَدَقَةٌ وَأَمْرٌ بِالْمَعْرُوفِ
صَدَقَةٌ وَنَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ وَيُجْزِئُ مِنْ
ذٰلِكَ رَكْعَتَانِ يَرْكَعُهُمَا مِنَ الضُّحٰى وَفِي مُسْنَدِ
الْإِمَامِ أَحْمَدَ عَنْ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ يَرْفَعُهُ مَنْ قَعَدَ
فِي مُصَلَّاهُ حِينَ يَنْصَرِفُ مِنْ صَلٰوةِ الصُّبْحِ حَتّٰى يُسَبِّحَ
رَكْعَتَيِ الضُّحٰى لَا يَقُولُ إِلَّا خَيْرًا غُفِرَ لَهُ خَطَايَاهُ
وَإِنْ كَانَ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ وَعَنِ التِّرْمِذِيِّ
عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يَرْفَعُهُ مَنْ حَافَظَ عَلٰى شُفْعَةِ
الضُّحٰى غُفِرَ لَهُ ذُنُوبُهُ وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ
وَعَنْ نُعَيْمِ بْنِ هَمَّارٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

الله عليه وسلم قال الله تعالى ابن ادم لا تعجزني
من اربع ركعات في اول النهار اكفك اخره اور نقل
ہے نعیم بن ہمار کی زبانی کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ اللہ فرماتا ہے کہ
اے آدم کی اولاد نہ عاجز ہو تو میرے پاس چار رکعت لانے سے دن چڑھے
بچاؤنگا تجھکو ہر بلا سے آخر دن تک **وعند** الترمذي
وابن ماجة عن انس رضي الله عنه من صلى الضحى ثنتي
عشرة ركعة بنى الله له قصرا في الجنة من ذهب
اور ترمذی اور ابن ماجہ کی کتاب سے نقل ہے انس کی زبانی فرمایا رسول اللہ
نے جسنے پڑھین چاشت کی وقت بارہ رکعتین بناویگا اللہ اسکے لیے
ایک محل سونے کا جنت مین **وعند** مسلم عن زيد
بن ارقم انه راى قوما يصلون الضحى في مسجد
قباء فقال اما علموا ان الصلوة في غير هذه الساعة
افضل ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال صلوة
الاوابين حين ترمض الفصال اي تشتد حر
النهار فتجد الفصال حر الرمضاء **وفي**
صحيح ان النبي صلى الله عليه وسلم صلى الضحى
ركعتين في بيت عتبان بن مالك **وعن** ابي هريرة
رضي الله عنه لا يحافظ على صلوة الضحى الا اواب رواه
الحاكم على شرط مسلم **وعنه** عن ابي هريرة
رضي الله عنه ان للجنة بابا يقال له الضحى فاذا كان يوم
القيمة نادى مناد اين الذين كانوا يداومون

۵۵

على صلوة الضحى هذا بابكم فادخلوه برحمة الله
وعن ابن عمر انه قال لابي ذر اوصني يا عم
قال سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم كما
سألتني فقال من صلى الضحى ركعتين لم يكتب من
الغافلين ومن صلى اربعا كتب من العابدين
ومن صلى ستا لم يلحقه ذلك اليوم ذنب ومن
صلى ثمانيا كتب من القانتين ومن صلى عشرا
بنى الله له بيتا في الجنة اور نقل ہے ابن عمر کی زبانی
کہ کہا اوسنے ابی ذر کو وصیت کر مجھے ای چچا بولا پوچھا مین نے رسول
سے جسطرح پوچھا تو نے مجھے سو فرمایا جسنے پڑھین دو رکعتین چاشت
کی نہین لکھا جاویگا غافلون مین اور جسنے پڑھین چار لکھا جایگا عابدون
مین اور جسنے پڑھین چھہ نہ پیچھے لگیگا اسکے اسدن کچھہ گناہ اور جسنے
پڑھین آٹھہ لکھا جاویگا ادب والون مین اور جسنے پڑھین دس بناویگا
اسکے لئے گھر جنت مین وقال مجاهد صلى رسول
الله صلى الله عليه وسلم يوما الضحى ركعتين ثم
يوما اربعا ثم يوما ستا ثم يوما ثمانيا ثم ترك
وعن ابي امامة يرفعه من مشى الى صلوة
مكتوبة وهو متطهر كان له اجر الحاج
المحرم ومن مشى الى سبحة الضحى كان له كاجر
المعتمر وصلوة على اثر صلوة لا لغو بينهما كتاب
في عليين وعن ابي امامة يرفعه من صلى

٥٧

الصبح في مسجد جماعة ثم ثبت فيه حتى يسبح فيه سبحة
الضحى ثم صلى كان له كاجر حاج او معتمر تام له حجته
وعمرته **وعن** ابي هريرة قال بعث النبي جيشا فاعظموا
الغنيمة واسرعوا الكرة فقال رجل يا رسول الله ما رأينا
بعثا اسرع كرة ولا اعظم غنيمة من هذا البعث فقال
الا اخبركم باسرع كرة واعظم غنيمة رجلا توضأ
في بيته فاحسن وضوءه ثم عمد الى المسجد فصلى صلوة
الغداة ثم اعقب بصلوة الضحى فقد اسرع الكرة و
اعظم الغنيمة يه سب حديثين دليل هين مستحب هونے اور فضيلت پر نماز
چاشت کی اور يهی مذهب بهت علما اور مشايخ کا هے اور ايک جماعت عالمون
کی اسکی کراهيت کی قايل هوئی هے اور کهتی هين ايک بدعت هی بدعتون سے
اور دليل لاتے هين ايک آثار کو جو بخاری نے ابن عمر کی زبانی نقل کی که
انه لم يكن يصليها ابو بكر ولا عمر فقلت فالنبي صلى الله
عليه وسلم قال لا اخاله اور عبد الرحمن بن ابی بکره کے زبانی نقل
کرا ابو بکره نے ايک جماعت کو ديکها که پڑهتے هين نماز چاشت کی انکو کها
انكم تصلون صلوة ما صليها رسول الله صلى الله عليه
وسلم ولا عامة اصحابه اور عايشه کی زبانی نقل هے ما سبح
رسول الله صلى الله عليه وسلم سبحة الضحى واني
لاسبحها وان كان رسول الله صلى الله عليه وسلم
ليدع العمل وهو يحب ان يعمل به خشية ان يعمل
به فيفترض عليهم اور قيس بن عبيد کهتا هے ايک برس عبد ليد

ابن مسعود رضہ کے پاس آمد و رفت کی ہیں ہرگز نہ دیکھا کہ نماز چاشت پڑھی ہو

وَعَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ دَخَلْتُ أَنَا وَعُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ الْمَسْجِدَ فَإِذَا ابْنُ عُمَرَ جَالِسٌ عِنْدَ حُجْرَةِ عَائِشَةَ وَإِذَا النَّاسُ يُصَلُّونَ فِي الْمَسْجِدِ صَلوٰةَ الضُّحٰى فَسَأَلْنَاهُ عَنْ صَلوٰتِهِمْ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ بِدْعَةٌ وَنِعْمَتِ الْبِدْعَةُ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ مَا ابْتَدَعَ الْمُسْلِمُونَ أَفْضَلَ مِنْ صَلوٰةِ الضُّحٰى

اور دوسرے گروہ عالموں کے کہتے ہیں کہ مستحب ہے کہ اسکو کبھی کبھی پڑھیں اور کبھی ترک کریں اور یہ لوگ دلیل لاتے ہیں حدیث سے عبد اللہ بن شقیق کی اسنے کہا کہ پوچھا میں نے عائشہ رضہ سے کہ آیا پیغمبر خدا نماز چاشت پڑھتے تھے بولیں نہیں مگر جب کہ سفر سے آتے اور نقل ہے ابی سعید خدری کی زبانی کہ کہا

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الضُّحٰى حَتّٰى نَقُولَ لَا يَدَعُهَا وَيَدَعُهَا حَتّٰى نَقُولَ لَا يُصَلِّيهَا وَعَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يُصَلِّيهَا يَوْمًا وَيَدَعُهَا عَشَرَةَ أَيَّامٍ يَعْنِي صَلوٰةَ الضُّحٰى وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ أَنَّهُ كَانَ لَا يُصَلِّي الضُّحٰى فَإِذَا أَتَى مَسْجِدَ قُبَاءٍ صَلّٰى وَكَانَ يَأْتِيهِ كُلَّ سَبْتٍ وَعَنْ مَنْصُورٍ قَالَ كَانُوا يَكْرَهُونَ أَنْ يُحَافِظُوا عَلَيْهَا كَالْمَكْتُوبَةِ وَيُصَلُّونَ وَيَدَعُونَ وَعَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ إِنِّي لَأَدَعُ صَلوٰةَ الضُّحٰى وَأَنَا أَشْتَهِيهَا مَخَافَةَ أَنْ أَرَاهَا حَتْمًا عَلَيَّ وَقَالَ مَسْرُوقٌ كُنَّا نَقْرَأُ فَنَبْقٰى بَعْدَ قِيَامِ ابْنِ مَسْعُودٍ ثُمَّ نَقُومُ فَنُصَلِّي فَبَلَغَ ابْنَ مَسْعُودٍ ذٰلِكَ فَقَالَ لِمَ تُحَمِّلُونَ عِبَادَ اللّٰهِ مَا لَمْ يُحَمِّلْهُمُ اللّٰهُ إِنْ كُنْتُمْ لَا بُدَّ فَاعِلِينَ فَفِي بُيُوتِكُمْ

یہہ گروہ حدیثون کولا کرکے کہتے ہین کہ اسکو ہمیشہ پڑہا کرے اور ٹہیک یہہ ہے
کہ اسکا ہمیشہ پڑہنا مستحب ہے اور ڈر فرض کے وہم ہونیکا جاتا رہا لیکن بہتر
یہہ ہے کہ گہر مین ادا کرے اور عایشہ کی زبانی امام مالک نقل کرتے ہین کہ
نُشِرَ لِی اَبَوَایَ مَا تَرَکْتُھَا بعض عالمون نے چار رکعت پڑہنا
اختیار کیا ہے اسواسطے کہ سب چار رکعت کی حدیثین صحیح ہین ابن جریر کہتا ہے
کہ حدیثین جو نماز چاشت کی صحیح ہوئی ہین ظاہر مین اونمین اختلاف ہے
لیکن اگر تامل کرے تو سب صحیح اور موافق ہین اور اختلاف اور تعارض اوٹھ
جاتا ہے اور دفع ہو جاتا ہے اور گنتی مین اختلاف تہا بسبب ایام اور احوال کے
کبہی دو رکعت اور کبہی چار رکعت اور کبہی چہ اور کبہی آٹھ اور کبہی دس اور کبہی بارہ
آدمی مختار ہے جو گنتی چاہے اختیار کرے اور ابی داود کی حدیث جو بیان
ہو چکی اس بات کی دلیل ہے کہ فرمایا جسنی پڑہی چاشت دو رکعت نہ لکہا
جائیگا غافلون مین اور جسنی پڑہی چار لکہا جائیگا عابدون مین آخر تک اس حدیث کے
اور اس حدیث کا ذکر ہو چکا ہے

فصل سجدہ شکر کے بیان مین

عادت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہہ تہی کہ جب
کوئی نعمت نئی حاصل ہوتی یا بلا دفع ہوتی اسکے شکر کا سجدہ کرتے
مسند مین امام احمد کی ثابت ہوا ہے عَنْ اَبِی بَکْرَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا اَتَاہُ اَمْرٌ یُسَرُّہٗ خَرَّ لِلّٰہِ
سَاجِدًا شُکْرًا لِلّٰہِ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بُشِّرَ بِحَاجَۃٍ فَخَرَّ سَاجِدًا اور بیہقی
نے نقل کیا صحیح اسناد سے کہ جب خط امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ کا یمن
سے پہونچا اس مضمون کا کہ قبیلہ ہمدان اسلام لائے اسیوقت پیغمبر خدا نے

سجدہ شکر کا کیا اور فرمایا اَلسَّلَامُ عَلٰی اَھْلِ ھَمْدَانَ اَلسَّلَامُ عَلٰی ھَمْدَانَ

اور عبد الرحمن بن عوف روایت کرتے ہیں کہ جب خوشخبری اللہ کی طرف سے

پیغمبر خدا کو پہونچی کہ جو ایکبار تجہپر درود بہیجیگا خداوند تعالی اس پر دس بار درود

بہیجیگا اور جو ایکبار تجہپر سلام بہیجیگا خداوند تعالی اوسپر دس بار سلام بہیجیگا

پیغمبر خدا نے اسوقت سجدہ شکر کیا اور سنن ابی داود میں ہے کہ پیغمبر خدا نے دعا

مین ہاتھ اوٹہایا بعد اسکے سجدہ کیا تین بار اور فرمایا کہ اپنی امت کی مین نے

شفاعت کی حق تعالے نے تہائی امت کو بخشدیا اسپر شکر کا سجدہ مینے کیا

جب سجدہ سے سر اوٹہایا دوسری بار پہر امت کی سفارش کی دوسرے تہائی

بہی بخشدی دوسری بار سجدہ شکر کا مینے کیا تیسری بار دعا کی ایک تہائی

اور بخشدی تیسری بار مینے سجدہ شکر کیا اور مسند مین امام احمد کی ثابت ہے

کہ پیغمبر خدا نے ایک شخص کو دیکہا قد بہت چہوٹا نہایت حقیر بدن ناقص

صورت سجدہ شکر کا کیا اور کعب بن مالک کو جب بشارت توبہ کے قبول

ہونے کی اللہ کے حضور مین پہونچی سجدہ شکر کا کیا اور امیر المومنین ابوبکر صدیق

رضی اللہ عنہ نے خبر قتل مسیلمہ کذاب کی سنی سجدہ شکر کا کیا اور امیر المومنین

علی رضہ نے جب ذو الثدیہ کو جو سرداروں سے خارجیوں کے تہا جنگ کے میدان مین

مرا دیکہا سجدہ شکر کا کیا **فصل سجدہ تلاوت کے بیان مین**

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کے سجدہ کو ترک نکرتے جب سجدہ کی آیت کی

پاس پہونچتے تکبیر کہتے اور سجدہ کرتے اور سجدہ کی حالت مین کہتے سَجَدَ

وَجْھِیَ لِلَّذِیْ خَلَقَہٗ وَصَوَّرَہٗ وَشَقَّ سَمْعَہٗ وَبَصَرَہٗ بِحَوْلِہٖ

وَقُوَّتِہٖ وَرُبَّمَا قَالَ اَللّٰھُمَّ احْطُطْ بِھَا وِزْرًا وَاکْتُبْ

لِیْ بِھَا اَجْرًا وَاجْعَلْھَا لِیْ عِنْدَکَ ذُخْرًا وَتَقَبَّلْھَا مِنِّیْ

كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ اور اس سجدہ مین منقول نہین ہے کہ جب سر سجدہ سے اوٹھاتے تکبیر بھی کہتے یا تشہد پڑھتے یا سلام پھیرتے اور صحیح ہوا کہ الم تنزیل مین اور سورہ صٓ مین اور النجم مین اور اذا السماء انشقت مین اور اقرء مین سجدہ کیا اور عمرو بن العاص نے کہا کہ پیغمبر خدا نے پندرہ سجدہ مجھکو سکھائے تین سجدہ مفصل مین اور دو سجدے سورہ حج مین اور ابو الدرداء نے کہا کہ پیغمبر خدا کے ساتھہ مین نے سجدہ کیا گیارہ جگہ کوئی انمین مفصل مین نہ تھا اور وہ گیارہ یہ ہے اعراف مین اور رعد اور نحل اور بنی اسرائیل اور مریم اور حج مین ایک اور فرقان اور نمل اور الم السجدہ اور صٓ اور حم سجدہ مین وَصَحَّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ سَجَدَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ وَفِي إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ اور ابو ہریرہ اسلام لائے پیچھے یعنے ساتوین برس ہجرت سے اسواسطے عالمون نے اس حدیث کو صحیت پکڑا ہے اور حدیث کو ابن عباس کے کہ لَمْ يَسْجُدْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمُفَصَّلِ مُنْذُ تَحَوَّلَ إِلَى الْمَدِينَةِ ساقط کیا اسواسطے کہ اسناد مین انکی ضعف ہے ابو ہریرہ ثابت کرتا ہے اور وہ انکار

فصل فضیلت مین روز جمعہ کی اور بیان مین اس دن کی عبادت پیغمبر خدا کی

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَضَلَّ اللهُ عَنِ الْجُمُعَةِ مَنْ كَانَ قَبْلَنَا وَكَانَ لِلْيَهُودِ يَوْمُ السَّبْتِ وَلِلنَّصَارَى يَوْمُ الْأَحَدِ فَجَاءَ اللهُ بِنَا فَهَدَانَا لِيَوْمِ الْجُمُعَةِ وَكَذٰلِكَ هُمْ تَبَعٌ لَنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَنَحْنُ الْآخِرُونَ مِنْ أَهْلِ الدُّنْيَا وَالْأَوَّلُونَ

يوم القيمة السابقون المقضى لهم قبل الخلائق ترمذى
عن أوس بن أوس يرفعه قال قال رسول الله صلى
الله عليه وسلم ان من افضل ايامكم يوم الجمعة
فيه خلق آدم وفيه قبض وفيه النفخة وفيه الصعقة
فاكثروا علىّ من الصلوة فيه فان صلوتكم معروضة
علىّ قالوا يا رسول الله وكيف تعرض صلوتنا
عليك وقد ارمت يعنى بليت قال رسول الله صلعم
ان الله عز وجل حرم على الارض ان تاكل اجساد
الانبياء رواه احمد ابن حبان والحاكم وعن ابى
هريرة يرفعه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
خير يوم طلعت فيه الشمس يوم الجمعة فيه خلق
آدم وفيه ادخل الجنة وفيه اخرج منها ولا تقوم
الساعة الا فى يوم الجمعة وفى صحيح الحاكم سيد
الايام يوم الجمعة وفى الموطا قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم خير يوم طلعت فيه الشمس
يوم الجمعة فيه خلق آدم وفيه اهبط وفيه
تيب عليه وفيه مات وفيه تقوم الساعة
وما من دابة الا وهى مصيخة يوم الجمعة من حين
يصبح حتى تغرب الشمس شفقا من الساعة الا الجن
والانس وفيه ساعة لا يصادفها عبد مسلم وهو
يصلى يسئال الله شيئا الا اعطاه اياه قال كعب ذلك

٦٣

فی کل سنة یوم فقلت بل فی کل جمعة فقرء
التوراة فقال صدق رسول الله صلی الله علیه وسلم
قال ابو هریرة ثم لقیت عبد الله بن سلام فحدثته
بمجلسی مع کعب فقال قد علمت ایة ساعة هی
فقلت فاخبرنی بها قال هی اخر ساعة فی یوم
الجمعة فقلت کیف وقد قال رسول الله صلی الله
علیه وسلم لا یصادفها عبد مسلم وهو یصلی
تلك الساعة لا یصلی فیها فقال عبد الله بن سلام
الم یقل رسول الله صلی الله علیه وسلم من
جلس مجلسا ینتظر الصلوة فهو فی الصلوة حتی
یصلی وعند الشافعی فی المسند اتی جبرئیل النبی
صلی الله علیه وسلم بمرآة بیضاء فیها نقطة
سوداء فقال النبی صلی الله علیه وسلم ما هذه
فقال هذه الجمعة فضلت بها انت وامتك و
الناس لکم فیها تبع الیهود والنصاری ولکم فیها
خیر وفیها ساعة لا یوافقها مؤمن یدعو الله بخیر
الا استجیب له وهو عندنا یوم المزید فقال النبی م
یا جبرئیل وما یوم المزید فقال ان ربك اتخذ فی
الفردوس وادیا افیح فیه کثیب من المسك فاذا کان
یوم الجمعة انزل الله ما شاء من ملائکته وحوله
منابر من نور علیها مقاعد النبیین وحفت تلك

المنابر من ذهب مكللة بالياقوت والزبرجد عليها الشهداء والصديقون فجلسوا من ورائهم على تلك الكثب فيقول انا ربكم وقد صدقتكم وعدي فاسئلوني اعطكم فيقولون ربنا نسألك رضوانك فيقول قد رضيت عنكم ولكم ما تمنيتم ولدي المزيد فهم يحبون الجمعة لما يعطيهم فيه ربهم من الخير وهو اليوم الذي استوى فيه ربك على العرش وفيه خلق آدم وفيه تقوم الساعة اور ابی بکر بن ابی داود نے طریقے اسکے اکٹھے کیے ہیں اور مختلف سندوں سے روایت کیا ہے حاصل انکا یہ ہے کہ یہ حدیث صحیح بہت بڑی ہے اور اسمیں فایدے اور بشارتیں اور مطلب بہت ہیں اور ابوہریرہ سے نقل ہے کہ آنحضرت سے کسی نے پوچھا کہ جمعہ نام رکھنے کا سبب کیا ہے فرمایا لان فیھا طبعت طينة ابيك آدم وفيها الصعقة والبعثة وفيها البطشة وفي آخر ثلاث ساعات منها ساعة من دعا الله فيها استجيب له اور کتاب صفت جنت میں جو تصنیف ہے ابی بکر بن ابی الدنیا کی مضبوط اسناد سے نقل ہے حذیفہ کی زبانی کہ پیغمبر خدا صلعم نے فرمایا اتاني جبرئيل وفي كفه مرآة كاحسن المرائي واضوءها واذا في وسطها لمعة سوداء فقلت ما هذه اللمعة التي ارى فيها قال هذه الجمعة قلت وما الجمعة قال يوم من ايام ربك عظيم وساخبرك بشرفه وفضله في الدنيا وما يرجى فيه لاهله وباسمه في الآخرة فاما شرفه وفضله في الدنيا فان الله عزوجل جمع فيه امر الخلق واما ما يرجى فيه لاهله

عه اس حدیث کو امام شافعی مقدسے اپنی مسند میں روایت کیا ہے ۱۲

بأن فيه ساعة لا يوافقها عبد مسلم أو أمة مسلمة يسأل الله فيها
خيرا إلا أعطاها إياه وأما شرفه وفضله في الآخرة واسمه فإن الله
تبارك وتعالى إذا صير أهل الجنة إلى الجنة وأهل النار إلى النار جرت
عليهم هذه الأيام وهذه الليالي ليس فيها ليل ولا نهار إنما علم
الله عز وجل مقدار ذلك وساعاته فإذا كان يوم الجمعة حين
يخرج أهل الجمعة نادى أهل الجنة مناد يا أهل الجنة اخرجوا إلى
وادي المزيد ووادي المزيد لا يعلم سعة طوله وعرضه إلا الله فيه كثبان المسك رؤوسها في
السماء قال فيخرج غلمان الأنبياء بمنابر من نور ويخرج غلمان المؤمنين بكراسي
من ياقوت فإذا وضعت لهم وأخذ القوم مجالسهم بعث الله إليهم ريحا
تدعى المثيرة تثير ذلك المسك وتدخله من تحت ثيابهم وتخرجه في
وجوههم وأشعارهم فتلك الريح أعلم كيف تصنع بذلك المسك من امرأة
أحدكم لو دفع إليها كل طيب على وجه الأرض قال ثم يوحي الله تبارك و
تعالى إلى حملة عرشه ضعوه بين أظهرهم فيكون أول ما يسمعون منه
إلي يا عبادي الذين أطاعوني بالغيب ولم يروني وصدقوا رسلي واتبعوا
أمري سلوني فهذا يوم المزيد فيجتمعون على كلمة واحدة رضينا عنك فارض
عنا فيرجع الله إليهم أن يا أهل الجنة إني لو لم أرض عنكم لم أسكنكم داري
فاسألوني فهذا يوم المزيد فيجتمعون على كلمة واحدة ربنا وجهك ننظر
إليه فيكشف تلك الحجب فيتجلى لهم عز وجل فيغشاهم من نوره شيء لولا
أنه قضى أن لا يحترقوا لاحترقوا لما يغشاهم من نوره ثم يقال لهم ارجعوا
إلى منازلكم فيرجعون إلى منازلهم وقد أعطي كل واحد منهم الضعف
على ما كانوا فيه فيرجعون إلى أزواجهم وقد خفوا عليهن وخفين

الّتی کانوا علیہا فتقول لہم ازواجہم لقد خرجتم من عندنا علی صورۃ
وردتم علی غیرہا فیقولون ذلک ان اللہ عزّ وجلّ تجلّی لنا فنظرنا منہ
قال انہ واللہ ما احاط بہ خلق ولکنہ قد اراہم من عظمتہ وجلالہ
قال فذلک قولہ نظرنا منہ قال فہم یتقلبون فی مسک الجنۃ فی کل
سبعۃ ایام الضعف علی ما کانوا فیہ قال رسول اللہ صلعم فذلک قولہ فلا
تعلم نفس ما اخفی لہم من قرۃ اعین جزاء بما کانوا یعملون وفی لفظ فاذا
کان یوم الجمعۃ من ایام الاٰخرۃ ہبط الرب من عرشہ الی کرسیہ ویحف
الکرسی منابر من نور یجلس علیہا النبیون ویحف المنابر بکراسی من ذہب
یجلس علیہا الصدیقون والشہداء ویہبط اہل الغرف من غرفہم
یجلسون علی کثبان المسک لا یرون لاہل المنابر والکراسی فضلا فی
المجلس ثم یتبدّی لہم ذو الجلال فیقول سلونی فیقولون باجمعہم
نسألک الرضاء یا رب فیشہد لہم علی الرضاء ثم یقول سلونی فسلوہ
حتی تنتہی نہمۃ کل عبد قال ثم یسعی علیہم ما لا عین رأت ولا اذن
سمعت ولا خطر علی قلب بشر ثم یرتفع الجبار عن کرسیہ الی عرشہ
ویرتفع اہل الغرف الی غرفہم وہی غرفۃ من لؤلؤ بیضاء او یاقوتۃ
حمراء او زمردۃ خضراء لیس فیہا فصم ولا وصم مطردۃ فیہا انہارہا
متدلیۃ فیہا ثمارہا فیہا ازواجہا وخدمہا ومساکنہا قال فاہل
الجنۃ یتباشرون فی الجنۃ بیوم الجمعۃ کما یتباشر اہل الدنیا فی الدنیا
بالمطر

فصل

عادت آنحضرت صلعم کی یہ تھی کہ جمعہ کے دن کی تعظیم کرتے
اور ہر طرح کی عبادت بجالاتے چنانچہ انشاء اللہ بیان ہوگا اور علما کو کچھ دونوں میں

فضیلت مین جمعہ کے دن کی اور عرفے کی دن کی بعضی کہتے ہین عرفے کا دن افضل ہے اور
بعضے کہتے ہین جمعہ کا دن افضل ہے اور نماز صبح مین جمعہ کے دن پیغمبر خدا سورہ الم السجدہ
اور ہل اتی علی الانسان پڑھتے اور مراد تھا ضعیف پہونچانا امت کو اوس سے جو ان دونون
سورو مین بیان ہے پیدایش کا حضرت آدم علیہ السلام کی اور ذکر آخرت اور خلق کے
اوٹھنے کا اور احوال کا انکے جنت اور آگ مین اور سجدے کی تخصیص مراد نہ تھی جیسا بعضون
نے گمان کیا ہے کہ اگر یہہ دو سورہ پڑہ نہ سکے تو بدلے انکے دوسرا سورہ جسمین سجدہ ہو پڑھے
یا ایک ہی سورہ سے پہلی رکعت مین آیت سجدہ تک پڑھے اور دوسری مین تمام کرے
اسی سے نکلتا ہے گمان اون دو سورے کے پڑھنے مین انکے اس قدر کیا تھا اسکی
ان عالمون کو خبر نہین ہے اور ان دو سورے کا پڑھنا نماز صبح مین روز جمعہ کا
خاصہ ہے دوسرے خاصیت یہہ ہے کہ مستحب ہے اسدن اور رات مین آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم پر درود بہت بھیجے اور حدیث صحیح مین آیا ہے اکثروا من الصلوٰۃ
علی یوم الجمعۃ ولیلۃ الجمعۃ اور تیسری خاصیت جمعہ کی نماز کی ہے
کہ وہ بڑے فرضون سے اسلام کے ہے اور جو اوسکے ادا کرنے مین سستی کریگا دل
پر اوسکی مہر کیجائیگی اور آدمی جتنا دنیا مین جمعہ کے دن امام سے نزدیک صف
مین بیٹھیگا اوتنا ہی مزید کے دن اللہ پاک سے نزدیک ہوگا چوتھی خاصیت
غسل کا اسدن مستحب ہونا اور بعضون کے نزدیک واجب ہونا ہے اور دلیل
واجب ہونیکی اسکی قوی ہے وتر کے واجب ہونیکی دلیل سے اور عورت کو
چہونے سے وضو کی دلیل سے اور قہقہے اور ناک سے خون جلنے اور سینگی
لگانے اور قے سے وضو کی دلیل سے اور تشہد مین درود پیغمبر پر بھیجنا واجب
ہونیکی دلیل سے پانچوین خاصیت خوشبو کا استعمال کرنا اور خوشبو لگانا
اس قدر افضل ہے چھٹی خاصیت مسواک کرنا اس دن مین افضل ہے

ساتوین خاصیت کاروبار دنیا سے جلد ہی فراغت کرکے سویرے نماز کو حاضر ہو کر ادا کرنا آٹھوین مشغول ہونا نماز اور تلاوت مین قرآن کی اس وقت تک کہ امام خطبہ کو کھڑا ہو نوین چپ ہونا خطبہ سُننے کے واسطے واجب کی طرح ہے بعض علما کے نزدیک دسوین سورہ کہف اس دن پڑھنا اسواسطے کہ پیغمبر نے فرمایا مَنْ قَرَءَ سُوْرَةَ الْکَھْفِ فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَۃِ سَطَعَ لَہٗ نُوْرٌ مِّنْ تَحْتِ قَدَمِہٖ اِلیٰ عَنَانِ السَّمَآءِ یُضِیْءُ بِہٖ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَغُفِرَلَہٗ مَا بَیْنَ الْجُمُعَتَیْنِ دو جمعہ کے گیارہوین نماز نفل ٹھیک دوپہر کو جمعہ کے دن مکروہ نہین ہے اور دنون مین مکروہ ہے اور یہہ مذہب بہت عالمون کا ہے اسواسطے کہ ابو قتادہ نے روایت کیا کہ پیغمبر صلعم مکروہ جانتے تہے دوپہر کے وقت نماز کو سوا جمعہ کے دن اور فرمایا دوزخ کو اسوقت ہر روز تاپ دیتے ہین اور حدیث صحیح مین آیا ہے کہ مستحب ہے نماز نفل جمعہ کے دن خطبہ کی وقت تک اور شافعی نے کسی طرح کے سند سے روایت کیا ہے کہ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلٰوۃِ نِصْفَ النَّھَارِ حَتّٰی تَزُوْلَ الشَّمْسُ اِلَّا یَوْمَ الْجُمُعَۃِ علما مین اس مسئلہ مین کئی قول ہین ایک یہہ کہ آدہا دن وقت کراہت کا نہین ہے کسی روز اور یہہ مذہب امام مالک کا ہے دوسرا قول یہہ ہے کہ دوپہر کا وقت کراہت کا ہے جمعہ ہو یا غیر جمعہ اور یہہ مذہب امام ابوحنیفہ کا ہے اور ایک قول امام احمد کا بہی یہی ہے تیسری یہہ کہ دوپہر وقت کراہت کا ہے سوا روز جمعہ کے اور یہہ مذہب امام شافعی کا ہے اور ساری مخلوق کا بارہوین مستحب ہے سورہ جمعہ اور سورہ منافقین کا نماز جمعہ مین پڑہنا یا سبح اسم ربک الاعلیٰ اور غاشیہ کا اسواسطے کہ ایک قرأت ان دونون سے آنحضرت صلعم ہمیشہ پڑہتے تہے اور مختص کرنا بعضے پر سورہ جمعہ اور منافقون کے مستحب نہین ہے تاکہ سنت کے

خلاف ہے اور جاہل امام سب انون ہی پڑھتے ہین تیرہوین عید ہے امت
کے واسطے کہ ہر ہفتہ مین مکرر ہوتی ہے سنن ابن ماجہ مین نقل ہے زبانی ابولبابہ
کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے اِنَّ یَومَ الجُمُعَۃِ سَیِّدُ الاَیَّامِ وَاَعظَمُہَا عِندَ
اللّٰہِ وَہُوَ اَعظَمُ عِندَ اللّٰہِ مِن یَومِ الاَضحٰی وَیَومِ الفِطرِ فِیہِ خَمسُ خِصَالٍ
خَلَقَ اللّٰہُ وَاَہبَطَ اللّٰہُ فِیہِ اٰدَمَ اِلَی الاَرضِ وَفِیہِ تَوَفَّی اٰدَمَ
وَفِیہِ سَاعَۃٌ لَا یَسئَالُ اللّٰہَ فِیہِ العَبدُ شَیئًا اِلَّا اَعطَاہُ مَا لَم
یَسئَال حَرَامًا وَفِیہِ تَقُومُ السَّاعَۃُ مَا مِن مَلَکٍ مُقَرَّبٍ وَلَا
سَمَاءٍ وَلَا اَرضٍ وَلَا رِیَاحٍ وَلَا جِبَالٍ وَلَا شَجَرٍ اِلَّا ہُنَّ یُشفِقنَ مِن
یَومِ الجُمُعَۃِ چودہوین یہ مستحب ہے کہ بہتر کپڑا اور اچھا لباس اپنے مقدور کے موافق
پہنکر نماز کو حاضر ہو اور امام احمد کی مسند مین ہے مَنِ اغتَسَلَ یَومَ الجُمُعَۃِ
وَمَسَّ مِن طِیبٍ اِن کَانَ لَہُ وَلَبِسَ مِن اَحسَنِ ثِیَابِہٖ ثُمَّ خَرَجَ عَلَیہِ
السَّکِینَۃُ حَتّٰی یَاتِیَ المَسجِدَ فَیَرکَعَ اِن بَدَا لَہُ وَلَم یُؤذِ اَحَدًا
ثُمَّ اَنصَتَ اِذَا خَرَجَ اِمَامُہُ حَتّٰی یُصَلِّیَ کَانَت کَفَّارَۃً لِمَا
بَینَہُمَا اور سنن ابی داود مین نقل ہے عبد اللہ بن سلام کی زبانی اَنَّہُ سَمِعَ
رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ یَقُولُ عَلَی المِنبَرِ فِی یَومِ الجُمُعَۃِ
مَا عَلٰی اَحَدِکُم لَوِ اشتَرٰی ثَوبَینِ لِیَومِ الجُمُعَۃِ سِوٰی ثَوبَی مِہنَتِہٖ
پندرہوین تجمیر مسجد یعنی عود جلانا اور خوشبو کرنا مسجد کو اور حضرت امیر المومنین عمر
ہر جمعہ کے روز مسجد کی تجمیر کرتے سولہوین سفر کو نکلنا جمعہ کے دن بعد دوپہر کے حرام ہے
اوسکو جسپر جمعہ واجب ہے جبتک نماز نہ پڑھ جاوے یہ مذہب ساری عالمون کا ہے
لیکن امام ابو حنیفہ کے نزدیک روا ہے دارقطنی نے روایت کی کہ پیغمبر خدا صلعم نے
فرمایا مَن سَافَرَ مِن دَارِ اِقَامَتِہٖ یَومَ الجُمُعَۃِ دَعَت عَلَیہِ المَلٰئِکَۃُ اَن لَا

يُصْحَبُ فِي سَفَرِهِ وَقَالَ حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ إِذَا سَافَرَ الرَّجُلُ يَوْمَ
الْجُمُعَةِ دَعَا عَلَيْهِ النَّهَارُ أَنْ لَا يُعَانَ عَلَى حَاجَتِهِ وَلَا يُصْحَبُ فِي
سَفَرِهِ ستر ہیں جو نماز جمعہ کو پیدل جایا کریگا ہر قدم پر ثواب ایک برس کے روزہ
پاویگا اور مسند میں امام احمد کی اور مسند میں عبد الرزاق کی ہے مَنْ غَسَّلَ وَ
اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَبَكَّرَ وَابْتَكَرَ وَدَنَا مِنَ الْإِمَامِ فَأَنْصَتَ كَانَ لَهُ
بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَخْطُوهَا صِيَامُ سَنَةٍ وَقِيَامُهَا وَذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ
اٹھارہویں یہہ گناہ سے پاک ہونیکا دن ہے سلیمان نے نقل کیا کہ پیغمبر خدا نے ہم کو فرمایا
أَتَدْرِي مَا يَوْمُ الْجُمُعَةِ قُلْتُ هُوَ الْيَوْمُ الَّذِي جَمَعَ اللَّهُ أَبَاكُمْ فِيهِ قَالَ
لَكِنِّي أَدْرِي مَا يَوْمُ الْجُمُعَةِ لَا يَتَطَهَّرُ الرَّجُلُ فَيُحْسِنُ طُهُورَهُ ثُمَّ
يَأْتِي الْجُمُعَةَ فَيُنْصِتُ حَتَّى يَقْضِيَ الْإِمَامُ صَلَاتَهُ إِلَّا كَانَ كَفَّارَةً
لِمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الْمُقْبِلَةِ بہت حدیثیں اس باب میں وارد ہیں انیسویں
دوزخ کو دوپہر کی وقت آنچ دیتے ہیں سوا روز جمعہ کے اسواسطے کہ فضل دن
اور عبادت و طاعت اس دن میں زیادہ سب دنوں سے واقع ہوتی ہے اور گناہ
سے پرہیز میں سچے ہیں اور یہہ ہی معنی حدیث کی ہیں کہ دوزخ اسدن میں گرم
نہیں ہوتی بیسویں یہہ کہ اس دن میں ساعت قبولیت کی ہے جو بندہ کہ
اس ساعت میں حاجت مانگی مقبول ہوگی صحیحین میں ثابت ہے إِنَّ فِي
الْجُمُعَةِ لَسَاعَةً لَا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي يَسْأَلُ
اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِيَّاهُ وَقَالَ بِيَدِهِ يُقَلِّلُهَا اور علما
کو اس ساعت میں اختلاف ہے دو طرح پر بعضے کہتے ہیں کہ باقی نہیں ہے زمانہ
میں رسول اللہ کے اوٹھ گئی اور صحیح قول یہہ ہے کہ باقی ہے لیکن وقت کے
تعین میں اوسکے اختلاف کرتی ہیں کہ ایک وقت معین جمعہ کے دن میں ہے

یا اسکا کوئی وقت معین نہیں اور جو لوگ کہتے ہین کہ وقت اسکا معین ہے
اسمین بھی گیارہ قول ہین پہلا قول ابوہریرہ سے روایت ہی کہ وہ ساعت فجر نکلنے
کے بعد ہی آفتاب کے نکلنے تک اور بعد نماز عصر کے ہے غروب ہونے تک دوسرا
قول زوال کے وقت اور یہہ قول حسن بصری اور ابو العالیہ کا ہے تیسرا وہ وقت ہے
کہ موذن شروع کرتا ہے اذان جمعہ کی اور یہہ عائشہ سے روایت ہی چوتھا وہ
ساعت کہ امام منبر پر بیٹھے اوس وقت تک کہ نماز سے فراغت کرے پانچوان
وہ وقت ہی کہ نماز جمعہ کی پڑہتا ہے چھٹا آفتاب ڈہلنی اور جمعہ ادا کرنے کے درمیان
ہے ساتوین جب آفتاب ڈہل جاوے ایک بالشت سی ایک گز تک آٹھوان عصر کے
وقت سے آفتاب ڈوبنی تک نوان آخر ساعت دن کی اور یہہ قول بہت صحابہ اور
تابعین کا ہے دسوان وہ وقت ہی کہ امام باہر آوی جبتک وہ نماز سی فراغت
کرے گیارہوان تیسری ساعت ہے آخر جمعہ کے دن کی اور معتبر قولون مین وہ قول
ہے امام کے بیٹھنے سی منبر پر تمام ہونے تک نماز کے اور دلیل اسکی حدیث صحیح ہے
وَهِیَ مَا بَیْنَ یَجْلِسُ الْاِمَامُ اِلٰی اَنْ یُقْضَی الصَّلٰوةُ اور قول دوسرا بعد
عصر کے ہے اور یہہ ترجیح رکھتا ہے اور قولون مین دلیل اسکی صحیح ہے اِنَّ فِی
یَوْمِ الْجُمُعَةِ لَا یُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ یَسْئَلُ فِیْهَا خَیْرًا اِلَّا اَعْطَاهُ اِیَّاهُ
وَهِیَ بَعْدَ الْعَصْرِ اور سنن ابوداود مین جابر سے روایت ہی کہ پیغمبر صلعم نے
فرمایا جمعہ مین بارہ ساعتین ہین انمین ایک ساعت ہے کہ نہین پاتا ہی مسلمان مانگتا
ہے اللہ سے اوسمین کوئی چیز مگر دیتا ہے اسکو وہ چیز سو ڈہونڈہو اوسکو آخر ساعت
مین بعد عصر کے سنن مین سعید بن منصور کی آیا ہے کہ جماعت صحابہ کی
ایک جگہ جمع ہوئی اور ٹھہرانے مین اس ساعت کی بحث کرنے لگی اور اس مجلس سے
اوٹھے اور دن کی آخر ساعت ٹھہرنے مین اوسکی کسی نے انمین سے اختلاف نکیا

وفی سنن ابن ماجہ عن عبد اللہ بن سلام قال قلت یا
رسول اللہ جالس انا لنجد فی کتاب اللہ فی یوم الجمعۃ ساعۃ
لا یوافقھا عبد مؤمن یصلی یسأل اللہ عز وجل فیھا شیئا الا
قضی لہ حاجتہ قال عبد اللہ فاشار الی رسول اللہ او بعض ساعۃ
فقلت صدقت یا رسول اللہ او بعض ساعۃ قلت ای ساعۃ ھی قال
اخر ساعۃ من ساعات النھار قلت انھا لیست ساعۃ صلوۃ قال
بلی ان العبد المؤمن اذا صلی ثم جلس لا یجلسہ الا الصلوۃ فھو
فی الصلوۃ وفی مسند الامام احمد عن ابی ھریرۃ قال قیل للنبی
صلی اللہ علیہ وسلم لای شیء سمی یوم الجمعۃ قال لان فیھا
طبعت طینۃ ابیک ادم وفیھا الصعقۃ والبعثۃ والبطشۃ
وفی اخر ثلث ساعات فیھا ساعۃ من دعا اللہ فیھا استجیب لہ

اکیسوین خیرات مین اس دن کی فوائد زیادہ ہے صدقے سے سب دنون کے بائیسوین
جمعہ کی نماز کہ خطبے کے ساتھ ہے مخصوص ہے شرطون کے اور ان باتون سی کہ اسکے
غیر مین وہ باتین موجود نہین ہین جیسی اقامت کی شرط ہے اگر وطن مین نہو
دوسرے وطن مین آنا اور جہر قرات مین اور سوا اسکے تیسوین وہ جمعہ ایک دن
ہے مستحب فارغ ہونے کے واسطے عبادت کے لیے اور زیادتی اسکی ہے سب دنون پر
جیسی زیادتی رمضان کی ہے سب مہینون پر برس کے مخصوصیت عبادت واجب
مین بھی ہے اور مستحب مین بھی ہے اور جیسا ہر ملت والی کے واسطے ایک دن معین
ہوا کہ اوس دن عبادت کے واسطے فراغت کرین اور دنیا وی شغل چھوڑ دین
جمعہ کا دن اس امت مرحومہ کی واسطے معین ہوا اور قبولیت کی ساعت
اوس دن کی مثل شب قدر کے ہے رمضان مین اور اسی سبب سے علما کہتے ہین

اُجسکو جمعہ کا روز حاصل ہوا اور گناہون سے بچا سارا ہفتہ اسکو حاصل ہوا
اور رمضان کا مہینا جسکو ہاتھ لگا باقی سب مہینے اوسکو حاصل ہوئے اور
جسکو حج بیت اللہ کا حاصل ہوا اور بدی کامون سے بچا رہا تمام عمر اسکو حاصل
ہوئی روز جمعہ کا ترازو تمام ہفتے کا ہے اور مہینا رمضان کا ترازو تمام سال کے
اور حج بیت اللہ کا ترازو تمام عمر کی چوبیسوین جمعہ ہفتہ مین ایسا ہی جیسا برس
مین عید اور عید مین نماز ہے اور قربانی جمعہ بہی نماز کو شامل ہے اور اللہ
نے جلدی جانا مسجد مین قربانی کے بدلے رکہا ہی اور قایم مقام اوسکی کیا حدیث
مین ہے مَنْ رَاحَ فِي السَّاعَةِ الْأُولَى فَكَأَنَّمَا قَرَّبَ بَدَنَةً وَمَنْ رَاحَ فِي
السَّاعَةِ الثَّانِيَةِ فَكَأَنَّمَا قَرَّبَ بَقَرَةً وَمَنْ رَاحَ فِي السَّاعَةِ الثَّالِثَةِ فَكَأَنَّمَا
قَرَّبَ كَبْشًا وَمَنْ رَاحَ فِي السَّاعَةِ الرَّابِعَةِ فَكَأَنَّمَا قَرَّبَ دَجَاجَةً اور اس
ساعت مین اختلاف ہے بعضے عالمون نے گمان ساعت فلکی پر کیا ہی اور کہتی ہین کہ تبکیر
مستحب ہے بعد طلوع آفتاب کے اور یہہ مذہب شافعی کا ہے اور بہتیرے عالمونکا اور بعضون نے
قیاس کیا ہے ساعت عرضی پر زوال کے بعد کہ عبارت ہے اجزاء لطیفہ زمانہ کی اور یہہ
مذہب مالک کا ہی اور ایک گروہ کا اہل مدینہ سے پچیسوین جمعہ کا دن تجلی کا حق جل شانہ
کے سب بندون پر بہشت مین چہبیسوین یہہ کہ حق جلشانہ نے قسم اسکی یاد فرمائی سب
دنون مین قال اللہ تعالی وَشَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْيَوْمُ الْمَوْعُودُ يَوْمُ الْقِيَامَةِ وَالْمَشْهُودُ يَوْمُ عَرَفَةَ وَالشَّاهِدُ
يَوْمُ الْجُمُعَةِ مَا طَلَعَتْ شَمْسٌ وَلَا غَرَبَتْ عَلَى أَفْضَلَ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فِيهِ
سَاعَةٌ لَا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُؤْمِنٌ يَدْعُو اللَّهَ فِيهَا بِخَيْرٍ إِلَّا اسْتَجَابَ لَهُ
أَوْ يَسْتَعِيذُ مِنْ شَرٍّ إِلَّا أَعَاذَهُ مِنْهُ ستائیسوین آسمان اور زمین اور پہاڑ
اور دریا اور سب خلق آدمی و شیطان کے سوا جمعہ کے دن سے ڈرتے ہین قال کعب

له السموات والارض والجبال والحجر والخلائق كلها الا ابن آدم و
الشياطين اٹھائیسویں یہ دن کہ حق تعالیٰ نے اسکو امت مرحومہ کے واسطے ذخیرہ کیا
اور سابقین اس سے محروم ہیں اوسکی راہ نہ ملی قال صلى الله عليه وسلم ذخره
الله لنا وقال ما طلعت الشمس ولا غربت على يوم خير من يوم الجمعة
هدانا الله له واضل الناس عنه والناس لنا تبع فيه الحديث
انتیسویں اللہ کا مقبول ہے یہ دن سب دنوں میں جیسا رمضان مقبول ہے سب
مہینوں میں اور شب قدر سب راتوں میں اور مکہ سب شہروں میں قال كعب ان
الله اختار الشهور فاختار شهر رمضان واختار الايام فاختار
يوم الجمعة واختار الليالي فاختار ليلة القدر تیسویں جمعہ کے دن روح
مومنوں کی قبروں سے اپنی نزدیک ہوتی ہے اور دیکھنے والوں کو اور دنوں کے
نسبت کچھ زیادہ پہچانتی ہے اکتیسویں جمعہ کے دن صرف روزہ رکھنا اکثر علما کے
نزدیک مکروہ ہے قال محمد بن عباد سألت جابرا انهى رسول الله
صلى الله عليه وسلم عن صوم يوم الجمعة قال نعم ورب هذه
البنية وفي الصحيحين قال صلى الله عليه وسلم لا يصوم احدكم
يوم الجمعة الا يوما قبله او بعده اللفظ للبخاري ولمسلم لا تختصوا
يوم الجمعة بصيام من بين الايام الا ان يكون في صوم يصوم
احدكم وعن جويرية بنت الحارث ان النبي صلى الله عليه
وسلم دخل عليها يوم الجمعة وهي صائمة فقال اصمت امس قالت
لا قال تريدين ان تصومي غدا قالت لا قال فافطري وقال
صلى الله عليه وسلم لا تصوموا يوم الجمعة وحده قال يوم الجمعة

يَوْمُ عِيْدٍ فَلَا تَجْعَلُوْا يَوْمَ عِيْدِكُمْ يَوْمَ صِيَامِكُمْ اِلَّا اَنْ تَصُوْمُوْا قَبْلَهُ اَوْ بَعْدَهُ یعنی یوں خاص ہے بہ اجماع کے واسطے موعظ کے اور وعظ و نصیحت کی واسطے

فصل بیان میں خطبہ کی جو جمعہ کے دن نبی صلعم پڑھتے

جب خطبہ پڑھتے آواز بلند کرتے اتنی کہ آنکھیں آپکی سرخ ہو جاتیں اور اثنا خطبہ میں فرماتے بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ اور کلمہ کی انگلی اور بیچ کی انگلی کو جمع فرماتے اور بعد اسکے کہتے اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ خَيْرَ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ وَخَيْرَ الْهُدٰى هَدْيُ مُحَمَّدٍ وَشَرَّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ وَاَنَا اَوْلٰى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ نَفْسِهِ مَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِاَهْلِهِ وَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا اَوْ ضَيَاعًا فَاِلَيَّ وَعَلَيَّ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِيْ لَفْظٍ لَهُ كَانَتْ خُطْبَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ يَحْمَدُ اللّٰهَ وَيُثْنِيْ عَلَيْهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهُ ثُمَّ يَقُوْلُ مَنْ يَهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ وَمَنْ يُضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهُ وَخَيْرُ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ وَزَادَ النَّسَائِيُّ وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ وَكُلُّ ضَلَالَةٍ فِي النَّارِ اور کبھی کہتے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِيْنُهُ وَنَسْتَغْفِرُهُ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ وَمَنْ يُضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهُ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ اَرْسَلَهُ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَقَدْ رَشَدَ وَمَنْ يَّعْصِهِمَا فَاِنَّهُ لَا يَضُرُّ اِلَّا نَفْسَهُ وَلَا يَضُرُّ اللّٰهَ شَيْئًا اور سورہ قٓ بہت منبر پر پڑھتے قَالَتْ اُمُّ هِشَامٍ بِنْتُ حَارِثَةَ مَا حَفِظْتُ قٓ اِلَّا مِنْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ بِهَا عَلَى الْمِنْبَرِ وَحُفِظَ مِنْ خُطْبَتِهِ مِنْ رِوَايَةِ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُدْعَانَ وَفِيْهَا

صعنت يا أيها الناس توبوا إلى الله قبل أن تموتوا وبادروا بالأعمال
الصالحة وصلوا الذي بينكم وبين ربكم بكثرة ذكركم له و
كثرة الصدقة في السر والعلانية تؤجروا وتحمدوا وترزقوا و
اعلموا أن الله عز وجل قد فرض عليكم الجمعة مكتوبة في مقا
هذا في شهري هذا في عامي هذا إلى يوم القيمة من وجد
إليه سبيلا فمن تركها في حياتي أو بعدي جحودا بها واستخفافا
بها وله إمام جائر وعادل فلا جمع الله شمله ولا بارك
في أمره ألا ولا صلوة له ألا ولا صوم له ألا ولا زكوة له ألا
ولا حج له ألا ولا بر له حتى يتوب فإن تاب تاب الله عليه ألا
ولا تؤمن امرأة رجلا ألا ولا يؤمن أعرابي مهاجرا ألا ولا
يؤم فاجر مؤمنا إلا أن يقهره سلطان يخاف سيفه وسو

اور خطبہ چھوٹا پڑھتے اور نماز دراز کرتے اور فرماتے کہ نماز میں دیر کرنا اور خطبہ
چھوٹا پڑھنا آدمی کی عقل کی نشانی ہے اور خطبہ مین اسلام کے قاعدے بیان
کرتے اور دین کی مشکل باتین تعلیم کرتے اور اگر خطبہ کی درمیان کوئی حاجت
پیش آتی یا کوئی سائل سوال کرتا تو خطبہ کو موقوف کرتے اور حاجت روا
فرماتی اور سائل کو جواب دیتے اسکے بعد خطبہ کو تمام کرتے اور اگر کسی درویش
یا محتاج کو جماعت کے درمیان دیکھتے حاضر تو اسکی واسطے حکم فرماتے دینے
کا اور لوگون کو ترغیب دینے پر کرتے اور جب خدا کا نام یاد کرتے کلمہ کی انگلی سے
اشارہ فرماتے اور جب جماعت سب حاضر ہوتی خطبہ کے واسطے باہر
تشریف لاتے تنہا اور کوئی خادم اور حاجب کی نہ ہوتا اور طیلسان اور اس
طرح اور سیاہ کپڑا اور اس قسم کے کپڑے پہننے کی عادت نہ تھی اور جب

مسجد مین آتے حاضرین پر سلام کہتے اور جب منبر پر آتے مونہہ لوگون کی
طرف کرتے اور دوسری بار سلام کرتے تب بیٹھ جاتے اور بلال اذان شروع کرتے
جب اذان ہو چکتی اوٹھتے اور خطبہ پڑھتے اور کچھہ دیر کرتے خطبہ اور اذان کے
درمیان اور تلوار اور تیر ہاتھہ مین نہ لیتے بلکہ تکیہ کمان یا عصا پر کرتے اور
یہہ بہی منبر بننے سے پہلے کیا تہا لیکن منبر بننے کی بعد صحیح نہین ہوا کہ کسی چیز
پر تکیہ کیا ہو کمان یا عصا پر یا سوا اسکے اور درمیان دو خطبون کے ایک لحظہ بیٹھتے
اور جب دوسرے خطبہ سے فراغت کرتے بلال اقامت کہتے خطبہ کے وقت لوگون
کو نزدیک بیٹھنے کی واسطے فرماتے اور چپ رہنے کے واسطے حکم کرتے اور فرماتے

اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا قَالَ لِصَاحِبِهٖ اَنْصِتْ فَقَدْ لَغَا وَمَنْ لَغَا فَلَا جُمُعَةَ
لَهٗ وَكَانَ يَقُوْلُ مَنْ تَكَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ فَهُوَ
كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا وَالَّذِيْ يَقُوْلُ اَنْصِتْ لَيْسَ لَهٗ جُمُعَةٌ اور
فرمایا يَحْضُرُ الْجُمُعَةَ ثَلٰثَةُ نَفَرٍ رَجُلٌ حَضَرَهَا بِلَغْوٍ وَهُوَ حَظُّهٗ مِنْهَا
وَرَجُلٌ حَضَرَهَا بِدُعَاءٍ فَهُوَ رَجُلٌ دَعَا اللّٰهَ اِنْ شَاءَ اَعْطَاهُ وَ
اِنْ شَاءَ مَنَعَهٗ وَرَجُلٌ حَضَرَهَا بِاِنْصَاتٍ وَسُكُوْتٍ وَلَمْ يَتَخَطَّ
رَقَبَةَ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُؤْذِ اَحَدًا فَهِيَ لَهٗ كَفَّارَةٌ اِلَى الْجُمُعَةِ الَّتِيْ تَلِيْهَا
وَزِيَادَةُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ وَذٰلِكَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُوْلُ مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ
فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ذَكَرَهٗ اَبُوْ دَاوٗدَ اور جب بلال اذان کہہ چکتے پیغمبر خدا
صلے اللہ علیہ وسلم خطبہ شروع کرتے اور کوئی سنت پڑہنی کو نہ اوٹہتا اور بعضی علما
جو جمعہ کی سنت کے قایل ہوئے ہین قیاس ظہر پر کرتے ہین اور ثابت کرنا سنت
کا قیاس سے جایز نہین ہے اور امام لوگ اور عالم بعضے جو سنتون مین نماز کی کتابین تصنیف
کی ہین اور سنت نمازونکو جمع کیا ہے سنت مین نماز جمعہ سے پہلے کچھہ وات

فائدہ

نہین کیا اور لیکن بعد جمعہ کے جب گہر مین پہر آتے چار رکعت نماز ادا کرتے
اور اگر مسجد مین پڑہتے دو رکعت پڑہتے اور فرماتے مَنْ کَانَ مِنْکُمْ مُصَلِّیًا
بَعْدَ الْجُمُعَةِ فَلْیُصَلِّ بَعْدَهَا اَرْبَعًا

فصل نماز عید کے بیان مین

عادت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہہ تہی کہ عید کی نماز کو
عیدگاہ مین پڑہتے وہ ایک مقام ہے مدینہ کے باہر اور ایک عید ہوئی تہی مدینہ مین اوسکی نماز
مسجد مین پڑہی گئی تہی اور عید کے دن کپڑا اچہا پہنتے اور ایک حلہ تہا بہت
نفیس عیدین مین اور جمعہ مین اوسکو پہنتے اور کبہی چادر خطدار سبز یا سرخ پہنتے
اور باہر نکلنے سے پہلے عیدگاہ مین عید الفطر کے دن چند خرمے افطار کرتے اور
گنتی اسکی طاق ہوتی اور عید الاضحی مین کہانا نہ کہاتے جبتک پہر نہ آتے نماز سے
اور عید کی واسطے غسل کرتے اور اس باب مین دو حدیثین آئی ہین اور دونون ضعف
سے خالی نہین ہین لیکن ابن عمر رضہ سے صحیح ہوا ہے کہ عید کی واسطے غسل کرے
اور بہت مبالغہ کرنا اونکا سنت کی متابعت مین اس بات کو بتاتا ہے کہ حدیث اس
باب مین صحیح ہے اور عیدگاہ مین پیادہ جاتے اور چہوٹے نیزہ کو اونکی منہ کی سامنے
لے چلتے اور جب عیدگاہ مین پہونچتے اسکو اپنے مونہہ کے سامنے عیدگاہ مین گاڑتے
اسواسطے کہ اوس وقت مین مصلے ایک میدان تہا اور دیوار اور محراب نہ تہا اور نماز
عید الفطر مین دیر کرتے اور نماز عید الضحی جلدی ادا کرتے اور عبد اللہ بن عمر کی
پیروی مین سنت کی کوئی نکتہ بیکار نہین چہوڑتے آفتاب نکلنے کے بعد گہر سے عیدگاہ
کی طرف چلتے اور تمام راہ مین تکبیر کہتے برابر شور سے اور پیغمبر خدا عیدگاہ مین پہونچتے
ہی اول نماز شروع کرتے نہ اذان ہوتی نہ اقامت اور نہ الصَّلٰوةُ جَامِعَةً
پکارا جاتا اور سنت یہہ ہے کہ انہین سے کچہہ نہ کرے پہلی رکعت مین سات تکبیر کہتے ایک
کے بعد ایک اور دو کے درمیان تہوڑی دیر چپ رہتے کوئی تسبیح اور ذکر معین وہ

دونوں تکبیروں کے درمیان روایت نہیں ہے اور رکعت پہلی میں سورہ ق والقرآن
المجید پڑھتا اور دوسری میں اقتربت الساعۃ اور کبھی مختصر سبح اسم ربک الاعلیٰ اور ہل اتاک حدیث
الغاشیہ پر فرماتے اور اسکی سوا کچھ صحیح نہیں ہوا اور جب دوسرے سجدہ سے سر اٹھاتے
تکبیر شروع کرتے اور پانچ تکبیر ایک پیچھے دوسری کہتے اور اسوقت قرات شروع
کرتے اور بعضی حدیثوں میں روایت ہے وَالٰی بَیْنَ الْقِرَائَتَیْنِ فَکَبَّرَ اَوَّلًا ثُمَّ قَرَءَ
وَرَکَعَ فَلَمَّا قَامَ فِی الثَّانِیَۃِ قَرَءَ وَجَعَلَ التَّکْبِیْرَ بَعْدَ الْقِرَاءَۃِ لیکن یہہ حدیث
صحیح نہیں ہے اس سبب سے کہ محمد بن معاویہ جو راوی اس حدیث کا ہے مجروح ہے سب
عالموں کے نزدیک حدیث کے اور عمر کے بیٹے عوف کے پوتے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ نے تکبیر کہی
عیدین میں پہلی رکعت میں قرات کی پہلے سات اور آخر میں سات پہلے قرات کی اور
ترمذی نے بخاری سے پوچھا کہ اس حدیث میں کیا کہتے ہو کہا لَیْسَ فِی الْبَابِ شَیْءٌ
اَصَحُّ مِنْ هٰذَا وَبِهٖ اَقُوْلُ اور جب نماز سے فراغت کرتے اٹھتے اور کھڑے ہو کر خطبہ
پڑھتے منبر نہ تھا لیکن بعضی حدیث میں آیا ہے فَنَزَلَ نَبِیُّ اللّٰهِ سو مقرر کوئی دکان
یا ٹیلا یا مکان اونچا تھا کہ منبر کی جگہ ہوتا تھا اور بعضی حدیثوں میں عَلٰی رَاحِلَتِهٖ
آیا ہے یعنی کجاوہ پر وَفِی الصَّحِیْحَیْنِ عَنْ جَابِرٍ رض شَهِدْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوۃَ یَوْمَ الْعِیْدِ فَبَدَءَ بِالصَّلٰوۃِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ
بِلَا اَذَانٍ وَّلَا اِقَامَةٍ ثُمَّ قَامَ مُتَوَکِّئًا عَلٰی بِلَالٍ فَاَمَرَ بِتَقْوَی اللّٰهِ وَحَثَّ
عَلٰی طَاعَتِهٖ وَوَعَظَ النَّاسَ وَذَکَّرَهُمْ ثُمَّ مَضٰی حَتّٰی اَتَی النِّسَاءَ
فَوَعَظَهُنَّ وَذَکَّرَهُنَّ وَفِی لَفْظٍ یَقُوْلُ تَصَدَّقُوْا فَاَکْثَرُ مَنْ یَتَصَدَّقُ
النِّسَاءُ بِالْقُرْطِ وَالْخَاتَمِ وَالشَّیْءِ وَاِنْ کَانَ لَهٗ حَاجَةٌ یُرِیْدُ اَنْ یَّبْعَثَ
بَعْثًا یَذْکُرُهٗ لَهُمْ وَاِلَّا انْصَرَفَ اور سب خطبہ شروع اللہ کی حمد سے کرتے اور
کسی حدیث میں نہیں آیا کہ خطبہ عید کا تکبیر سے شروع کرتے ہوں سنن ابن ماجہ میں

کی اسقدر مروی ہے کہ عن سعید مؤذن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان النبی
صلعم کان یکبر التکبیر بین اضعاف الخطبة وفی لفظ یکثر التکبیر فی
خطبة العیدین اور یہ دلالت نہیں کرتا ہی اس بات پر کہ شروع تکبیر سے کرتے ہوں
اور جب اس عیدگاہ کو جاتی اسی راہ سے نہ پھرتے اور اسمیں سر کیتے ہیں یہ تھا کہ
دونوں راہوں کے لوگوں کو سلام کریں یا برکت انکی دونوں راہونکو شامل ہو یا دونوں راہوں
کی حاجت والوں کی حاجتیں روا کریں یا اظہار اسلام کے شعایر کا دونوں راہوں میں حاصل
ہوویگا اور منافق عزت اسلام کی اور دین کا نشان اونچا دیکھکر جلیں یا اسواسطے کہ
کوچی اور جگہ بہت گواہ انکی بندگی پہ ہوں یا یہ سب فایدے ہوں اور دوسرے اسرار
ہوں کہ جسمیں عقل بہت خلق کی دخل نہیں کر سکتی واللہ اعلم

فصل نماز استسقا کی بیان میں

عادت حضرت پیغمبر خدا کی مینہ مانگنے کے وقت
جس طرح ثابت ہوئی ہے پہلی یہہ کہ جمعہ کے دن خطبہ کی اندر مینہ طلب کیا اور فرمایا
اللهم اغثنا اللهم اسقنا اللهم اسقنا دوسری کو وعدہ کیا صحابہ سے ایک دن
معین کے واسطے کہ عیدگاہ میں نکلیں وہ اس دن باہر آئے آفتاب نکلنے کی بعد منت و زاری
کے ساتھ اور جب عیدگاہ میں پہونچی منبر پر چڑھے اور خطبہ پڑھا اور ثنا اس خطبہ میں
راویوں کو یاد ہے الحمد للہ رب العالمین الرحمن الرحیم ملک یوم الدین لا الہ
الا اللہ یفعل ما یرید اللهم انت اللہ لا الہ الا انت تفعل ما ترید
اللهم انت اللہ لا الہ الا انت الغنی ونحن الفقراء انزل علینا الغیث
واجعل ما انزلت لنا قوة وبلاغا الی حین ثم رفع یدیه واخذ فی
التضرع والابتهال والدعاء وبالغ فی الرفع حتی بدا بیاض ابطیه
پھر منہ کیا قبلہ کی طرف اور پیٹھ لوگوں کی طرف اور چادر مبارک کو الٹ کر اوڑھا
اسطرح کہ داہنی طرف کو بائیں اور بائیں کو داہنی اور اندر کو باہر اور باہر کو اندر اور چادر

سیاہ تہی اور اسیطرح قبلہ کی طرف منہ کئے ہوئے دعا کی اور اتری اور نماز شروع کی اور دو رکعت پڑہی بے اذان قامت کے اور دو رکعت مین جہر کیا اور پہلی رکعت مین سورہ فاتحہ کے بعد سبح اسم ربک الاعلی اور دوسری رکعت مین ہل اتاک حدیث الغاشیہ تیسری طرح منبر مدینہ کی مسجد مین باران طلب کیا سوا خطبہ جمعہ کے اور استسقا مین نماز پڑہنی کی روایت نہین ہے صرف خطبہ و دعا منقول ہے چوتہی مسجد مدینہ کی باران طلب کیا بیٹہے ہوئے قیام کیا اور منبر پر چڑہے اور انکی دعا مین اتنا ہی پڑہی اللہم اسقنا غیثا مریئا طبقا عاجلا غیر رائث نافعا غیر ضار پانچوین مدینہ مین ایک مکان ہے مسجد آنحضرت کی باہر زورا کی نزدیک اسکو احجار الزیت کہتی ہین مسجد کی باب وا رہی نزدیک اسکو باب السلام کہتی ہین اسمقام مین ایکبارہ استسقا کیا ایسی جگہ کہ اگر کوئی مسجد سے نکلے باب السلام کی طرف سے تو وہ مقام داہنی ہاتہ کی طرف پڑے اور اگر کوئی ہاتہ سے پتہر پہینکے تو اسمقام تک پہونچی اسواسطی اسکو احجار الزیت کہتے ہین اور چہٹی یہہ ہے کہ کسی لڑائی مین تہے اور مشرکون کی فوج نے پہلے پہونچکر کوئین پر دخل کر لیا اور مسلمان لوگ بے آب ہوگئے پیاس نے سب پر غلبہ کیا آنحضرت کے حضور مین یہہ حال عرض کیا منافقون نے کہا اگر محمد پیغمبر ہوتا تو اپنی قوم کے واسطی مینہ طلب کرتا جیسا کہ موسیٰ نے اپنی قوم کی واسطی پانی طلب کیا تہا یہہ خبر پیغمبر خدا کو پہونچی فرمایا کہ اسیطرح کی بات کہتی ہین ناامید مت ہو شاید حق جل شانہ تمکو پانی دے اسوقت دست مبارک کو اپنے اوٹہایا اور دعا کی اسیوقت ابر پیدا ہوا اندہیرا ہوگیا اور خوب مینہ برسا بڑی بڑی میدان سیلاب سے بہر گئے اور دعا جو کی اوسوقت اوسمین یہہ چند باتین یاد ہین اللہم اسق عبادک وبہائمک وانشر رحمتک واحی بلدک المیت اللہم اسقنا غیثا مغیثا مریئا مریعا نافعا غیر ضار عاجلا غیر رائث اور جب باران طلب کیا

قبول ہوا اور منہ پر ہنسی لگا اور کیا یہ دعا استسقا کرنے میں ابو لبابہ جو ایک صحابی ہیں
بیچ میں اٹھ کھڑے ہوئے اور کہا یا رسول اللہ خرما مربد میں ہے خراب ہوگا فرمایا
اللهم اسقنا حتى يقوم ابو لبابة عريانا فيسد ثعلب مربده بازاره فا
فاجتمعوا الى ابي لبابة فقالوا انها لن تقلع حتى تقوم عريانا فتسد
ثعلب مربدك بازارك كما قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
ففعل فاستهلت السماء اور جب شدت ہوا تو لوگ حضرت سے شکایت
درخواست کرنے تو کہا مینہ دھلی ہوا مانگے اللهم حوالينا ولا علينا اللهم على
الآكام والظراب والجبال وبطون الاودية ومنابت الشجر جب یہ
کلمے کہہ کر ہورہے بدن پر جدا کرتے کہ پھر منہ پھیر فرمایا انه حديث عهد
اور سایا جب دی عقیق میں ہوا کی ہوا میں چل بھی ہوتا فرمایا اخرجوا بنا الى
هذا الذي جعله الله طهورا فنتطهر منه ونحمد الله عليه اور جب بادل
اور بدل دیکھتے گھبراہٹ انکی مونہہ پر ظاہر ہوتی اور ٹہلتی اور جب مینہ برسنے لگتا خوش
ہوتے اور وہ گھبراہٹ جاتی رہتی انہ بعضی عام میں استسقا کی ثابت ہوا فرمایا دعا میں اللهم
اسقنا غيثا مغيثا هنيئا مريئا مريعا غدقا مجللا عاما طبقا سحا
دائما اللهم اسقنا الغيث ولا تجعلنا من القانطين اللهم ان
بالعباد والبلاد والبهائم والخلق من اللأواء والضنك ما لا نشكو
الا اليك اللهم انبت لنا الزرع وادر لنا الضرع واسقنا من بركات
السماء وانبت لنا من بركات الارض اللهم ارفع عنا الجهد والجوع
والعري واكشف عنا البلاء ما لا يكشفه غيرك اللهم انا نستغفرك
انك كنت غفارا فارسل السماء علينا مدرارا اور جب حضرت دعا استسقا
کرتے دست مبارک کو آسمان کی طرف اٹھاتے اور فرماتے دعا کی قبولیت کو طلب

٨٢

اور چیا لحل میں ایک دشمن سے ملاقات کے وقت اور برابر کا فروں کے کھڑی ہونے کے وقت
جہاد میں دوسری اقامت کے وقت نماز کی تیسری مینہ برسنے کے وقت اور یہی
فرمایا تُفْتَحُ اَبْوَابُ السَّمَاءِ وَيُسْتَجَابُ الدُّعَاءُ فِيْ اَرْبَعَةِ مَوَاطِنَ عِنْدَ الْتِقَاءِ
الصُّفُوْفِ وَعِنْدَ نُزُوْلِ الْغَيْثِ وَعِنْدَ اِقَامَةِ الصَّلٰوةِ وَعِنْدَ رُؤْيَةِ
الْكَعْبَةِ

فصل سفر کی عبادت میں

سفر پیغمبر خدا کا چار قسم
خالی نہیں تھا یا سفر ہجرت کا تھا مکہ سے مدینہ کو یا سفر عمرہ کا تھا یا سفر حج کا یا سفر جہاد
اور یہہ سفر اکثر تھا جب سفر پیش آتا قرعہ ڈالتے بی بیوں کے درمیان میں جو قرعہ میں آتی
اونہیں اپنے ساتھ سفر میں لیجاتے لیکن سفر حج میں سب بی بیوں کو ساتھ لیجاتے
اور سفر اول روز ہفتہ کی اور دوست رکہتے جمعرات کی سفر کو اور دعا فرمائی کہ برکت دے میری
امت کو صبح کو جمعرات کی اور جب لشکر کو جہاد میں بھیجتے اول وقت روانہ کرتے اور
سفر کرنیوالے کو حکم فرمایا کہ جب تین آدمی ہوں تو ایک کو امیر اور سردار اپنا کرو اور اکیلے
سفر کرنے سے منع فرماتے اور فرماتے اَلرَّاكِبُ شَيْطَانٌ وَالرَّاكِبَانِ شَيْطَانَانِ
وَالثَّلٰثَةُ رَكْبٌ اور سفر کو حرکت کرتے یہہ دعا پڑھتے اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ تَوَجَّهْتُ
وَبِكَ اعْتَصَمْتُ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ مَا اَهَمَّنِيْ وَمَا لَا اَهْتَمُّ لَهٗ اَللّٰهُمَّ زَوِّدْنِي
التَّقْوٰى وَاغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَوَجِّهْنِيْ لِلْخَيْرِ اَيْنَمَا تَوَجَّهْتُ اور پاؤں کو رکاب
میں رکھتے فرماتے بسم اللہ جب پیٹھ پر اونٹ کی بیٹھتے فرماتے سُبْحَانَ الَّذِيْ
سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ اور کہتے
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ سُبْحَانَكَ
اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ اَللّٰهُمَّ
اِنَّا نَسْئَلُكَ فِيْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى
اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهٗ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ

مُصَاحِبُ فِي السَّفَرِ بِالْخَلِيْفَةِ فِي الْاَهْلِ وَالْمَالِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ
وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ فِي الْاَهْلِ وَالْمَالِ و جب
پھرتے یہی دعا پڑھتے اور آخر میں یہ کلمے زیادہ کرتے آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا
حَامِدُوْنَ اور جب بلندی مقام پر چڑھتے تب بھی تکبیر کہتے اور نشیب
سے اترتے تو تسبیح کہتے اور جب کسی گاؤں یا شہر میں تشریف لاتے اور اس میں کہ
داخل ہوں یہ دعا پڑھتے اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظْلَلْنَ
وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ السَّبْعِ وَمَا اَقْلَلْنَ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَضْلَلْنَ
وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا ذَرَيْنَ فَاِنَّا نَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ وَخَيْرَ
اَهْلِهَا وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ اَهْلِهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا اور کبھی یہ پڑھتے اَللّٰهُمَّ
اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذِهِ وَخَيْرِ مَا جَمَعْتَ فِيْهَا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا
وَشَرِّ مَا جَمَعْتَ فِيْهَا اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا جَنَاهَا وَاَعِذْنَا مِنْ وَبَاهَا
وَحَبِّبْنَا اِلٰى اَهْلِهَا وَحَبِّبْ صَالِحِيْ اَهْلِهَا اِلَيْنَا اور سفر میں نماز
چار رکعت کو قصر فرماتے اور ثابت نہیں ہوا کسی وقت نماز چار رکعت کو سفر میں پوری پڑھی
ہو اور ام المؤمنین عائشہ سے روایت جو منقول ہے کہ نبی ﷺ قصر کرتے تھے سفر میں اور پوری
پڑھتے تھے اور روزہ بھی رکھتے تھے اور نہ بھی رکھتے سو صحت کو نہیں پہنچی اور عادت
نبی ﷺ کی یہی تھی کہ سفر میں نماز فرض پر اکتفا کرتے اور ثابت نہیں ہے کہ سفر میں سنت
پڑھی ہو پہلی فرض کے یا بعد فرض کے مگر دو رکعت سنت صبح کی اور نماز وتر کہ سفر اور
گھر میں ان دونوں کو ترک نہ کرتے اور نماز تہجد پڑھتے اونٹ کی پیٹھ پر عَنِ ابْنِ
عُمَرَ رض قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ فِي السَّفَرِ
عَلٰى رَاحِلَتِهٖ حَيْثُ تَوَجَّهَتْ بِهٖ يُوْمِئُ اِيْمَاءً صَلٰوةَ اللَّيْلِ اِلَّا الْفَرَائِضَ
وَيُوْتِرُ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ اور ثابت ہے کہ سفر میں جب نماز کو قصر کرتے راستے کی

نہ پڑہتے لیکن کہ دو صحابہ کے ثابت ہوا سفر میں نماز سنت کو ادا کرتے تھی کان اصحاب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسافرون فیتطوعون قبل المکتوبۃ
وبعدھا لیکن ابن عمر سنت پڑہتے مگر رات کی نماز کو ترک نکرتے جسطرح عادت پیغمبر
خدا کی تھی لیکن اگر کوئی پڑہیگا تو درست اور نفل مطلق ہوگی نہ سنت معمول اور براء
ابن عازب سے نقل ہے سافرت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثمانی عشر
سفرا فلم ار ان یترک رکعتین بعد زیغ الشمس قبل الظھر قال الترمذی
ھذا حدیث غریب وسالت عنہ محمدا فلم یعرفہ الا من حدیث
اللیث بن سعد ورأہ حسنا اور عادت آنحضرت کی سفر میں یہہ تھی کہ نماز
سنت کو اونٹ کی پیٹھہ پر پڑہتے جسطرف جاتا اگرچہ قبلہ کی طرف نہوا اور رکوع سجود میں
اشارہ کرتے اور مسند میں امام احمد اور سنن میں ابی داود کی ثابت ہے کہ پہلی تکبیر میں
منہ قبلہ کی طرف کرتے اور باقی نماز جسطرف کہ سفر کی جانب تھی اور اونٹ جاتا پڑہتے
اور ایک حدیث میں جسکی سند ضعیف ہی ترمذی نے روایت کیا کہ بسبب بارش کے ایکبار اونٹ
کی پیٹھہ پر نماز فرض پڑہی اور سب صحابہ نے پیروی اقتدا کی اور لفظ حدیث کا یہہ ہے
انتھی النبی صلی اللہ علیہ وسلم الی مضیق ھو واصحابہ وھو علی
راحلتہ والسماء من فوقھم والبلۃ من اسفل منھم فحضرت الصلوۃ
فامر المؤذن فاذن واقام ثم تقدم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
علی راحلتہ فصلی بھم یومی ایماء فجعل السجود اخفض من
الرکوع اور عادت آنحضرت کی تھی کہ جب کوچ دوپہر سے پہلے ہوتا ظہر کی نماز کو تاخیر
کرتے عصر کی وقت تک اور جب اترتے جمع کرتے ظہر اور عصر کی درمیان اور اگر کوچ سے
پہلے ظہر کا وقت آجاتا نماز ظہر پڑہتے تب سوار ہوتے مغرب اور عشا میں بھی اسیطرح کرتے
یعنی اگر مغرب کے وقت راہ میں ہوتے تاخیر کرتے مغرب کی نماز میں عشا کے وقت تک

پڑہتی اور کبھی تب ظہر کو کچ سی پہلی آتا ظہر عصر ساتھ جمع کرتے اور دونون کو پڑہ لیتے
تب سوار ہوتے اور مغرب اور عشا مین اسیطرح کرتے لیکن جمع کرنا سفر مین ہمیشہ کی عادت
نہتی بلکہ جب جلدی چلنا ہوتا تو جمع کرتے لیکن جمع اترنی اور ٹھیرنی کی حالت مین
روایت نہین ہے اور قصر اور جمع کی واسطی کوئی حد نہین فرمائی کہ اتنی دور مین کرو
اور اس باب مین کوئی صحیح روایت نہین بلکہ مطلق سفر مین رخصت فرمائی ہے اور
اسیطرح تیمم مین سفر کی حد روایت نہین

فصل عادت مین آنحضرت کی قرآن پڑہنی مین اور سننی مین اسکی

اور کمال عاجزی اور درد اور رونے مین پڑہنی کے وقت ہر روز اندازہ تہا اتنا تلاوت کرتے تہی اور اسکو
ترک نکرتی مگر ضرورت کی حالت مین اور اسکو آداب تمام کی ساتھ پڑہتے صاف صاف
حرف حرف جدا جدا یعنی لپیٹ کر نہ پڑہتی اور آخر آیتون پر وقف کرتی اور مد کی
حرفونکو کہینچتے جیسی الرحمن الرحیم ہر ایک مد کو پورا کہینچتے اور قرات سے پہلی اعوذ باللہ من
الشیطان الرجیم اور بعض وقت اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ
مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْخِهٖ وَنَفْثِهٖ کہتی اور پسند آتا کہ قرآن کو دوسری سی سنین عبد اللہ
بن مسعود کو فرمایا کہ قرآن ہماری سامنی پڑہو وہ پڑہنے لگی اور پیغمبر خدا عاجزی اور
ذلت سے سنتے رہے اور روئے اور آنسو آنکہون سے جاری ہوگئے اور قرآن کو سب حال میں
پڑہتی یعنی کہڑے اور بیٹہے اور لیٹے اور با وضو اور بے وضو سوا ناپاکی کی قرآن کی
تلاوت کو کوئی چیز مانع نہوتی اور بعض وقت قرآن کو خوش الحانی سے پڑہتی اور
اس مین ترجیع کرتے جیسی خط خوش آواز پڑہتی ہین اور فتح مکہ کے دن سورۂ فتح کو
اسیطرح پڑہا اور فرمائی کہ درست کرو قرات کو قرآن کی آواز خوش سے اور فرمایا
کہ جو خوش آواز سے قرآن مین نکری وہ ہمسی نہین لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَتَغَنَّ
بِالْقُرْآنِ اس حدیث سے روئی پوچھا کسی نے اگر کوئی خوش آواز نہو اوسی کہا تکلف کرے

رکھا ہو قرآن کو اتنا خوش الحانی سے پڑھے جانا چاہیئے کہ غنا اور طرب قسم پر ہے ایک قسم تو طبیعت کے تقاضا سے ہے کہ بی تکلف طبیعت اُسکو تقاضا کرتی ہے سیکھنی اور سکھانے کی حاجت نہیں پڑتی بلکہ اگر کسی شخص کو طبیعت پر چھوڑ دو تو بھی وہ خوش الحانی اُس سے صادر ہوگی یہہ باتفاق جائز ہے اگر طبیعت زیادہ خوش الحانی اور آراستہ کرنے کو چاہے جیسا کہ ابو موسیٰ نے کہا آنحضرت سے لَوْ عَلِمْتُ اَنَّکَ تَسْتَمِعُ لَحَبَّرْتُہٗ لَکَ تَحْبِیْرًا یعنے اگر جانتا میں کہ تم سنتے ہو قرأت میری تو بنا کر پڑھتا میں اچھی طرح دوسری طرح یہہ کہ بی تکلف حاصل نہو بلکہ تعلیم اور تکلف کی حاجت پڑے جیسے گانیوالے ہیں کہ قسم قسم کے لحن نکالتے ہیں اور بتکلف درست کرتے ہیں اور سیکھتے ہیں اور اس قسم کو اگلی لوگوں نے مکروہ رکھا ہی اور اسطرح پڑھنے کو منع کیا ہے

فصل عادت میں نبی صلعم کے بیمار پرسی میں

جو یاروں میں سے انکے بیمار ہوتا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عیادت فرماتی اور جب آتے تو نزدیک بیمار کی آتے اور سر کی آگے بیمار کے بیٹھتے اور اوسکا حال پوچھتے اور فرماتی کَیْفَ تَجِدُکَ یعنے جی کیسا ہے اور سبب پوچھتے تو کیا چاہتا ہی تیرا جی کیا کھانیکو چاہتا ہی اگر کوئی چیز مانگتا اور مضر نہوتی تو دینے کو فرماتی اور داہنے ہاتھ کو بیمار کی بدن پر پھیرتے اور یہہ دعا پڑھتے اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْھِبِ الْبَاْسَ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُکَ شِفَاءً لَا یُغَادِرُ سَقَمًا اور ایک روایت میں ہے اَذْھِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ بِیَدِکَ الشِّفَاءُ لَا کَاشِفَ لَہٗ اِلَّا اَنْتَ اور بیمار کی واسطی تین بار دعا کرتی جب سعد بن ابی وقاص کی بیمار پرسی کی فرمایا اَللّٰھُمَّ اشْفِ سَعْدًا اَللّٰھُمَّ اشْفِ سَعْدًا اَللّٰھُمَّ اشْفِ سَعْدًا اور جب کسی بیمار کی پاس آتے فرماتی لَا بَاْسَ طَھُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ اور کبھی فرماتی کَفَّارَۃٌ وَّطَھُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ اور اگر کسیکو زخم ہو جاتا اور گھایل ہوتا اسکو یہو نکتے یہی سطرح افسون پڑھکے کہ کلمہ کی انگلی کو اپنی خاک پر رکھتی اسکے بعد اوٹھا لیتی اور فرماتی بِسْمِ اللّٰہِ

تربۃ ارضنا بریقۃ بعضنا تشفی سقیمنا باذن ربنا یا عائشہ رضی کرما ہے
شریف آنحضرت کی یہ تہی کہ جب بیمار ہوتی پر تشریف لیجاتی دونون ہاتہہ اکٹہی کرتے اوس
منہ کی آگے لیجاتی اور ان مین پہونکتی اور سورہ اخلاص اور معوذتین پڑہتے اور دونون
مبارک کو بدن مین پہیرتی جہانتک تہہ پہونچتا اسطرح تین بار کرتے جب بیمار ہوئے
فرمایا مجکو سکہ اسیطرح کیا اور ہاتہہ کو اونکی ہم پڑتے اور بدن پہ انکی ملتے اور ایک
مین ہے کہ میں جب آپ پہونکتی تہے اور آپ قرآن پڑہتی اور عائشہ ہاتہہ مبارک کو آپکے
بدن پر ملتین اسواسطی کہ تہا بہت ضعف اور درد سے تہا ہلانے سے دونون ہاتہون کے
اور عیادت کی واسطی کوئی دن معین تہا بلکہ سب رات دن مین عیادت فرماتے
اور جب کوئی بہائی مسلمان کی عیادت کرتا ہے بیچ مین جنت کی چلتا ہے جبتک کہ
بیمار کے پاس بیٹہا ہے اور جب بیٹہتا ہے رحمت اسپر اترتی ہے یہانتک کہ رحمت مین غرق
ہوجاتا ہے اور جب صبح ہوتی ہے ستر ہزار فرشتے درود بہیجتی ہین اوسپر شام تک اور اگر
رات کا وقت ہوتا ہی تو ستر ہزار فرشتے اوسپر صبح تک درود بہیجتی ہین اور آنکہون کے
درد مین بہی عیادت کرتے ایک جوان یہودیون سے کہ خدمت پیغمبر صلی کی کرتا تہا بیمار ہوا
اسکی عیادت فرمائی اور جب ابوطالب چچا انکا بیمار ہوا باوجودیکہ مشرک تہا
اسکی عیادت فرمائی اور دونون پر دعوت اسلام کی کی ابوطالب نے قبول نہ کی
اور وہ جوان یہودی مسلمان ہوا

فصل عادت مین نبی صلعم کی احوال مین مردی کی اور ادای حقوق مین اوسکے

عادت آنحضرت کی تہی بہت احسان کرنا مردے کی ساتہہ اور معاملہ وہ کرنا اوسکی ساتہہ جو
قبر مین اور قیامت مین اوسکی واسطی نافع ہو اور احسان کرنا اسکی برادری اور
گہروالون کی ساتہہ اور اسکے جو باقی زندہ ہین انکو بندگی کی راہ تعلیم کرنا میت
کے ساتہہ معاملہ کرتیمین اول احسان میت کے ساتہہ کرتے اور اسباب دنیا کا

اسکا آخرت کی طرف اچھی طرح توجہ فرمائی اور پیغمبر خدا اور سب صحابہ صف باندھتی اور میت
کے واسطے استغفار کرتے اور حضرت عز شانہ سی رحمت اور بخشش طلب کرتی اور بعد اسکے
ساتھ ہو کر اسکو قبرگاہ مین پہنچا دیتے اور آپ سب صحابہ کے ساتھ قبر پر اسکی کھڑی رہتے
اور اسکے دعا کرتے اور اسکا ثابت رہنا سوال و جواب مین چاہتے اور بہت لاچاری کے
وقت مین اسکو لیکے جاتے اور ہمیشہ قبر پر اسکی شفقت فرماتی اور سلام و دعا کرتے جب
رہتے اور نزول رحمت و مغفرت کا تہا مخصص کرتے اور موت سی پہلے بیماری کی
حالت مین عبادت کرتے اور آخرت کو یاد دلاتے اور وصیت اور توبہ کی ترغیب فرماتے
اور حاضرین کو حکم کرتے کہ مریض کو موت کے وقت تلقین کلمہ شہادت کی کرتے تا آخر
کلام اسکا کلمہ توحید ہو اور جاہلوں کی رسم اور عادات سے جو یقین آخرت کا نہین رکھتے ہین
منع اور زجر فرماتے اور منہ پر اپنے طمانچہ مارنے اور گریبان چاک کرنے اور سر کے بال نوچنے
سے اور مثل اسکی منع اور زجر شدید فرماتے اور شاکر رہتے اور قضا پر راضی رہتے اور انا
للہ و انا الیہ راجعون کہنی کا حکم فرماتے اور آنسو گرانے اور دل سے غمگین ہونے کو منع نہ
اللہ کے ہین اور اسی کی طرف پہر جانیوالے ہین ۱۲
فرماتے باوجود اسکے سب سے زیادہ خلق مین راضی قضا پر حق کے آنحضرت تہی اور
سب سے زیادہ شاکر اور صابر ہر مخلوق سے وفات مین حضرت ابراہیم کی جو آپکی بیٹے تہی
دو برس کے رہے اور فرمایا تَدْمَعُ الْعَيْنُ وَيَحْزَنُ الْقَلْبُ وَلَا نَقُولُ إِلَّا مَا
يَرْضَى الرَّبُّ وَإِنَّا بِفِرَاقِكَ يَا إِبْرَاهِيمُ لَمَحْزُونُونَ اور کمال علی الاطلاق
حق مین آدمی کے یہہ ہے کہ ہر چیز کو حق اسکا دی اور عادت نبی کی یہہ تہی کہ اسباب
درست کرتے میت کی اور نہلاتی اور دفن کرنے مین اسکی جلدی کرتے اور سفید کپڑے
مین کفن دیتے اور ایک مدت عادت صحابہ کی یہہ تہی کہ جب کوئی شخص مرنے لگتا
آنحضرت کو بلاتے آنحضرت تشریف لاتے آنحضرت کی سامنے دم نکلتا اور وہ تجہیز و تکفین
کرتے اور نماز پڑہتے اور جنازہ کی ساتھ قبر تک جاتی اور جب صحابہ نے دیکہا کہ اسمین

۸۹

محنت بہت ہی اسپر اختصار کیا کہ جب کوئی شخص مر جاتا خبر کرتے تا تجہیز اور تکفین
اور نماز اور دفن میں حاضر ہوتے جب پھر دیکھا کہ یہ بھی محنت سے خالی نہیں ہے سو شکر
تجہیز کرتے اور آنحضرت کی پاس لے آتے اور آپ اسپر نماز پڑھتے اور نماز کبھی باہر
مسجد کے اور کبھی اندر مسجد کے پڑھتے دونو طرح جائز ہے اور حدیث ابو ہریرہ رضی کی
کہ پیغمبر نے فرمایا مَن صَلّٰی عَلٰی جَنَازَۃٍ فِی المَسجِدِ فَلَا شَیءَ لَہٗ یہ حدیث
غلط ہے ٹھیک یہہ ہے کہ خطیب بغدادی نے روایت کیا اور کہا کہ اصل میں فلا شیء
علیہ ہے اور بعضی حدیث کی امام کہتے ہیں یہہ ضعیف ہی کہ راویوں میں اسکے
مولی توامہ ہے اور ابو بکر اور عمر رضی پر مسجد میں نماز پڑھی گئی اور یہ سب مہاجر اور
انصار کی اور کسی سے انکا رد نہیں ہوا اور فرمایا کہ میت کو تین بار یا پانچ بار
سمجھ کے موافق غسل دینے والی کی اور بیری اور پچھلی بار دھوئیں کافور ملا لیں اور
شہید کو غسل نہ دیں اور ہتیار اور کپڑے جنگ کے اوس سے دور کریں اور جو کپڑا پہنے ہے
اوسی میں دفن کریں اور جو احرام باندھے ہے اوسکو احرام ہی کے کپڑے میں دفن
کریں اور خوشبو نہ لگاویں اور اگر کفن چھوٹا ہو تو سر چھپا دیں اور پاؤں پر تھوڑی
گھاس رکھیں اور عادت نبی کی یہہ تھی کہ جب میت کو لوگ لے آتے تو حضرت پوچھتے
کہ اسپر قرض ہے یا نہیں اگر قرض نہ ہوتا تو اسپر نماز پڑھتے اور اگر ہوتا تو فرماتے
صحابہ کو کہ اسپر نماز پڑھیں اور جب نماز شروع کرتے تکبیر کہے بعد اول سورہ فاتحہ
پڑھتے اور نماز جنازہ کی دعا آنحضرت سے اسطرح یاد کی گئی ہے اَللّٰھُمَّ اغفِر لَہٗ
وَارحَمہُ وَعَافِہٖ وَاعفُ عَنہُ وَاَکرِم نُزُلَہٗ وَوَسِّع مُدخَلَہٗ وَ
اغسِلہُ بِالمَاءِ وَالثَّلجِ وَالبَرَدِ وَنَقِّہٖ مِنَ الخَطَایَا کَمَا نَقَّیتَ الثَّوبَ
الاَبیَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَاَبدِلہُ دَارًا خَیرًا مِن دَارِہٖ وَاَھلًا خَیرًا
مِن اَھلِہٖ وَزَوجًا خَیرًا مِن زَوجِہٖ وَاَدخِلہُ الجَنَّۃَ وَاَعِذہُ

مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ اور کبھی کہتے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ
لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا وَشَاهِدِنَا وَ
غَائِبِنَا اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ
مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهٗ وَلَا تُضِلَّنَا
بَعْدَهٗ اور بعضی وقت یون فرماتے اَللّٰهُمَّ اِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ اور نام
لیتے میت کا اور اسکی باپ کا لیتے فِيْ ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ فَقِهٖ مِنْ فِتْنَةِ
الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ وَاَنْتَ اَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ فَاغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ
اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ اور کبھی کہتے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبُّهَا وَاَنْتَ خَلَقْتَهَا
وَاَنْتَ رَزَقْتَهَا وَاَنْتَ هَدَيْتَهَا الْاِسْلَامَ وَاَنْتَ قَبَضْتَ رُوْحَهَا
تَعْلَمُ سِرَّهَا وَعَلَانِيَتَهَا جِئْنَا شُفَعَاءَ فَاغْفِرْ لَنَا اور چار تکبیر کہتے اور
کبھی پانچ اور کبھی چھہ اور جو منع کرتے ہین چار تکبیر سے زیادہ کہنا کہتے ہین کہ ثابت ہے
کہ آخر جنازہ کی نماز جو پڑہی پیغمبر خدا نے سو چار تکبیر کہی اور ابن عباس سے روایت ہے
کہ فرشتون نے آدم علیہ السلام پر نماز پڑہی چار تکبیر کہی اور کہا یہ تمہاری سنت ہی اے
آدم کی اولاد اور دو سلام سے نماز سے باہر نکلتے اور کبھی ایک سلام پر قصر کرتے
اور ہاتھونکو ہر تکبیر مین اوٹھاتے اور جب نماز جنازہ کی انسے فوت ہوتی قبر
پر نماز پڑہتے ایکبار ایکدن دفن کے بعد ایک شخص کے قبر پر نماز پڑہی اور ایکبار
تین دن بعد اور ایکبار ایک مہینے کی بعد اور حدیث قبر پر نماز پڑہنی کے چھہ
طریق صحیح سے ثابت ہوئی ہے اور اگر کوئی لڑکا مرجاتا اسپر پڑہتے اور فرماتے
کہ صَلُّوْا عَلٰى اَطْفَالِكُمْ فَاِنَّهُمْ مِنْ اَفْرَاطِكُمْ اور جو اپنے آپکو ہلاک کرتا
اسپر جنازہ کی نماز پڑہتے اور نہ اسپر کہ جو غنیمت مین خیانت کرتا اور جو
حد شرع سے مارا جاتا اسپر نماز پڑہتے اور ثابت ہوا کہ جہینیہ کو سنگسار کیا

زنا کی سبب اسپر نماز پڑہی اور عمر رض نے کہا نماز ایسے شخص پر پڑہتے ہو کہ جسنے زنا کیا کہا توبہ کی ایسی توبہ کہ اگر اسکو بانٹیں ستر آدمیونپر اہل مدینہ کے تو انکو کفایت ہو کہ اسنے اپنی جان کو راہ مین اللہ کی رکہا اور جب نماز میت پر پڑہتی اسکی ساتھ تھے ہوا اور پیادہ جاتے دفن کی جگہ تک اسکی جاتے اور فرماتے جلدی کرو لیجانے مین یہانتک کہ جنازہ کو زمین پر رکہتے نہ بیٹہتے اور فرماتے اِذَا اتَّبَعْتُمُ الْجَنَازَةَ فَلَا تَجْلِسُوْا حَتّٰى تُوْضَعَ اور ہر غایب پر نماز پڑہتے لیکن صحیح ہوا کہ نجاشی پر حبش میں جب مرگیا نماز پڑہی اور صحابہ کو حکم فرمایا پڑہنے کا اور فرمایا تمہارا اپنا بہائی مرگیا اسپر نماز پڑہو اور معویہ لیثی پر بہی تبوک مین نماز پڑہی اور فقیہوں نے اسمین اختلاف کیا ہے شافعی اور احمد رح کہتے ہین نماز غایب پر پڑہنا مطلقا سنت ہی اور ابو حنیفہ اور مالک رح مطلقا منع کرتے ہین اور بعضی محقق تفصیل کرتے ہین کہ اگر میت ایسی شہر مین ہو کہ اسپر نماز نہین پڑہی ہے تو پڑہے اور اگر اسپر نماز پڑہے اور فرض ساقط ہوگیا تو پڑہنی کی حاجت نہین اور آنحضرت کی عادت یہہ تہی کہ آفتاب کے طلوع کے وقت اور دوپہر کے وقت میت کو دفن نکرتے اور قبر کو بلند نکرتے اور اسپر دیوار اور پتہر اور اینٹ وغیرہ کی نکرتے اور گچ اور مٹی وغیرہ سے سخت نکرتے اور قبر پر عمارت اور قبہ نبناتے اور یہہ سب عبث ہی اور مکروہ اور نبی کے طریقہ سے مخالف بعث رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ اَنْ لَّا يَدَعَ تِمْثَالًا اِلَّا طَمَسَهٗ وَلَا قَبْرًا مُشْرِفًا اِلَّا سَوَّاهُ اور منع فرمایا کہ قبروں کے اوپر مسجد بناوین یا قبروں پر چراغ جلاوین اور کرنیوالی پر اسکی لعنت فرمائی اور منع فرمایا قبرستان مین نماز پڑہنے سے اور قبر کے روبرو اور منع فرمایا اخراب رکہنی سے قبر کے اتنا کہ پامال کرین یا اسپر تکیہ کرین یا اسپر بیٹہین اور نبی صلعم کی عادت یہہ تہی کہ مُردوں کی زیارت کرتے دعا اور ترحم اور استغفار کی واسطے

اور اسطرح کی زیارت مستحب ہے اور فرمایا کہ جب گورستان کو دیکھو کہو اَلسَّلَامُ
عَلَیْکُمْ اَھْلَ الدِّیَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰہُ
بِکُمْ لَاحِقُوْنَ نَسْئَلُ اللّٰہَ لَنَا وَلَکُمُ الْعَافِیَۃَ اور زیارت کی وقت
اس قسم کی دعا کہ نماز جنازہ مین کرتے اور اسکا ذکر پہلے کر چکا ہون پڑھتے اور
عادت یہہ تھی کہ میت کے لوگونکی تعزیت کرتے اور انکو صبر کرنیکو فرماتے اور یہہ عادت
نہین تھی کہ میت کے واسطے جمع ہون اور قرآن پڑہین اور ختم پڑہین نہ قبر پر جاکی
نہ اور جگہ اور یہہ سب بدعت ہی اور مکروہ اور یہہ عادت نہ تھی کہ کسیکے واسطے کہانا
پکاوین بلکہ دوسرونکو فرماتے کہ میت کی اہل کو کہانا بہیجو اسواسطی کہ مصیبت مین
مشغول ہونا انکا انکو عذر ہے

فصل نماز خوف کی بیان مین

لڑائی کی حالت مین نماز کا وقت ہوتا اور دشمن قبلہ کی طرف ہوتی پیغمبر خدا
آگے ہوتے اور صحابہ پیچھے دو صف کہینچتی اور نماز شروع کرتے اور سب رکوع مین جاتی
اور سب سر رکوع سے اوٹہاتے لیکن جب بعد اسکے سجدہ مین جاتے انکے برابر
پہلی صف سجدہ مین جاتی اور پچھلی صف دشمن کے مقابل کہڑی رہتی یہانتک کہ
پیغمبر خدا صلعم صف کے ساتھہ پہلی رکعت سی فراغت کرتے اور دوسری رکعت کے
واسطے کہڑے ہوتے تب پچھلی صف سجدہ کرتی اور دونون سجدہ کرکے کہڑی ہوتے
اور پہلی صف والون کی جگہ پر آتی اور پہلی صف کے لوگ پچھلی والون کی جگہہ پر جاتے
تا فضیلت پہلی صف کی دونون گروہ کو حاصل ہوتی اور دوسری صف کی لوگ
دو سجدے پیغمبر خدا کی ساتھہ حاصل کرتے جب پہلی صف کی لوگونے وہ سجدے
رکعت اول کا انکے ساتھہ حاصل کیا پس فضیلت مین برابر ہے اور یہہ نہایت
عادل ہے اور جب تشہد مین بیٹھتے پچھلی صف سجدہ کرتی اور تشہد مین انکے ساتھہ
لاحق ہوتی اور سب سلام دیتے لیکن اگر دشمن قبلہ کے برابر نہوتے صحابہ کو دو گروہ

کرتے ایک گروہ دشمن کے برابر کھڑا ہوتا اور ایک گروہ ایک رکعت نماز کو پیغمبر خدا کے ساتھ ادا کرتا اسکے بعد اُس گروہ کی جگہ پر جاتا جو مقابل دشمن کے ہے اور وہ گروہ آتا اور دوسری رکعت کو پیغمبر خدا کے ساتھ پاتا اور پیغمبر خدا سلام پھیرتے اور جس گروہ نے ایک رکعت پڑھی تھی پیغمبر خدا کی سلام پھیرنے کے بعد ایک رکعت ادا کرتے اور بعض وقت دو رکعت ایک گروہ کے ساتھ پڑھتے اور مسلمان لوگ نماز سے باہر آتے اور پیغمبر خدا التشہد میں توقف کرتے یہاں تک کہ دوسرا گروہ آتا اور انکے ساتھ دوسری دو رکعت ادا کرتا اور ایکبار سلام پھیرتے جیسا کہ پیغمبر خدا چار رکعت ادا کرتے اور یہہ لوگ دو رکعت اور کبھی ہر گروہ کے ساتھ دو رکعت مستقل ادا کرتے اور سلام پھیرتے اور کبھی ہر ایک گروہ کے ساتھ ایک رکعت ادا کرتے اور یہہ گروہ ایک رکعت پڑھنے کے بعد نماز سے باہر چلے جاتے اور دوسرا گروہ آتا اور ایک رکعت ادا کرتا اور پیغمبر خدا کی ساتھ یا نتے سب پھرتے جیسا کہ ہر گروہ نے ایک رکعت پڑھی تھی اور پیغمبر خدا نے دو رکعت اور یہہ سب صورتیں جائز ہیں اور بعض حدیث کے علما اس نماز کو پندرہ صورت پر روایت کرتے ہیں لیکن بہت صحیح صورت یہہ ہے جو ہمنے بیان کی و باللہ التوفیق

باب زکوۃ و صدقات کی بیان میں

عادت نبی صلعم کی زکوۃ اور صدقے میں یہہ تھی کہ رعایت فقیر کی کرتے اور زکوۃ دینے والون کی رعایت کرتے اور مصلحت دونوں جانب کی نگاہ رکھتے زکوۃ کو چار قسم پر مقرر کیا کہ خلق کے اندر یہہ چیزیں بہت ہوتی ہیں اور لوگونکو احتیاج انکی بہت ہے ایک قسم کھیتی اور میووں کی اور دوسری قسم جانوروں چوپایوں کی جیسے اونٹ اور گائے اور بکری تیسری قسم سونا اور روپا کہ تمام عالم کی گذران ہے چوتھی قسم تجارت کا مال جس جنس کا ہو ہر سال میں ایکبار دینا اور کھیتی اور میووں کو کاٹنے کی وقت اور پکنے کے وقت مقرر فرمایا اور یہہ بھی نہایت انصاف سے محنت کی موافق آدمی کے تحصیل کرنیمیں پاسکے اور

آسانی اور مشقت میں اسکے اندازے میں واجب تفاوت بیان فرمایا پانچ کے
واسطے ایک واجب کیا جو مال کہ بے محنت و مشقت کے ہاتھ لگے اسیطرح جو گنج گڑا ہوا
لگے یا برس کا آنا اسمین اعتبار نکیا بلکہ جب پایا اسپر واجب ہوگا کہ پانچوان حصہ نکالے
اور اس مال میں سے جسکی تحصیل میں محنت و مشقت ایک اندازہ پر ہے پانچوین
حصے کا آدھا یعنی دس میں ایک واجب کیا جیسا اوس کھیتی اور میوہ میں جو مینہ
کے پانی سے حاصل ہوتا ہے اور دسوین حصے کا آدھا یعنے بیس میں ایک واجب کیا
اوس کھیتی میں جو زیادہ مشقت کی محتاج ہو ڈول یا کوئین سے سینچا جائیگا یا پانی خریدنیگا اور
بیسوین حصہ کا آدھا یعنی چالیس میں ایک واجب کیا اس مال میں کہ ہمیشہ کی رنج اور محنت کا
محتاج ہے جیسا سفر کی مشقت خواہ خشکی کی راہ سے ہو یا دریا کی راہ سے اور شہر شہر اور گانو
گانو پہرنا اور انتظار نرخ کا کرنا اور اس شکل کی اور باتین ہین غرض ہر قسم کے مال میں حسب
مصلحت اسکی نصاب معین فرمایا جیسا روپے میں دوسو درم اور سونے میں بیس مثقال اور غلے
اور میوہ میں آٹھ سو من شرعی ہے کہ پانچ اونٹ کا بوجھ ہے عرب کے اونٹوں میں اور بکری میں چالیس
اور گائی میں تیس اور اونٹ میں پانچ لیکن بعضے مال نصاب کو ایسی برداشت نہین ہے کہ زکوۃ
اسی کی جنس سے ہو واسطے ایک بکری ہر پانچ اونٹ میں معین فرمائی لیکن جب پچیس کے
حد کو پہونچی برداشت اس باب کی ہوگی کہ زکوۃ اسکی جنس سے دی صاحب مال مختار ہے
کہ پانچ بکری دے خواہ ایک اونٹنی دے اور جسکو جانتے کہ لایق زکوۃ لینے کی یعنی فقیر ہے
زکوۃ دیتے اور اگر کوئی زکوۃ مانگتا اور اسکا حال معلوم نہوتا اسکو زکوۃ دیتے لیکن بعد اسکے
کہ غنی ہونا اوسکا معلوم ہوتا تو خبر کرتے کہ غنیونکو زکوۃ مین حصہ نہین ہے اور نہ جسکو
کمانی کی طاقت ہی اور عادت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی یہہ تہی کہ زکوۃ کو جس گانو مین تحصیل
کرتے وہان کے محتاجون پر صرف کرتے اور اگر کچھ بچتا تو آنحضرت کی پاس لاتے اور مدینہ کے
محتاجون پر صرف کرتے اور نبی کی عادت تہی کہ گھوڑے اور لونڈی اور استر اور گدھے

اور سائل اور حرز دار ترکہ حلی اور تہذا و سیروں سے کتابی نہیں جانتے اور جمع نہیں
کئے جاتے زکوۃ لیتے ہوں مگر تر خزا اور اگر جانتے کہ اوس نے زکوۃ لینے والا تو دیتے اور جب تک نہ
فرق کرتے اور جب کوئی زکوۃ آنحضرت کی پاس لاتا اسکو دعا کرتے اور کبھی کہتے اللّٰہم
بارك فيه وفي أهله اور کبھی کہتے اللهم صل عليه وعلى أهله اور صدقہ دینے
والیکو منع فرماتے کہ اپنا صدقہ خریدے اور صدقہ کی اونٹوں کو اپنے دست مبارک سے
داغ کرتے اور اکثر داغ کانپر کرتے اور اسلام کی مصلحت کے واسطے قرض کرتے اور صدقہ
کے مال کے آنے پر وعدہ کرتے اور ضرورت کے وقت زکوۃ کو دو برس کی پہلے سے طلب فرماتے

فصل زکوۃ فطر کے بیان میں منادی کرنیوالیکو بھیجتے بازار اور کوچوں
میں اور محلوں میں کہ پکار دیا الا ان صدقة الفطر واجبة على كل
مسلم ذكر او انثى حر او عبد صغير او كبير مدان من قمح او سواه
صاعا من طعام اور سنن نسائی میں ثابت ہے کہ جب خلافت کی نوبت امیر المومنین
علیؓ کی پہونچی فرمایا اما اذا وسع الله عليكم فاوسعوا اجعلوها صاعا
من بر وغيره وفي لفظ لابي داود فلما قدم علي رأى رخص الشعير
فقال قد اوسع الله عليكم فلو جعلتموه صاعا اور عادت آنحضرت کی یہ
تھی کہ زکوۃ فطر کو نماز عید سے پہلے دیتے اور فرماتے من اداها قبل الصلوة فهي زكوة مقبولة
ومن اداها بعد الصلوة فهي صدقة من الصدقات اور صحیحین میں ہے
ابن عمرؓ سے امر رسول الله صلى الله عليه وسلم بزكوة الفطر ان يؤدى
قبل خروج الناس الى الصلوة اور ظاہر ان حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز کے
بعد صدقہ دینا صواب نہوگا اور اس صدقہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صرف مسکینوں
کو دیتے اور باقی آٹھ قسم پر زکوۃ کی طرح تقسیم نہیں فرماتے اور صرف مسکینوں کو دینا
حکم ہی صریح میں آیا اور بعضی عالم اسکے قایل ہوئے ہیں کہ آٹھ قسم پر صرف کرنا

جایز نہین بلکہ خاص مسکینون کو دینا چاہیئے اور لیکن صدقہ نفل کو بہی بہت
درست رکہتی اور دیتی ہے اسکئے اتنا خوش ہوتے کہ بخیل لوگ لینی سے خوش
ہوتے ہین اور جتنا اللہ کی راہ مین خرچ کرتے اسکو بہت بچانتی اور تہوڑا ہی نہین
سمجھتے اور کسیکی ایسے چیز ایسی نہین مانگی ہوگی کہ انکے پاس ہوا اور انہون نے
نہ دی ہو تہوڑی یا بہت اور ایسا دیتے کہ مفلسی سے اندیشہ نکرتے اور محتاج
کو دیکہتے اپنا کہانا اور پینا اسکو کہلا دیتے اور بخشش اور صدقہ کئی قسم سے دیتے
کبھی بطور صدقہ کے کبھی بطور ہدیہ کے کبھی چیز خرید لیتے اور قیمت اسکی ادا
کرتے اور پہر چیز والے کو بخشدیتے اور کبھی قرض لیتے اور ادا کرتے
کچہ بڑہا کر دیتے اور کبھی چیز خرید لیتے اور قیمت سے زیادہ دیتے اور کبھی ہدیہ
قبول کرتے اور دونا اوسکا انعام فرماتے اور غرض یہہ تہی کہ جس قسم کی
شفقت ممکن ہو خلق کو پہونچاتے اور لوگون کو صدقہ دینے کا حکم کرتے
اور حرص دلاتے اور آنحضرت صلعم کہہ کہہ کر کے لوگون کو سخاوت اور بخشش
کی دعوت کرتے اتنا کہ اگر بخیل حریص آنحضرت کا حال مبارک دیکہتا تو اوس
پہی ضرور اثر کرتا اور وہ بہی سخی ہوجاتا اور جو انکے ساتھ صحبت رکہتا آپکے
جانکا بہی مختار رہتا کہ احسان اور کرم اوپر غلبہ نکرے اور اس سبب سے
ہمیشہ خوش اور دلشاد اور مسکراتے رہتے **باب نبی صلعم کے**
روزون کے بیان مین کان النبی صلی اللہ علیہ
وسلم اجود الناس واجود ما یکون فی رمضان آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم ساری خلقت سی سخاوت اور کرم مین زیادہ تہی ہمیشہ
اور رمضان مین سخاوت اور بخشش اور لوگون کو دینا سب دن سے زیادہ تہا
صدقہ اور خیرات سب رات دن پر دوچند ہوتا اور ذکر اور نماز اور اعتکاف

97

اور تنہا وہ سب میں اپنا مستغرق رہا کرے اور ایسا ہی مبارک کو طرح طرح کی عبادتوں
سے خاص کرتے اور بعضے دن رمضان میں اسا دن برابر روزہ رکھتے اور دوسروں
کو منع فرماتے بعضوں نے کہا آپ تو رکھتے ہیں پہر ہم کو کیوں منع فرماتے ہیں
فرمایا لَسْتُ کَہَیْئَتِکُمْ اِنِّیْ اَبِیْتُ عِنْدَ رَبِّیْ وَفِیْ لَفْظٍ اَظَلُّ عِنْدَ
رَبِّیْ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِیْ اور عالموں کے اس کہانے اور پینے میں کئی
قول ہیں ایک یہہ کہ کہانا اور پینا یہی تہا جیسے کہانے ہیں اسواسطے کہ
یہہ لفظ کی حقیقت ہے اور حقیقت سے نکالنا کوئی سبب ظاہر نہیں کہتا پس
قیاس حقیقت پر ہو نگا دوسرے یہہ امر اوندا سے روحانی ہے کہ معرفتیں
لذتوں سے مناجات کی اور فیضان سے آپ کے لطیفوں کے جو دل پر وارد ہوتے
تہے اور حواس جنس کی خبر نہی سو حق تعالیٰ ہے اور نفس کی خوشی سے اولیا
کی روح اور روشنی آنکہ کے کہ اس سے اتنی قوت اور قدرت اور چستی حاصل
ہوتی ہے کہ غذاے جسمانی سے بے پروا ہو جاتا ہے **شعر**

لَہَا اَحَادِیْثُ مِنْ ذِکْرَاکَ تَشْغَلُہَا ... عَنِ الشَّرَابِ وَتُلْہِیْہَا عَنِ الزَّادِ
لَہَا بِوَجْہِکَ نُوْرٌ تَسْتَضِیْءُ بِہٖ ... وَمِنْ حَدِیْثِکَ فِیْ اَعْقَابِہَا حَادِیْ
اِذَا اشْتَکَتْ مِنْ کَلَالِ السَّیْرِ وَاعَدَہَا ... رَوْحُ الْقُدُوْمِ فَتَحْیٰی عِنْدَ مِیْعَادِ

اور تیسرا قول مختار یہہ ہو سکتی کہ اگر حقیقت پر کہانے اور پینے کی گمان
کیا جاوے تو وصال متصور نہو بلکہ روزہ باطل ہو جاوے اور عادت یہہ تہی کہ روزہ
رمضان شریف کا بے دیکہے چاند کے شروع نکرتے یا گواہی ایک عادل کی جیسا
ایکبار گواہی سے ابن عمر کی روزہ رکہا اور دوسرے بار بہی گواہی سے اعرابی کے
اور صرف خبر پہنچانا ایکا کفایت کیا اور تکلیف تہا دے کے لفظ کی نہ کی اور
اگر نظر آتا اور نہ گواہی ہوتی تو شعبان کی چاند کو تیس کا حساب کرے

اسکے بعد روزہ کہولتے اور فرماتے لوگون کو کہ ایک شخص کی گواہی سے رکہو اور دو
کی گواہی سے کہولو اور افطار کرنے مین جلدی کرتے اور سحر ہمیشہ کہاتے اور دیر
کہاتے اور امت کو سحر کہانے اور انہین دیر کرنے کی ترغیب دیتے اور اسپر فرماتے
کہ روزہ دار افطار مین تو کہجور سے کرے اور اگر نہ پاوے تو پانی سوکہی ہے اور اگر
نہ پاوے پانی سے اور یہہ نہایت شفقت تہی امت پر اسواسطے کہ خلو معدہ کے
وقت طبیعت کہانیکو اچہی طرح قبول کرتی اور پہلی چیز جو معدہ مین پہونچی
اور میٹہی ہو بدن کو قبول ہے اسکے نہایت فایدہ ہوگا خصوصا بینائی کی
قوت کو مٹہائی سے زیادہ ہوتا ہی تقویت ساری بدن کی اور شیرینی چہانے
والونکی خرما ہے اور طبیعت وہانکی لوگون کی اسی سے پروردہ فایدہ انکا اس سے
زیادہ ہی دوسرے مٹہائی سے طب کے روسے اور لیکن شرع کی روسے اور اسکی اثر سے
راہ خرما مدینہ منورہ کا اللہ تعالی نے قدم کی برکت سے آنحضرت ؑ کی تریاق
ساری زہرونکا بنایا ہی اور دوا ساری بیماریونکی کیا اور فرمایا اِنَّ فِی الْعَجْوَۃِ
الْعَالِیَۃِ شِفَاءٌ مِنْ کُلِّ دَاءٍ وَاِنَّھَا تِرْیَاقٌ اَوَّلُ الْبُکْرَۃِ اور دوسرے
جگہ فرمایا ہے مَنْ تَصَبَّحَ بِسَبْعِ تَمَرَاتٍ مِمَّا بَیْنَ لَابَتَیْھَا لَمْ یَضُرَّہُ ذٰلِکَ
الْیَوْمَ سَمٌّ وَلَا سِحْرٌ اور ایسی جگہون مین رسمی طبیبونکی حیرت کی سوا
کچہہ بن نہین آتا اور اسکا بہید دلون کی جو طبیب ہین وہی جانتے ہین
اور افطار کی وقت یہہ دعا پڑہتے اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْنَا وَعَلٰی رِزْقِکَ
اَفْطَرْنَا فَتَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اور اسناد مین اسکے
گفتگو ہے اور سنن مین ابی داود کے ثابت ہوا کہ فرماتے تہی اَللّٰھُمَّ لَکَ
صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ اور بعضی روایتون مین آیا ہی کہ کہتے
ذَھَبَ الظَّمَاءُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ تعالی

اور منع فرمایا روزہ دار کو فحش کہنے سے اور گر نیوالی کی جواب کی طرف متوجہ ہونے
سے اور فرماتے اگر کوئی تجھکو بہ کہی اور گالی دے تو جواب میں کہے کہ میں روزہ دار
ہوں اور عالموں کو اسمین تین قول ہیں بعضے کہتی ہیں سنت ہے کہ جواب میں
یہی لفظ کہی اور یہہ بہت ظاہر قول ہے اور بعضی کہتے ہیں دلمیں کہے اور اپنے نفس
کو یاد دلاوے کہ میں روزہ دار ہوں تا جواب میں مشغول نہو اور بعضوں نے کہا ہے
کہ اگر روزہ فرض ہو زبان سے کہے اور اگر روزہ سنت ہو دل میں کہی تا ریا سے دور رہے

فصل اگر رمضان میں سفر کرتے کبھی افطار کرتے اور کبھی روزہ رکھتے اور یاران
کو بھی اختیار دیتے کہ روزہ رکھیں خواہ افطار کریں اور جب دشمن سے نزدیک ہو جاتے
حکم فرماتے لوگونکو افطار کا اور اگر اسی مثل حضر میں بھی اتفاق پیش آوے اور افطار
کرنیمین لشکر کو طاقت ہو اور دشمن پر تو افطار کرنا روا ہوگا اور عادت آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کی یہہ تھی کہ رمضان کی راتونکو اگر غسل کی حاجت ہوتی رات کو
غسل کر لیتے اور بعضی راتونکو تاخیر کرتے اور صبح کی بعد غسل کرتے اور روزہ کی نوبت میں
بوسہ ازواج مطہرات کا لیتے اور حدیث جو ابن ماجہ نے روایت کی ہے کہ
سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلٍ قَبَّلَ امْرَأَتَهُ وَهُمَا
صَائِمَانِ فَقَالَ قَدْ أَفْطَرَا اسناد اسکی ثابت نہیں ہے اور صحت کو نہیں پہنچے
اور جو بھولکر کھانا کھا جاتا یا پانی پی جاتا قضا کرنیکو نفرماتی اور فرماتی اِنَّ اللّٰهَ
هُوَ الَّذِي أَطْعَمَهُ وَسَقَاهُ اور اس کھانی اور پینے کو منزلہ کھانی اور پینی سونے
والیکی رکھتے اور مضائقہ نہیں سینگی لگانی اور مسواک کرنے اور غرغرہ اور ناک میں
پانی دینے میں مبالغہ نکرتے اور منع کرنیمین مسواک بانسرہ کے کوئی حدیث ثابت
نہیں ہوئے اور اس باب میں دو حدیثیں وارد ہوئی ہیں ایک یہہ کہ اكتحل رسول
اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو صائم اور ایک یہہ کہ فرمایا لیتقه الصائم

چاہیئی کہ پرہیز کرے روزہ دار سرمہ کھینچنے سے اور یہہ دونون حدیثین ضعیف ہین

بحث نہین ہو سکتی

فصل نفل روزون کے بیان مین

کبھی اتنے روزہ رکھتے کہ گمان کرتے کہ اب افطار نکرینگے اور کبھی اتنا پے درپے افطار کرتے کہ گمان کرتے لوگ کہ اب کبھی نرکھینگے کوئی مہینا روزہ سے خالی نچھوڑتے اور یہہ تین مہینے کہ عوام روزہ رکھتے ہین اس باب مین کچھہ وارد نہین ہوا اور رجب مین روزہ رکھنے کو منع فرماتے اور شوال مین چھہ روزہ رکھنی مین فرماتے کہ یہہ چھہ روزہ رمضان کے ساتھہ برابر صیام دہر کے ہین اور عاشورہ کے دن البتہ روزہ رکھتے اور مرتبہ عاشورہ کے روزے کی تین ہین افضل یہہ ہے کہ تین روزے دسوین کو اور ایک روز اوسے پہلے اور ایک روز اوسکے بعد دوسرا مرتبہ یہہ ہے کہ نوین دسوین کو رکھی اور تیسرا مرتبہ یہہ کہ صرف دسوین کو رکھی اور لیکن رکھنا صرف نوین کا ثواب سنت نہین رکھتا اور لیکن عرفہ کی دن اگر حج مین ہو تو افطار کرلے اسواسطے کہ افطار کرنا قوی تر ہتا دعا اور کوشش کے واسطے اور دوسرے افطار سفر مین افضل ہے اور دوسرے یہہ کہ حج آنحضرت کا جمعہ کے دن ہوا تہا اور ایک روزہ رکھنا جمعہ کے دن مکروہ ہے اور دوسرے یہہ کہ عرفہ کا دن اہل موقف کی واسطے عید کا دن ہے اس واسطے کہ انکا جمع ہونا وہان ایسا ہی جیسا دوسرے لوگونکا جمع ہونا عیدگاہ مین اور حدیث مین نبی کی وارد ہے یَوْمُ عَرَفَةَ وَيَوْمُ النَّحْرِ وَأَيَّامُ مِنًى عِيدُنَا أَهْلَ الْإِسْلَامِ اور ہفتہ اور یکشنبہ کو کبھی روزہ رکھتے اور غرض اس سے مخالفت یہود اور نصاری کی تہی اور حدیث مین ام سلمہ کی ثابت ہوا کہ پوچھا لوگون نے أَيُّ الْأَيَّامِ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثَرَهَا صِيَامًا قَالَتْ يَوْمَ السَّبْتِ وَالْأَحَدِ وَيَقُولُ إِنَّهُمَا يَوْمَا عِيدٍ لِلْمُشْرِكِينَ فَأَنَا أُحِبُّ أَنْ أُخَالِفَهُمْ اور عادت نبی کی نتہی کہ ہمیشہ روزہ رکھین اور ہمیشہ روزہ رکھنی سے منع فرماتے اور حق مین ہمیشہ روزہ رکھنی والی کی فرماتے لَا صَامَ وَلَا أَفْطَرَ

١٠١

اور عادت آنحضرت کی یہ تھی کہ بہت دفعہ گھر مین آتی اور پوچھتی کہ کچھ کہانیکی چیز ہے اگر جواب ملتا نہین ہے فرماتے کہ مین روزہ دار ہون اور نیت روزہ کی کرتے اور بعض وقت نیت نفل کے روزہ کی ہوتی اور روزہ تمام نکرتے اور کسی کے روز مین افطار کرتے اور فرماتے من نزل علی قوم فلا یصومن تطوعا الا باذنہم لیکن اسناد مین اس حدیث کے طعن کیا ہے اور مکروہ کہتی کہ کوئی جمعہ کے دنکو خاص کرے روزے کی واسطی اور فرماتی کہ روز عید کا تمہارا ہے اور جمعہ کے دن روزہ نرکہو مگر یہ کہ پہلے اسکے یا پیچھے اسکے ایکدن روزہ رکھو تب مکروہ نہوگا اور سر اسکا جمعہ کے باب مین بیان ہوا

فصل اعتکاف کے بیان مین

اعتکاف سبب جمعیت دل کا ہے اور انقطاع کا غیر حق سے اور عبادت کی تہائی کا سبب اور دنیا کا موجب خلق سے اور واسطہ ہے زوال تفرقہ کا اور یہ مقصد روزہ کی حالت مین خوب حاصل ہوتا ہی ضرور ہوا کہ اعتکاف کا حکم افضل ایام روزہ کے ہو وہ دس دن اخیر مین ماہ رمضان کے آ روایت نہین ہے کہ آنحضرت بیروزہ کے معتکف ہوے ہون کسیوقت مین اور عایشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہین کہ اعتکاف نہین ہے بے روزے کے اور ہر رمضان مین اعتکاف فرماتی اخیر عشرہ مین مگر ایک عشرہ رمضان کا اعتکاف آپ سے فوت ہوا شوال کے مہینے مین قضا فرمایا اور ایکبار عشرہ اول مین اعتکاف فرمایا اور ایکبار عشرہ اوسط مین اور ایکبار آخر مین اور جب معلوم ہوا کہ شب قدر اسی عشرہ مین ہے دوسرا اسی عشرہ مین اعتکاف کرنا شروع کیا آخر عمر تک اور جب اعتکاف کیا چاہتے نماز صبح کی پڑھکر اعتکاف مین آتی اور اعتکاف کی جگہ خیمہ تہا کہ مسجد مین کہڑا کرتے اور اسمین خلوت کرتی اور گھر مین اپنے نہ آتی مگر پایخانہ کی واسطی اور کبھی سر مبارک کو مسجد سے حجرہ مین عایشہ رضی کی جہکا دیتے کنگھی کرنیکی واسطی اور سر دہونیکے اور اعتکاف کی حالت مین جو ازواج مومنین تہین جو چاہتین زیارت کو پیغمبر کی تشریف لاتین اور جبکہ جانیکا وقت اوتہتین آنحضرت بھی اوٹہتی اور انکو گلی تک پہنچانے

پرسیتے اور یہہ سب بات کو پورا اور نمکاف کی اندر بانٹ نہ کرتے اور جب اعتکاف کیا چاہتے اعتکاف کی جگہہ تخت بچھاتی اور اوسپر کپڑا تنا بچھاتی اور جب وضو کو گھر میں آتے کسی کی طرف مشغول نہ ہوتے بلکہ اگر کوئی گھر والون مین سے بیمار ہوتا اسکی پاس ہوی توقف نکرتے راہ چلتی حال اسکا پوچھ لیتی اور ہر برس مین دس روز اعتکاف کرتے اور آخر مین پاس برس کے مین بیس روز اعتکاف کیا اور ہر برس ایکبار قرآن حضرت جبرئیل ع کو سناتے اور اس آخر سال مین دو بار سنایا

باب حج مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور عمرے مین انکے

سب علما اس بات پر ہین کہ بعد ہجرت کے ایک حج ادا کیا اور وہ حجۃ الوداع تہا اور خلاف نہین ہے کہ دسوین سال تہا ہجرت سے اور لیکن ہجرت سے پہلے دو حج کیے اور جامع ترمذی مین یہہ ثابت ہوا ہے اور صاحب محلی نے نقل کیا کہ ہجرت سے پہلے چار حج سے زیادہ کیے لیکن گنتی اسکی خوب یاد نہین ہے حج نوین برس سے فرض ہوا اور اسیوقت سے تیاری اسباب سفر حج کی مشغول ہوئے لیکن آیہ وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ الخ چہٹی برس مین ہجرت سے نازل ہوئے اور یہہ دلالت فرضیت پر حج اور عمرے کے نہین کہتی ہے بلکہ حکم ہے حج اور عمرہ پورا کرنیکا شروع کرنیکے بعد

فصل طور مین حج پیغمبر خدا کی

جب حج کا عزم کیا صحابہ کو اعلام کیا حج کا سب نے تیاری سفر کی کی اور یہہ خبر گانو اور بستیون مین کہ اطراف مین مدینہ کی تہین پہونچی سارے مسلمان مدینہ کی طرف متوجہ ہوئے اور راہ مین مکہ کے ہر طرف سے غول مخلوق آ نے لگا اور حاجیون کی گنتی حساب سے باہر ہوئی پنجشنبہ یا ہفتہ کے دن چوبیسوین کو ذی القعدہ کی ظہر کی نماز جماعت سے مسجد مین مدینہ کی پڑہی اور سفر کیا اور اسکے پہلے خطبہ کیا اور لوگون کو شرائط اور ارکان اور ادب حج کے تعلیم کئے اور یہہ جمعہ کے دن تہا اور یہہ ہو بہ ہی اس

بات پر کہ سفر شنبہ کے دن تھا اور لیکن صحیح حدیثیں وارد ہوئی ہیں کہ سفر کو روز
پنجشنبہ کو شروع کرے اور صحیح بخاری میں ثابت ہے کہ ما کان رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخرج فی سفر الا یوم الخمیس اور نماز ظہر
کے بعد سر مبارک کو شانہ کیا اور تیل سر میں ڈالا اور چادر پہنا اور دو نمازوں کے
درمیان سفر کیا اور ذوالحلیفہ میں اترے اور عصر کی نماز کو قصر کیا اور ایک رات
اسی جگہ مقام کیا اور نماز شام اور عشا اور صبح اور ظہر کی وہان پڑھی اور پانچون بیبیان
وہان ہمراہ تھیں اور سب بیبیان حضرت کی ساتھ ہو تھیں اور اس شب کو سب کے
پاس آئے اور نماز صبح کی واسطے غسل کیا اور ظہر کے بعد احرام کی واسطے غسل
دوسرا کیا اور خطمی اور اشنان غسل کے وقت سر میں لگایا اور حضرت عائشہ
خوشبو لائیں اور وہ مرکب تھی کئی خوشبو ملا کر بنی تھی اور اسمیں مشک بھی تھا
بدن پر اور سر مبارک پر ملا اتنا کہ اثر مشک کا بدن پر اور سر مبارک پر آنحضرت کے
معلوم ہوتا تھا بعد اسکے تہبند اور احرام کی چادر پہنی اور نماز ظہر کی قصر کی ساتھ
ادا کی اور احرام باندھا اسی جگہ کہ نماز ظہر کی پڑھی تھی اور منقول نہیں کہ نماز سے
پہلے سوا نماز ظہر کے کوئی نماز خاص احرام کے واسطے پڑھی ہو اور احرام سے پہلے
قربانی کے اونٹ کے کوہان میں دو گوشت اٹھائے اور داہنے طرف سے اسکی کوہان
کو چیرا اور خون کو اسکے پاک کیا اور احرام میں انکے اختلاف ہے کہ تلبیہ کس قسم
کے حج کی کہی اور اکثر حدیثیں صحیح مصرح میں اس بات پر کہ احرام حج اور عمرہ کا
تھا اور فرمایا اتانی آت من ربی فقال صل فی ہذا الوادی المبارک
وقل عمرۃ فی حجۃ اور حدیثیں صحیح صریح اس باب میں بیس سے زیادہ ہیں
اور اسیطرح حدیثیں صحیح بہت وارد ہوئیں اس بات پر کہ احرام انکا صرف
حج کا تھا فی صحیح مسلم عن عائشۃ ان رسول اللہ صلعم

اہل بالحج مفردا اور صحیحین مین ثابت ہی خرجنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا نذکر الا الحج وعند مسلم عن ابن عمر اہللنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالحج مفردا اور حدیثین صحیح تمتع مین بہی وارد ہین اور موافق کرنے کی راہ ان حدیثون مین یعنے تعارض اوٹہانے کی راہ یہہ ہے کہ آنحضرت نی اول احرام مفرد باندہا بعد اسکے عمرہ کو حج مین لے آئے اور قارن ہوئے اور فرمایا دخلت العمرۃ فی الحج الی یوم القیمۃ اور جو شخص تمتع کا قایل ہے مراد اوسکی تمتع لغوی ہے کہ معنی اسکے انتفاع اور لذت اوٹہانا ہے اسواسطی کہ شک نہین ہے کہ قران مین فایدہ اور لذت حاصل ہوتی ہے اسواسطی کہ دو نسک مین سے ایک نسک پر اکتفا کرتا ہی اور افراد عمل کا ہر ایک کے لئی حج اور عمرہ سے محتاج ہونا نہین پڑتا ہے اور صحابہ رضی اللہ عنہم تین قسم پرتہے آنحضرت کی ساتہہ ایک قسم نے احرام حج اور عمرہ دونون کا باندہا یا صرف حج کا اور اونکی ساتہہ قربانی تہی اور احرام صرف حج کا باندہا تہا اور اسی احرام پر باقی رہے یہانتک کہ نحر کی دن احرام اوتارا اور دوسری قسم جنکی ساتہہ قربانی نہ تہی اور احرام حج کا باندہا اور پیغمبر خدا نے فرمایا کہ حج کو عمرہ کر دو یعنے پہیر دو احرام حج کو احرام عمرے کی طرف اور افعال کو عمرے کی تمام کر دو عرفہ کے روز سے پہلے اور پہر احرام باندہو حج کا کہ سے عرفات کو جاو تیسرے ایک جماعت تہی کہ انکے ساتہہ قربانی نہ تہی اور حج کا احرام باندہا تہا اور پیغمبر نے انکو فرمایا کہ احرام کو پہیرو عمرہ کی طرف اور یہہ معنی فسخ حج کے ہین عمرہ کے ساتہہ

فصل حج مین پیغمبر صاحب کے

گروہونکو علما کے پانچ سہو ہوئے پہلے گروہ مین کہتے ہین کہ حج مفرد ادا کیا جسکے ساتہہ عمرہ نہ تہا دوسر گروہ کہتے ہین تمتع تہا جسمین عمرے

١٠٥

حلال ہوئے اور آپ نے پہلے احرام حج کا باندا تیسرے گروہ ہین کہ کہتے ہین متمتع
تھے جس تمتع مین عمرہ سے حلال ہوئے بسبب قربانی لیجانیکے چوتھے گروہ وہ
ہین کہ کہتے ہین کہ قران تہا جسمین دو طواف تھے اور دو سعی پانچوین گروہ وہ ہین
کہ کہتی ہین مفرد تہا وہ افراد کہ بعد حج کے ادا کرنے کی عمرہ کی ساتھ باندا تنعیم
اور احرام مین بہی پیغمبر خدا کے پانچ گروہ کو سہو ہوا پہلے گروہ کہتے ہین کہ تلبیہ
صرف عمرہ کا کہا اور اسپر برابر رہے دوسرے گروہ کہتی ہین کہ تلبیہ صرف حج کا
کہا اور اسپر برابر رہے تیسرے کہتے ہین کہ تلبیہ صرف عمرہ کا کہا دوسرے بار حج
کو عمرہ مین داخل کیا چوتھی کہتے ہین کہ تلبیہ صرف حج کا کہا اور بعد اسکے داخل
کیا عمرے کو حج مین اور یہ مخصوص ہے ساتھ انکے پانچوین کہتے ہین کہ احرام
انکا مطلق تہا کسی نسک کو تعین نہ کیا اسکے بعد وحی آئی اور تعین کیا اور جب
نماز ظہر کی ادا کی احرام باندا اور لبیک کہا تب اپنی اونٹنی پر سوار ہوئے اور جب
اونٹنی کہڑی ہو گئے دوسرے بار تلبیہ کہا پہر جب بلندی پر جو برابر بیداء کی ہے
چڑہے دوسرے بار تلبیہ کہا اور کبہی لبیک بحج و عمرہ کہتے اور کبہی لبیک بحج
اور فرماتے لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَ
النِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ اور آواز بلند کرتے کہ ساری صحابہ سنتی اور
فرماتے آواز بلند کرو اور سواری آپکی ایک اونٹ تہا اور اسپر پالان تہا نہ شقدف
اور نہ محارہ اور محمل اور نہ ہودج اور محفہ اور ہمیشہ اسیطرح تلبیہ فرماتے اور صحابہ
عبارت مین تلبیہ کی کم بیش بہی کرتے اور پیغمبر خدا کسی پر انکار نہ فرماتی اور
احرام کی مدت مین سر کی بال کو خطمی اور غسل سے جماتے اور بعض روایت کرتی
ہین کہ شہد سے جمایا تہا تا گرد سے محفوظ رہے اور جب روحا کی مقام مین پہونچی
جنگلی گدہے کو دیکہا زخم کہایا ہوا فرمایا اسکو چہوڑ دو کہ جلد ہی زخمی کرنیوالا آجائے

ظاہر ہوگا اسیوقت ایک مرد پیدا ہوا اور بولا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تم جانو جو چاہو
کرو اس شکار کو میرے آنحضرت نے ابوبکر رض کو فرمایا کہ رفیقوں میں تقسیم کرو اور جب آگے آئے کی
منزل میں پہونچے کہ ایک جگہ ہے رویثہ اور عرج کی درمیان ایک ہرن کو دیکھا کہ درخت کے
سایہ میں سوتا ہے ایک شخص کو متعین فرمایا کہ اسکے نزدیک کھڑا رہے کہ کوئی محرم اور
حاجی اسکو چھیڑے نہیں جب آنحضرت عرج میں پہونچے ایک غلام حضرت ابوبکر کا
پیچھے رہا تہا اور ایک اونٹ کہ پیغمبر خدا اور ابوبکر رض کا تہا اور اوسکے ہاتہ میں تہا اور
ایک ساعت اوسکی راہ دیکھی جب پہونچا تو اونٹ اوسکی ہاتہ میں نہ تہا ابوبکر نے پوچھا اونٹ
کہاں ہے اوسنے کہا میں نے گم کیا ابوبکر رض اوٹھے اور اوسکو ادب کے واسطے مارنے لگے اور کہنے
لگے کہ ایک اونٹ ہمنے تیرے حوالہ میں ہمنے کیا اسکو بہی تو نے گم کیا اور پیغمبر خدا تبسم کرتے تھے
اور فرماتے تھے محرم کو دیکھو کہ کیا کرتا ہے اُنظُرُوا اِلیٰ ھٰذا المُحرِمِ مَا یَصنَعُ اور اس سے
کچھ زیادہ نہ فرمایا اور جب ابوا میں پہونچے صعب بن جثامہ جنگلی گدہے کو ہدیہ لائے قبول
اور چاہیے سو درود پیغمبر پر بھیجنا اور وضع درود کی جو آنحضرت سے ثابت ہی
بیچ کتاب صلوٰۃ میں پہلے ہم نے بیان کیا ہے انہیں سے ایک یہہ ہے اللهم صل
علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراهیم وعلی آل ابراهیم
وبارک علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراهیم وعلی آل
ابراهیم انک حمید مجید والسلام علیک ورحمة الله وبرکاته
ای اللہ درود بھیج محمد پر اور محمد کی آل پر جیسا کہ درود بھیجا تو نے ابراہیم پر
اور ابراہیم کی آل پر اور برکت بھیج محمد پر اور محمد کی آل پر جیسا کہ برکت بھیجی
تو نے ابراہیم پر اور ابراہیم کی آل پر بیشک تو سراہا گیا بزرگ ہے اور سلام

بهیجیو اور رحمت اللہ کی اور اوسکی برکتین دوسری وضع یہہ ہے اَللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ
مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَیْنَا مَعَھُمْ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ
مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلَیْنَا مَعَھُمْ صَلَوٰۃُ اللّٰہِ وَصَلَوٰتُ الْمُؤْمِنِیْنَ
عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ
ای اللہ درود بہیج محمد پر اور اوسکی اہل بیت پر جیسا کہ درود بہیجا تونے ابراہیم
پر بیشک تو سراہا گیا بزرگ ہے ای اللہ درود بہیج ہمپر اونکی ساتہہ ای اللہ برکت
بہیج محمد پر اور اوسکی اہلبیت پر جیسا کہ برکت بہیجی تونے ابراہیم پر اور ابراہیم
کی آل پر بیشک تو سراہا گیا بزرگ ہی ای اللہ برکت بہیج ہمپر اونکی ساتہہ
درود اللہ کا اور درود مومنونکا محمد پر جو نبی امی ہے سلام تمپر اور رحمت اللہ
کی اور برکتین اوسکی آور بالکل وضع جو مجہکو پہونچی ہین اڑتالیس ہین انمین سے
چہبیس آنحضرت سے روایت ہین اور باقی صحابہ اور تابعین سے رضی ہو اللہ
ان سب سے اور افضل وضع مین علما کو اختلاف ہی اور شیخ محی الدین نووی
رحمۃ اللہ علیہ نے اذکار مین اسپر اختصار کیا کہ افضل یہہ ہے کہ کہی اَللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
وَّاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِہٖ
وَذُرِّیَّتِہٖ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
اسواسطی کہ یہہ کیفیت جامع ہی سارہی عبارتونکو جو حدیث صحیح مین وارد
ہوئی ہین اور امام ابراہیم مروزی رحمۃ اللہ علیہ کہتا ہی افضل یہہ ہے کہ کہی

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا ذَکَرَہُ الذّٰکِرُوْنَ وَکُلَّمَا
سَھٰی عَنْہُ الْغَافِلُوْنَ ای اللہ درود بھیج محمد پر او ر محمد کی آل پر جتنا کہ ذکر کیا ذکر
کرنیوالوں نے اور جتنا کہ بھول گئے اوس سے غافل **فصل بیان مین کپڑا
پہننے کی دعا مین** آنحضرت جب کپڑا پہنتے یہہ دعا پڑہتے اَللّٰھُمَّ
لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ کَسَوْتَنِیْہِ اَسْئَلُکَ خَیْرَہٗ وَخَیْرَ مَا صُنِعَ لَہٗ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ
شَرِّہٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَہٗ ای اللہ تیرا شکر ہے تو نے مجھکو یہہ کپڑا پہنایا مانگتے
ہین تجھسے خیر اوسکی اور خیر اس چیز کی جسکے واسطے بنا اور پناہ مانگتے ہین تجھسے
سے اسکی او ر شر سے اس چیز کی جسکے واسطے بنا اور فرماتے جو کپڑا پہنے کہے اَلْحَمْدُ
لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ غُفِرَ لَہٗ
مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ شکر ہے اللہ کا جسنے پہنایا یہہ کپڑا اور نصیب کیا میرا اسکا
نہ بہرل سے میرے اور نہ زور سے بخشا جائیگا جو گزر چکا گناہ اسکا اور امیر المومنین عمر
رضی اللہ عنہ روایت کرتی ہین آنحضرت سے کہ فرمایا جسنے کپڑا نیا پہنا اور کہا اَلْحَمْدُ
لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِہٖ فِیْ حَیٰوتِیْ شکر
اللہ کا جسنے پہنائی مجھے وہ چیز جس سے ڈہکی عورت میری اور رونق ہوئی حیوۃ
میری اور بعد اسکے پرانا کپڑا دیدیا کسی فقیر کو وہی ہمیشہ حفظ اور پناہ اور راہ حق
چلنے مین ہیگا اور عادت آنحضرت کی یہہ تھی کہ جب کپڑا یا عمامہ
نام کہتے اور امیر المومنین عمر پر ایک کپڑا دیکھا کہا یہہ کپڑا دہویا ہے یا نیا کہا دہویا
کہا اِلْبَسْ جَدِیْدًا وَّعِشْ حَمِیْدًا وَّمُتْ شَہِیْدًا یعنی نیا پہن اور اچہی طرح زندگی کر
اور شہید مر **فصل بیان مین گھر آنے کی دعا کی** آنحضرت جب
مین آتے کہتے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَفَانِیْ وَاٰوَانِیْ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنِیْ وَ
سَقَانِیْ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ مَنَّ عَلَیَّ اَسْئَلُکَ اَنْ تُجِیْرَنِیْ مِنَ النَّارِ

شکر اوس خدا کا جسنی کفایت کی مجہی اور جگہ دی مجہی اور شکر ہی اس خدا کا جسنی
کہلایا مجہکو اور پلایا مجہکو اور شکر ہی اوس خدا کا جسنی احسان کیا مجہپر مانگتا ہون
پناہ ہی مجہی آگ سے اور فرمایا جب بندہ مسلمان گہر مین اپنے پاون رکہی چاہیی کہ
کہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا
وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا ای اللہ مانگتا ہون تجہسی بہتر بیٹہنی کی جگہ اور بہتر
نکلنی کیجگہ نام سی اللہ کی در آیا مین اور اپنی اللہ رب پر بہروسا کیا مینے تب کہی
گہر والون کو سلام کہی اور انس بن مالک کو فرمایا جب تو اپنی گہر مین آوی گہر والون
پر سلام کہی برکت ہوگی تجہپر اور تیری گہر والونپر اور فرمایا تین شخص پناہ اور ضمان مین
مین حق تعالی کی ہین ایک وہ کہ نیت سے جہاد اور غزا کی گہر سے باہر نکلی ضمانت مین
اللہ کی ہے یا اسکو مار ڈالیگا اور بہشت مین لیجائیگا یا سلامتی کی ساتہہ مزدوری
اور لوٹ کی پہیریگا اور دوسرا جو نماز کی واسطی مسجد کو چلتا ہی اللہ کی پناہ مین ہے
یا مر جائیگا اور بہشت مین جائیگا یا سلامت ثواب اور غنیمت کے ساتہہ پہر آویگا اور تیسرا
وہ شخص کہ گہر مین در آوی اور سلام اپنے لوگونپر کہی وہ بہی اللہ کی پناہ مین ہے اور
فرماتے تہے جب ایک شخص گہر مین آوی اور داخل ہوتے وقت اور کہانیکی وقت حق
تعالی کو یاد کرے شیطان کہتا ہے اس گہر مین نہ مجہکو جگہ سونے کی ہے اور نہ جگہ کہانے
کی اور اگر در آدمی گہر مین اور آتے وقت خدا کو یاد نکری شیطان کہتا ہی کہ سونے
کی جگہ پائی مینے اور جب کہانیکی وقت اللہ کو یاد نکری شیطان کہتا ہی کہ کہانی کی
جگہ اور سونے کی جگہ دونون پائین مینے **فصل بیان مین پایخانہ کی دعا**
مین آنحضرت جب اس گہر مین جایا چاہتی کہتی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ
الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ ای اللہ پناہ مانگتا ہون جن سے اور جنیہ سے اور دوسرے حدیث
مین آیا ہی کہ جب پایخانے جانے لگی کوئی تم مین تو عاجز نہو اسکے کہنے سے اللہم

إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الرِّجْسِ النَّجِسِ الْخَبِيثِ الْمُخْبِثِ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ یعنی
مین پناہ مانگتا ہون پلید ہی پلید خبیث مخبث شیطان رجیم کی اور پیشاب کی حالت
مین ایک شخص نے انپر سلام کہا جواب نہ فرمایا کہ خدا تعالی کی یاد کو اس سے دشمن
رکھتا ہی یعنی پیشاب کی حالت مین بات کہنی ہے اور فرماتے کہ چاہیے کہ کوئی پیشاب
پاخانہ ضرور پہرنیکے وقت قبلہ کی طرف پیٹھ یا مونھہ نہ کرے اور اس حدیث کو ایک جماعت
نے صحابہ کی روایت کیا اور حدیث رخصت کی مسند مین امام احمد نے روایت کی کہ حضرت
خدا کی نزدیک ذکر کیا کہ ایک گروہ قبلہ کی طرف مونھہ کرنا پیشاب کی حالت مین مکروہ
جانتے ہین فرمایا انکے مذہب پر کہ ایسا کرتے ہین تو چوکی کو قبلہ کی طرف کرو اور یہ حدیث
مسند مین امام احمد کی ہے لیکن امام اہل حدیث کی بخاری نے تو اسپر طعن کیا اور
کہی کہ بڑے اماموں نے اسکو اثبات نکیا اور امام احمد کا کلام اثبات و تحسین کو اسکی
نہین ہے اور دوسرے یہہ کہ منقطع ہی اور مرسل ہے اور بعض راوی ضعیف ہین اور جب
پاخانہ سے نکلتے کہتے الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنِّي الْأَذَى وَعَافَانِي شکر
ہے اوس خدا کا جو لیگیا مجسے ایذا دینے والی چیز اور بچالیا مجھکو اور وضو کا ذکر اول کتاب مین
کیا گیا

فصل اذان کے ذکر مین

اذان کی پانچ چیزین شرع مین مقرر
ہوئی ہین ایک سننے والا جو موذن سے سنے اسکی مثل کہے سوا لفظ حی علی الصلوٰۃ
حی علی الفلاح کے کہ اسکو لا حول و لا قوۃ الا باللہ کہے اور کوئی حدیث جمع کرنیکی
حولا اور حیعلہ کے ثابت نہین ہوئی اور نہ قصر کرنیکی حیعلہ پر دوسرے یہہ کہے رَضِيتُ
بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا راضی ہوا مین اللہ سے کہ رب ہے اور
اسلام سے کہ دین ہے اور محمد سے کہ رسول ہے اور فرمایا کہ یہہ قول موجب مغفرت کا ہے تیسرے
یہہ کہ درود رسول پر بھیجے موذن کے جواب کے بعد چوتھے یہہ کہ یہہ دعا پڑھے اللّٰهُمَّ
رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ مُحَمَّدًا الْوَسِيلَةَ

وَالْفَضِيلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُودًا الَّذِي وَعَدْتَّهُ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ پانچوین یہہ کہ دعا اپنی دنیا اور آخرت کی واسطے کرے اور بعض روایت مین مسند امام احمد کے آیا ہے بعد اذان مؤذن کے کہے اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ النَّافِعَةِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَارْضَ عَنْهُ رِضًى لَا سَخَطَ بَعْدَهُ باری تعالی اسکی دعا کو قبول کریگا اور ام سلمہ نے کہا کہ پیغمبر خدا نے مجھی تعلیم کیا کہ آخر اذان مغرب کے اول وقت کہوں اَللّٰهُمَّ هٰذَا إِقْبَالُ لَيْلِكَ وَإِدْبَارُ نَهَارِكَ وَأَصْوَاتُ دُعَائِكَ فَاغْفِرْ لِي اور ابو امامہ کہتا ہے آنحضرت صلعم اذان کی آواز جو سنتی یہہ دعا پڑھتے اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ الْمُسْتَجَابَةِ الْمُسْتَجَابِ لَهَا دَعْوَةِ الْحَقِّ وَكَلِمَةِ التَّقْوٰى تَوَفَّنِي عَلَيْهَا وَأَحْيِنِي عَلَيْهَا وَاجْعَلْنِي مِنْ صَالِحِي أَهْلِهَا عَمَلًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اور فرماتے کہ دعا درمیان اذان نماز اور اقامت کے رد نہین ہوتی صحابہ نے پوچھا کیا مانگین فرمایا چاہیے مانگو دنیا اور آخرت مین

فصل دعا مین عشرہ ذی حجہ کی

عشرہ ذی حجہ مین آنحضرت دعا بہت کرتے اور حکم کرتے تہلیل اور تکبیر اور تحمید کا اور بعض روایات مین وارد ہوا ہے کہ پیغمبر خدا صلعم تکبیر کہتے نماز صبح سے عرفہ کی دن عصر تک آخر دن تشریق کے پیچھے ہر نماز فرض کے کہتے اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اور ہر چند اسناد اس حدیث کی صحت کی رتبہ کو نہین پہونچی لیکن عمل سب اہل اسلام کا اسپر ہے اور امام شافعی سے منقول ہی کہ اتنا زیادہ سو تو بھی بہتر ہے اور زیادتی یہہ ہے اَللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيرًا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ إِلَّا إِيَّاهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ وَصَدَقَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ

فصل دعا میں

یا نیا چاند دیکھتے تو کہتے اللهم اهله
والاسلام ربی وربک

الله اکبر اور کبھی کہتے الله اکبر اللهم اهله علینا بالامن والایمان
والسلامة والاسلام والتوفیق لما تحب وترضی ربنا وربک
الله اور سنن ابی داود میں قتادہ سے روایت کرتے ہیں کہ پیغمبر خدا جب نیا چاند
دیکھتے کہتے هلال خیر ورشد هلال خیر ورشد آمنت
بالذی خلقک آمنت بالذی خلقک الحمد لله الذی ذهب
بشهر کذا وجاء بشهر کذا اور اسناد اس حدیث کی ضعیف ہے

فصل
بیان میں کھانا کھانے کی دعا کی

آنحضرت جب کھانا کھاتے بسم اللہ سے شروع کرتے اور دوسروں کو بھی اسکے کہنے کو فرماتے
اور فرمایا اگر کوئی کھانا کھاوے تو چاہیے کہ بسم اللہ کہے اگر پہلے بھول جاوے
پیچھے کہے یا جس جگہ کھانے کی درمیان یاد آوے کہے بسم الله في اوله و
آخره اور محققین کے نزدیک بسم اللہ کہنا اول کھانے میں واجب ہے کیونکہ
حدیثیں اس امر کی صحیح اور معارض سے پاک ہیں لیکن اگر کسی مجمع میں ہو
تسمیہ کہنا ایک کا اس جماعت سے کفایت کرتا ہے دوسروں کی طرف سے
یا نہیں ایک گروہ علما کی کہتی ہیں کہ کفایت کرتا ہی لیکن حدیث حذیفہ
کی اس بات کی موافق نہیں ہے اسواسطے کہ وہ روایت کرتا ہی کہ کنا حضرنا
مع النبي طعاما فجاءت جارية كأنها تدفع فذهبت لتضع
يدها في الطعام فاخذ رسول الله صلى الله عليه وسلم بيدها
ثم جاء اعرابي فاخذ بيده فقال رسول الله صلى الله عليه
وسلم ان الشيطان ليستحل الطعام ان لا يذكر اسم الله عليه

وَاِنَّهُ جَاءَ بِهٰذِهِ الْجَارِيَةِ لِيَسْتَحِلَّ بِهَا فَاَخَذْتُ بِيَدِهَا فَجَاءَ بِهٰذَا الْاَعْرَابِيِّ لِيَسْتَحِلَّ بِهٖ فَاَخَذْتُ بِيَدِهٖ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ اِنَّ یَدَهٗ لَفِیْ یَدِیْ مَعَ یَدَیْهِمَا ثُمَّ ذَكَرَ اسْمَ اللّٰهِ وَاَكَلَ اور سنن میں ترمذی کے بھی حدیث سے عائشہ کے ثابت ہے کہا نبی صلعم صحابہ کے ساتھ کھانا کھاتے تھے اچانک ایک گنوار آیا اور اس سب کھانے کو دو لقمہ کیا پیغمبر خدا نے فرمایا کہ گنوار اگر بسم اللہ کہتا یہ کھانا تم کو کافی ہوتا اور تحقیق ہے کہ پیغمبر خدا اور صحابہ کی جماعت کا تسمیہ کہنا تھا سو اگر تسمیہ ایک کا کافی ہوتا اوروں کے تسمیہ سے تو اعرابی کے تسمیہ کہنے کی محتاج نہ ہوتے اور حدیث ضعیف میں وارد ہے کہ مَنْ نَسِیَ اَنْ یُّسَمِّیَ عَلٰی طَعَامِهٖ فَلْیَقْرَءْ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اِذَا فَرَغَ اور جب کھانے سے فراغت کرتے کہتے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَكًا فِیْهِ غَیْرَ مَكْفِیٍّ وَّلَا مُوَدَّعٍ وَّلَا مُسْتَغْنًی عَنْهُ رَبَّنَا اور کبھی کہتے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَفَانَا وَاٰوَانَا اور کبھی جو کھانا کھاوے کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنِیْ هٰذَا مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ بخشے جاتے اگلے گناہ جو کرچکا ہے اور کبھی کھانے کے بعد کہتے اَللّٰهُمَّ اَطْعَمْتَ وَسَقَیْتَ وَاَغْنَیْتَ وَاَقْنَیْتَ وَهَدَیْتَ وَاَحْیَیْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰی مَا اَعْطَیْتَ اور کبھی کہتے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ مَنَّ عَلَیْنَا وَهَدَانَا وَالَّذِیْ اَشْبَعَنَا وَاَرْوَانَا وَكُلَّ الْاِحْسَانِ اٰتَانَا اور دوسری حدیث میں ثابت ہے کہ فرمایا جب کوئی تم میں کھانا کھاوے چاہئے کہ کہے اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهِ وَاَطْعِمْنَا خَیْرًا مِّنْهُ اور اگر دودھ پیے چاہیے تو کہے اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ اور جب پانی پیتے تو تین بار دم لیکر پیتے اور شروع میں ہر دم کی بسم اللہ اور آخر میں الحمد للہ کہتے

فصل بیان میں گھر میں آنے کی

پیغمبر خدا جب اپنے گھر میں آتے کبھی فرماتے کہ تمہاری میں

کچھ کھانا ہی وجب سامنی آتا اگر موافق طبیعت کی پاتے تناول فرماتے اور اگر
نہین تو ترک کرتے او کبھی کسی کھانیکو عیب نکرتے اور کبھی کبھی کھانی کی تعریف
کرتے جیسے کہتی کہ نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ اور سوا اسکے بھی اسیطرح آیا اگر کھانا سامنے
آتا اور روزہ کبھی ہوتے فرماتے کہ مین روزہ دار ہون اور کھانا شروع کرتے وقت
اور کھانون کو دوبارہ کھانا اور پیکر کو چہتی جیسا سخی لوگونکا دستور ہے جیسا حدیث مین
ابہریرہ کی اور قصے مین دودہ پینے کے فرمایا اِشْرَبْ اونہی پیا دوسری بار فرمایا اشرب
پہر دوسری بار فرمایا اشرب برابر اسیطرح کہتی گئی پیا تنک کہ اونہی کہا قسم ہے اسکی
کہ جسنے تجھکو بہیجا سچ کر دوسری جگہ دودہ کی مین نہین پاتا اور جب کسیکی گہر مین کہانا
کہاتی اسکو دعا دیتے کبھی فرماتے اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ
لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ اور کبھی کہتی اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَ
وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ اور ابو الہیثم مالک بن التیہان نے آنحضرت کو ایک جماعت
کے ساتھ صحابہ کے دعوت کی جب کھانے سی فارغ ہوئے فرمایا اصحابہ کو کہ جزا دو اور
بدلا ادا کرو اسکا کہنے لگی یا رسول اللہ اسکا کیا بدلا ہی فرمایا جو کسی کے گہر مین جاے
اور کہانا اور پانی اوسکا کہا وی اوسکو دعا کری یہی اوسکا بدلا ہوگا اور فرمایا جب
کہانا کہاؤ تو اسکو پچاؤ اللہ کی یاد مین اور نماز مین اور کہانا کہا کر جلدی سو رہنے
کرو کہ دل تمہارے سخت ہونگے اور ایکبار ایک کوڑہی کا ہاتہ پکڑ کر اپنی کہانیکی
رکابی مین ڈالدیا اور فرمایا بِسْمِ اللّٰهِ ثِقَةً بِاللّٰهِ وَتَوَكُّلًا عَلَى اللّٰهِ اور حکم فرماتے
کہ دہنی ہاتہ سے کہانا کہاؤ اور بائین ہاتہ سے نہ کہاؤ کہ شیطان بائین ہاتہ سے
کہانا پیتا ہے اور کسی نے شکایت کی آنحضرت کے سامنے کہ کتنا ہی کہاتا ہون پیٹ
نہین بہرتا فرمایا جدا جدا نہ کہاؤ ملکر کہاؤ اور خدا کو یاد کرکے کہاؤ کہ برکت تمہارا

فصل سلام اور ادب مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی

اس باب مین صحیح حدیث مین ثابت ہوا ہی کہ افضل الاسلام و خیرہ اطعام الطعام و ان تقرء السلام علی من عرفت و من لم تعرف اور صحیحین مین ثابت ہی کہ باری تعالی نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا حکم فرمایا کہ جا نزدیک جماعت فرشتون کی اور اونپر سلام کر اور سن کہ یہ لوگ تجہکو کیا جواب دیتے ہین کہ وہ جواب تیرا ہی ہی اور تیری اولاد کی سو آدم گئے اور انپر سلام کیا السلام علیکم کے لفظ سی انہون نے جواب مین کہا السلام علیک و رحمۃ اللہ رحمۃ اللہ کے لفظ کو زیادہ کیا اور پیغمبر خدا نے حکم فرمایا سلام کی جاری کرنیکا اور فرمایا جب سلام کو رواج دوگے تمہاری درمیان دوستی پیدا ہوگی اور لوگ بہشت مین نجائینگے جبتک ایمان نہ لائینگے اور ایمان نہ لائینگے جبتک آپسمین خدا کی واسطے ایک دوسرے سے دوستی نرکہینگے اور صحیح بخاری مین ہے قال عمار ثلث من جمعھن فقد جمع الایمان الانصاف من نفسک و بذل السلام للعالم و الانفاق من الاقتار اس بات کی ضمن مین تمام اصل اور فرع ایمان کا ہے اسواسطے کہ انصاف کے سبب حق خالق اور مخلوق دونونکا اچہی طرح ادا ہوتا ہی اور بخشنا سلام کا ساری خلق کو اور کہانا کہلانا اور مال خرچ کرنا خصوص تہوڑی مین سے جب انصاف کی ساتہہ جمع کرین تو اصول اور فروع ایمان کے سب اسمین جمع ہونگے اور پیغمبر خدا کا گزر لڑکو نپر ہوتا تو انپر ہی سلام فرماتے اور بوڑہی عورتون کی جماعت پہ گزرتے انپر سلام کرتے اور فرمایا کہ لڑکا بڑہی کو سلام کری اور آنیوالا بیٹہے کو اور سوار پیادہ کو اور تہوڑے بہت کو اور جب برابر ہون ان صفتونمین جو پہلی سلام کرے اسکو بڑی فضیلت ہی اور فرمایا کہ زیادہ نزدیک اور زیادہ اولے مخلوقونمین خدا کی پاس وہ شخص ہے کہ

سبقت کرتا ہے سلام مین اور عادت آنحضرت کی یہہ تھی کہ جب آپ پہلے سلام کہتے اور جب
جانے لگتے سلام کہتے اور فرمایا اِذَا قَعَدَ اَحَدُکُمْ فَلْیُسَلِّمْ وَاِذَا قَامَ فَلْیُسَلِّمْ
فَلَیْسَتِ الْاُوْلٰی بِاَحَقَّ مِنَ الْاٰخِرَةِ اور دوسری جگہ فرمایا اِذَا لَقِیَ اَحَدُکُمْ
صَاحِبَهٗ فَلْیُسَلِّمْ عَلَیْهِ فَاِنْ حَالَ بَیْنَهُمَا شَجَرَةٌ اَوْ جِدَارٌ ثُمَّ لَقِیَهٗ
فَلْیُسَلِّمْ عَلَیْهِ اَیْضًا اور جب مسجد مین آتے تو تحیة المسجد شروع کرتے اسکے
بعد سلام حاضرین پر کرتے اسواسطے کہ اللہ کا حق ان سبھون مین مقدم ہے حق پر خلق
کے اور جب بیت کو گھر مین آتے سلام اسطرح کرتے کہ جاگتے لوگ سنتے اور سونے والے نہ جگتے
اور فرمایا اَلسَّلَامُ قَبْلَ الْکَلَامِ وَلَا تَدْعُوْا اَحَدًا اِلَی الطَّعَامِ حَتّٰی یُسَلِّمَ ہرچند
اسناد مین اسکی ضعف ہے لیکن عمل اہل اسلام کا اسپر ہے اور دوسری حدیث مین وارد
ہے اَلسَّلَامُ قَبْلَ السُّؤَالِ فَمَنْ بَدَاَکُمْ بِالسُّؤَالِ قَبْلَ السَّلَامِ فَلَا تُجِیْبُوْهُ
اور بعض حدیثون مین آیا کہ جو سلام نکرے اجازت گھر مین آنے کی نہ دے اور فرمایا لَا تَاْذَنُوْا
لِمَنْ لَمْ یَبْدَاْ بِالسَّلَامِ اور کلدہ بن حنبل نے کہا ہمکو صفوان بن امیہ نے پیغمبر خدا
کے پاس دودہ اور ککڑیان اور لبا ہدیہ دیکر بھیجا مین گھر مین لیکر چلا آیا اور بلا سلام
کہے فرمایا پھر جا اور السلام علیکم کہہ اسکے بعد داخل ہو اور جب کسی قوم کے پاس
آتے سامنے سے نہ آتے بلکہ داہنی طرف سے یا بائیں طرف سے تشریف لاتے اور کبھی کہتے
اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اور جسے کہتے آپ پر سلام کہتے اور سلام لوگون
کا دوسرونکو پہنچاتے جسطرح سلام خدا کا حضرت خدیجہ کو پہنچایا جبرئیل آئے اور
کہا یا رسول اللہ یہہ خدیجہ آتی ہے اور ترسی مین اسکی کہانا لائی ہے اسکو حق تعالی
کی طرف سے سلام پہنچا اور خوشخبری دے اسکو کہ اللہ نے اسکو بہشت مین ایک گھر دیا ہے
کہ اسمین نہ شور ہوگا اور نہ تکلیف اور ایک دوسری بار عائشہ کو فرمایا کہ یہہ وقت جبرئیل علیہ السلام
حاضر ہین اور تمکو سلام کہتے ہین عائشہ نے کہا وَعَلَیْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

وبرکاتہ اور جب سلام کرتے تمام وبرکاتہ کی لفظ تک پہونچاتی آیک دن ایک
شخص آیا کہا السلام علیک پیغمبر خدا نے جواب دیا اور فرمایا کہ عشر یعنی دس نیکی
تیری لکہی ثابت ہوئی دوسرا آیا اوسنے کہا اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ جواب
دیا اور فرمایا عشرون یعنی بیس نیکی تیری لکہی ثابت ہوئی ایک اور آیا اوسنے کہا
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ جواب دیا اور فرمایا ثلثون یعنی تیس نیکی
تیری لکہی ہے ایک اور آیا اسنے کہا اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ
وَمَغْفِرَتُہٗ فرمایا کہ اربعون یعنی تجہکو چالیس نیکی ہٰذَا تَکُوْنُ الْفَضَائِلُ اور اسناد
مین اس حدیث کی ضعف ہی اور جسکو دیکہتے پہلی آپ سلام کرتے اور اگر کوئی دوسرا
سلام کرتا تو جواب مین فورًا اتنا یا اس سے زیادہ کہتی دیر نکرتے مگر کسی عذر سے جیسے
نماز یا پیخانہ ہی اور سلام کا جواب اسطرح کہتے کہ سلام کرنیوالا اسنی اور اشارہ ہی پر
کفایت نکرتی مگر نماز مین کہ صحیح حدیثوں سے ثابت ہوا ہی کہ اگر کوئی نماز مین پر سلام
کرتا انگلی سے اشارہ کرتے جواب کا اور ان حدیثوں کا کوئی معارض نہین ہے مگر ایک
مجہول حدیث کہ مَنْ اَشَارَ فِیْ صَلٰوتِہٖ اِشَارَةً یُّفْهَمُ عَنْهُ فَلْیُعِدْ صَلٰوتَہٗ
یہہ حدیث معارضہ کی لایق نہین اور تمسک کے قابل نہین اور سلام شروع کہتی
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ اور مکروہ جانتی پہلی کہنا علیک السلام ابو جری جہیم
نے کہا رسول اللہ کی پاس مین آیا اور مینی کہا عَلَیْکَ السَّلَامُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ
فرمایا لَا تَقُلْ عَلَیْکَ السَّلَامُ فَاِنَّ عَلَیْکَ السَّلَامُ تَحِیَّةُ الْمَوْتٰی نہ کہہ علیک
السلام کہ علیک السلام دعا ہی مردون کی یعنی شاعرون کی اور سوا اسکی اور لوگون کی
عادت یہہ ہے کہ مردونکو اس صیغہ سے دعا دیتی ہین لیکن اس سے حق مین زندونکی
کراہت اور جواب سلام کا وعلیک السلام واو کی ساتہہ کہتی اور بعض فقیہ کہتی ہین
اگر بسبب واو کی جواب مین تہاب ہوگا اور فرض ساقط نہوگا یہہ اسکی کہ مخالف سنت

151

کے ہی اور سبب سلام کہتی ہیں کہ ساقط ہو جائیگا اور دلیل اس قول میں آیت جواز کی
قَالُوْا سَلَامًا قَالَ سَلَامٌ اور پہلی سلام کرنا اہل کتاب کو منع فرمایا ابوہریرہ روایت
کرتے ہیں لَا تَبْدَؤُا الْیَھُوْدَ وَالنَّصَارٰی بِالسَّلَامِ وَاِذَا لَقِیْتُمُوْھُمْ فِیْ طَرِیْقٍ
فَاضْطَرُّوْھُمْ اِلٰی اَضْیَقِہٖ اور بالاتفاق دو قول ہیں سب مسلمان اس بات کی قائل
ہیں یعنی یہود اور نصاری کو پہلی سلام نہ کریں اور بعض جائز کہتی ہیں اور انکی سلام کا
جواب دے یا نہیں سو اس میں بھی دو قول ہیں سب اس بات پر ہیں کہ جواب دے اور
بعضے کہتی ہیں کہ جواب نہ دے جیسا بدعتی واللہ اور حدیث صحیح میں ثابت ہے
کہ ایک گروہ تھی کہ اسمیں مسلمان اور مشرک اور بت پرست ملے ہوئے تھے اسپر آنحضرت
اسپر سلام کیا اور ایک حدیث میں سنن ابی داؤد کی وارد ہے یُجْزِیْ عَنِ الْجَمَاعَۃِ
اِذَا مَرُّوْا اَنْ یُّسَلِّمَ اَحَدُھُمْ وَیُجْزِیْ عَنِ الْجُلُوْسِ اَنْ یَّرُدَّ اَحَدُھُمْ لیکن
اس حدیث کی راوی ہیں سعید خزاعی ہے اور ایک جماعت اسکو ضعیف کہتی ہیں
اور عادت آنحضرت کی یہہ تھی کہ جو کوئی کسیکا لاکر سلام پہونچاتا اسپر اور کہلانیوالے
دونو پر سلام کہتے جیسا سنن میں ثابت ہوا ہی کہ ایک شخص نے کہا اِنَّ
اَبِیْ یُقْرِؤُکَ السَّلَامَ فَقَالَ عَلَیْکَ وَعَلَیْہِ السَّلَامُ اور عادت نبی کی تھی
کہ جس سے کسی تقصیر عمداً صادر ہوتی اوسکے سلام اور جواب سلام ترک کرتے اور جب
سلام کرنا ہی شعار اسلام ہے تو اس شہر و زمین ہندوستان کے ہنود اور برا اوز
سر جھکانا اور مشابہہ ہونا کفار کا یہہ بدعت رائج ہے قایم مقام اسکے ہوا اور سلام کا
لفظ مسنون کا لما بہت علم کے نزدیک ترک اور بہہ بہ غیری ہے حکام کو لازم
ہے کہ سلام کو جاری کریں اور اسمیں کوشش کریں اور بہانے نہ دیں رسم کفار کی مان
رواج نہ ہوا اور اسکو اقرب اللہ وسیلہ نجات کا اور بہت بڑا اسباب قرب
سے آیا ہے باب ماسبق **فصل اول پہلی میں** صحیح حدیث میں آتا ہے کہ

۱۵۳

اذن لینا سلام کے پیچھے ہوتا فعلاً اور قولاً یعنی آنحضرتؐ آپ بھی کرتے اور لوگون کو بھی تعلیم فرماتی ایک شخص دروازہ پر آیا اور کہا ءَ اَلِجُ حضرتؐ نے لونڈی کو کہا کہ جا اسکو سلیقہ اذن کی تعلیم کر اور کہدی کہ کہی اَلسَّلَامُ عَلَیکُم ءَاَدخُلُ اوس شخص نے سنا اور کہا السلام علیکم ءَاَدخُلُ پھر حکم دیا تب آیا اور فرماتی اذن لینا تین بار ہی اگر اذن پاوی تو جا اور نہین تو پھر جا اور فرماتی اگر کوئی حکم کسی قوم کے گھر مین جھانکی گھر والی کو حلال ہے کہ اسکی آنکھ پھوڑ دے دیت اور قصاص لازم نہ آئیگا اور مستاذن کو فرمایا کہ اگر اسکو کہین کون ہے جواب مین نہ کہی کہ ہم ہین بلکہ نام یا کنیت یا لقب اپنا کہی اور ایک حدیث مین جسکو ابوہریرہ نے روایت کیا سنن ابوداود مین آیا ہی کہ رَسُولُ الرَّجُلِ اِلَی الرَّجُلِ اِذنُهٗ وَفِی لَفظٍ اِذَا دُعِیَ اَحَدُکُم اِلٰی طَعَامٍ ثُمَّ جَاءَ مَعَ الرَّسُولِ فَاِنَّ ذٰلِکَ لَهٗ اِذنٌ لَهٗ اور جب کسی مقام مین خلوت کرتے ایک شخص کو مقرر کرتے کہ کسیکو بے اذن بغیر نہ آنے دے

فصل چھینک کے بیان مین

آنحضرتؐ کو جب چھینک آتی ہاتھہ کو یا کپڑی کو منہ پر رکھتی آواز کو چھینک کے دبا دیتی اور فرماتی بہت جمہوائے اور سخت چھینک شیطان سے ہے اور خدا چھینک کو دوست رکھتا ہی جمہوائی کو کراہیت رکھتا ہے اور جب کوئی تم مین چھینکے اور اللہ کا حمد کہی واجب ہے ہر مسلمان کو جو حمد کو اوسکی سنے یَرحَمُکَ اللّٰہُ کہی لیکن جمہوائی شیطان سے ہے اگر کسیکو جمہوائی آوی چاہیے کہ اوسکو رکے جتنا ہوسکی اور صحیح بخاری مین ہے کہ جب کسیکو تم مین چھینک آئے چاہیی کہ کہی اَلحَمدُ لِلّٰہِ اور جو بھائی مسلمان کہ حاضر ہو اور سنے چاہیی کہ کہی اوسکو یَرحَمُکَ اللّٰہُ اور چھینکنی والا جواب مین کہی یَهدِیکُمُ اللّٰہُ وَیُصلِحُ بَالَکُم اور ایک شخص کو آنحضرتؐ کی حضور مین چھینک آئی

اسکو یرحمک اللہ فرمایا اور دوسری شخص کو آپ نے یرحمک اللہ نفرمایا اس شخص
نے عرض کیا یا رسول اللہ فلانی کو تشمیت کیا اور یرحمک اللہ فرمایا مجکو نفرمایا فرمایا
اوسنے اللہ کا حمد کہا اور تونے نہیں کہا اور صحیح مسلم مین ثابت ہوا کہ چھینکنے والا
اگر حمد خدا کا کہے یرحمک اللہ کہو اور اگر نہ کہے نہ کہو اور فرمایا کہ حق مسلمانون
مسلمانون پر چھہ ہین جب بیمار ہو عیادت کرے اور ملاقات ہو سلام کہے
اور جب دعوت کرے قبول کرے اور جب نصیحت کرے ملاحظہ کرے اور جب
چھینکے یرحمک اللہ کہے اور جب مر جاوے تو جنازہ کے ساتھہ اسکے جاوے اور سنن
ابی داود مین ہے سند صحیح کے ساتھہ اِذَا عَطَسَ اَحَدُکُمْ فَلْیَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ
عَلٰی کُلِّ حَالٍ وَلْیَقُلْ اَخُوْہُ وَصَاحِبُہٗ یَرْحَمُکَ اللّٰہُ وَیَقُوْلُ ھُوَ
یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ اور ظاہر حدیثین صحیح یہہ ہین کہ چھینک کا
جواب فرض ہے ہر جسنے چھینکنے والے سے الحمد سنا اور جواب کہنا ایک کا دوسرے
کی طرف سے کفایت نہین کرتا اور یہی قول ہے ایک جماعت کا بعض عالمونکی
اور یہی ظاہر ہے اور یہہ شعار ہندوستان کی شہرون مین بالکل موقوف ہی اور
اسکی طرف توجہ نہین کرتے مگر صالحون مین خواص ہین اور سنت کی ترویج
مین اور عام خلق اس حکم کو نہین جانتی اور نہین پہچانتی اور اللہ ہی نگہبان
ہون سلامتی اور سنن ابی داود مین وارد ہے کہ ایک شخص نے پیغمبر خدا کے
پاس چھینکا اور کہا اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ پیغمبر خدا نے فرمایا عَلَیْکَ وَعَلٰی اُمِّکَ
اِذَا عَطَسَ اَحَدُکُمْ فَلْیَحْمَدِ اللّٰہَ وَلْیَقُلْ مَنْ عِنْدَہٗ یَرْحَمُکَ اللّٰہُ وَ
لْیَرُدَّ عَلَیْھِمْ یعنی یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ اور یہہ جو فرمایا جواب مین سلام کے
وہ اشارہ رکھتا ہی ایک یہہ کہ سلام اس محل مین بیموقع ہے جیسے کوئی سلام
تیری ماں پر کرے دوسری یہہ کہ تنبیہ کرتا ہی اس بات پر کہ یہہ ادب امیونکا ہے

١٥٤

اور جن لوگون نے تربیت مردون کی نہ پائی ہوگی اور مان کی گود مین آداب
عورتونکا سیکھا ہوگا اور حمد کہنا چھینکنے کی وقت شرع مین وارد ہوا اس سبب
سے کہ چھینک ایک نعمت ہے اور منفعت حاصل ہونیکا سبب نکلنی سے بخارات کے
جو مجتمع ہوتے ہین دماغ مین اور انکا دماغ مین رہنا باعث ہی بیماریکا اور درد
کا اور ایک شخص کو چھینک آئی پیغمبر خدا نی اسکو جواب دیا اسنی دوسری بار
چھینکا فرمایا کہ اس مرد کو زکام ہے اور ایک حدیث مین آیا ہی کہ شَمِّتْ
اَخَاكَ ثَلَاثًا فَمَا زَادَ فَهُوَ زُكَامٌ اور دوسرے لفظ مین فرمایا اِذَا عَطَسَ
اَحَدُكُمْ فَلْيُشَمِّتْهُ جَلِيْسُهٗ وَاِنْ زَادَ عَلَى الثَّلَاثِ فَهُوَ مَزْكُوْمٌ
وَلَا تُشَمِّتْهُ بَعْدَ الثَّلَاثِ اور اگر چھینکنی والا حمد نہ کہی حاضر لوگ سب حمد
کہین سکے یاد دلانیکو اور بعضی علما کہتی ہین کہ اسکی تعزیر کے واسطی نکہین
اسواسطی کہ یاد دلانا اگر سنت ہوتا تو پیغمبر خدا بطریق اولی اسکو کرتے

فصل سفر کے اذکار مین

فرمایا کہ جب کوئی کسی کام کا ارادہ
کرے چاہیے کہ دو رکعت نماز ادا کرے سوا فرض نماز کے اور نماز کی بعد کہی
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ
الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ
الْغُیُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ
دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ اَوْ قَالَ فِیْ عَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاقْدِرْهُ
لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ
شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ اَوْ قَالَ فِیْ عَاجِلِ اَمْرِیْ
وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ
ثُمَّ اَرْضِنِیْ وَیُسَمِّیْ حَاجَتَهٗ جاہلیت کی ایام کی عادت جو یہہ تھی کہ جب

اسے عند قولہ ہذا الامر ۱۲ مرقاۃ

سفر کا ارادہ یا کسی کام کا کرتے تو پانسے الٹتے اور جانوروں کو اڑاتے اور فال اور
شگون لیتے اور اس قسم کی چیزیں شعار سے اہل شرک اور کفر کی ہے شارع نے
اسکے بدلے ٹھیرایا توحید بیان کرنا اور اپنی حاجت چاہنا اور بندگی اور توکل کو
سوال رشد و فلاح کا مطلق بخشنے والے سے کہ سب نیکیاں دست قدرت مین
اسکے ہین اور مسند مین امام احمد کی ہے روایت سے سعد وقاص سے کہ آدم کی اولاد
کی نیکبختی خیر طلب کرنی مین ہے حق سے اور راضی ہونے مین اسکے تقدیر پر اور
اور شقاوت آدم کی اولاد کی ترک مین استخارہ کے ہے اور ناراضی مین اسکی
تقدیر پر اور انس کی حدیث مین ہے کہ رسول اللہ نے عزم سفر کا جب کیا تو
پہلے اٹھے اور یہ دعا پڑھی اَللّٰھُمَّ بِکَ انْتَشَرْتُ وَاِلَیْکَ وَجَّھْتُ
وَبِکَ اعْتَصَمْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ ثِقَتِیْ وَاَنْتَ
رَجَائِیْ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ مَا اَھَمَّنِیْ وَمَا لَا اَھْتَمُّ لَہٗ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ
بِہٖ مِنِّیْ عَزَّ جَارُکَ وَجَلَّ ثَنَاؤُکَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ اَللّٰھُمَّ
زَوِّدْنِی التَّقْوٰی وَاغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَجِّھْنِیْ لِلْخَیْرِ اَیْنَمَا تَوَجَّھْتُ
اور بعضے محققون نے بڑے شائخ سے کہا اور لکھا کہ آدمی کو چاہیے کہ ہر روز
ایک وقت معین مین نماز استخارہ کی پڑھے اور کہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ
بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ فَاِنَّکَ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَ
تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ
اَنَّ جَمِیْعَ مَا اَتَحَرَّکُ فِیْہِ فِیْ حَقِّیْ وَفِیْ حَقِّ اَھْلِیْ وَمَا لَدَیَّ مِنْ
حَقِّ غَیْرِیْ وَجَمِیْعَ مَا یَتَحَرَّکُ فِیْہِ غَیْرِیْ فِیْ حَقِّیْ وَحَقِّ اَھْلِیْ
وَوَلَدِیْ وَمَا مَلَکَتْ یَمِیْنِیْ مِنْ سَاعَتِیْ ھٰذِہٖ اِلٰی مِثْلِھَا
مِنَ الْغَدِ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْ

حوّ عبدک و جمیع ما یحرک فیہ عبدی فی جمعی و فی حوّ اھلی
و ولدی و ما ملکت یمینی من ساعتی ھذہ الی مثلھا من الغد
شر لی فی دینی و معاشی و عاقبۃ امری فاصرفہ عنی و
اصرفنی عنہ و اقدر لی الخیر حیث کان ثم ارضنی بہ
ہرچند یہ کیفیت استخارہ کی حدیث میں آئی نہیں لیکن عمل اکثر
موافق حدیث استخارہ ہے اور بسبب اتباع سنت کے ہی

فصل بیان میں سوار ہونے کی دعا کی

حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب اونٹ
پر سوار ہوتے تین بار کہتے اللہ اکبر اسکے بعد کہتے سُبْحَانَ الَّذِی سَخَّرَ لَنَا
ھٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ وَإِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ اَللّٰھُمَّ اِنَّا
نَسْأَلُكَ فِی سَفَرِنَا ھٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی
اَللّٰھُمَّ ھَوِّنْ عَلَیْنَا سَفَرَنَا ھٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَہٗ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ
الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَۃُ فِی الْمَالِ وَالْاَھْلِ اَللّٰھُمَّ اَصْحِبْنَا
فِی سَفَرِنَا وَاخْلُفْنَا فِی اَھْلِنَا اور جب سفر سے پھر کے کہتے آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ
اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ اور مسند میں امام احمد کے
لفظ دعا کا یہ ہے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَۃُ فِی
الْاَھْلِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْفِتْنَۃِ فِی السَّفَرِ وَالْکَاٰبَۃِ فِی
الْمُنْقَلَبِ اَللّٰھُمَّ اقْبِضْ لَنَا الْاَرْضَ وَھَوِّنْ عَلَیْنَا السَّفَرَ وَاِذَا
اَرَادَ الرُّجُوْعَ قَالَ آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ
اور جب شہر میں آتے کہتے تَوْبًا تَوْبًا لِرَبِّنَا اَوْبًا لَا یُغَادِرُ عَلَیْنَا
حَوْبًا توبہ کرتے ہیں اپنے رب کی طرف رجوع ہیں نہ چھوڑے ہم پر گناہ اور صحیح مسلم
میں لفظ دعا کا یہ ہے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَۃُ

فی الاهل اللهم اصحبنا فی سفرنا واخلفنا فی اهلنا اللهم
انی اعوذ بک من وعثاء السفر وکآبة المنقلب ومن الحور
بعد الکور ومن دعوة المظلوم ومن سوء المنظر فی المال
والاهل اور بعضی روایتوں میں ہی کہ جب پاؤں مبارک رکاب میں
رکہتی فرماتی بسم اللہ اور جب گہوڑی کی پیٹہ پر سیدھی ہو بیٹھتی تین بار
الحمد للہ الحمد للہ الحمد للہ اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر
سبحان اللہ سبحان اللہ سبحان اللہ لا الہ الا انت سبحانک
انی ظلمت نفسی فاغفر لی انہ لا یغفر الذنوب الا انت
اور کسیکو سفر میں رخصت کرتی کہتی استودع اللہ دینک وامانتک
وخواتیم عملک اور ایک صحابی نے کہا کہ میں سفر میں جایا چاہتا ہوں
مجہکو زاد راہ دو فرمایا زودک اللہ التقوی توشہ کری تیرا اللہ تقوی
کہا فرمایا زیادہ فرمائیے کہا وغفر ذنبک اور بخشدی گناہ کو تیری کہا
زیادہ فرمائیے فرمایا ویسر لک الخیر حیثما کنت اور میسر کری تجہکو
نیکی جہاں تو ہے اور دوسری نے کہا عزم سفر کا رکہتا ہوں فرمایا تجہکو وصیت
کرتا ہوں پرہیزگاری کی خدا سی اور تکبیر کہنے کی ہر بلندی پر اور جب وہ
پہیر کر چلا کہا اللہم ازول لہ الارض وہون علیہ السفر
اور سفر میں جب بلندی پر چڑہتی تکبیر کہتی اور جب اترتی تسبیح کہتی اور بلندی
میں فرماتی اللہم لک الشرف علی کل شرف ولک الحمد علی کل
حال اور منع فرمایا تنہا سفر کرنی سی اور کتا پالنی اور گہنٹا جانوروں کی
گلی میں باندہنے سی اور جو کوئی منزل میں اترے کہا چاہیے کہ کہی اعوذ
بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق تو نہ ہوگی اسی ضرر اس منزل

کی نہ پہونچیگی اس زمانہ تک کوچ کرتی اور کبھی جب رات آتی کہتے یا اَرْضُ رَبِّی
وَرَبُّكِ اللّٰهُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّكِ وَشَرِّ مَا فِيْكِ وَشَرِّ مَا
خُلِقَ فِيْكِ وَشَرِّ مَا يَدِبُّ عَلَيْكِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ كُلِّ
اَسَدٍ وَاَسْوَدَ وَحَيَّةٍ وَعَقْرَبٍ وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِ الْبَلَدِ وَمِنْ
شَرِّ وَالِدٍ وَمَا وَلَدَ اور فرماتی جب اچھی برس میں سفر کرو تو جانورون
کو دانہ گھاس سے محروم نکرو یعنی چرالی جاؤ اور جب خشکسالی مین سفر کرو
جلدی کرو اور جلد مقصد کو پہونچو کہ جانور دبلے نہون اور جب رات کو جا ہو
کہ ایک ساعت آرام کی واسطے اترین دور اتر و سر راہ سی اسو اسطی کہ راہ محل
جانورون کی اور گزند و نکا گزرگاہ ہی اور جب نزدیک آبادی کی پہونچتی
اور کسی گانو یا شہر مین تشریف لاتی یہ دعا پڑہتی اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ
السَّبْعِ وَمَا اَظْلَلْنَ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ وَمَا اَقْلَلْنَ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ
وَمَا اَضْلَلْنَ وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا ذَرَيْنَ فَاِنَّا نَسْئَلُكَ خَيْرَ
هٰذِهِ الْقَرْيَةِ وَخَيْرَ اَهْلِهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ
شَرِّ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ وَشَرِّ مَا فِيْهَا اور سفر مین جو ہوو اور صبح ہوتی تو
یہ دعا کہتی سَمَّعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللّٰهِ وَنِعْمَتِهِ وَحُسْنِ بَلَائِهِ عَلَيْنَا
رَبَّنَا صَاحِبْنَا وَاَفْضِلْ عَلَيْنَا عَائِذًا مِنَ النَّارِ اسکو تین بار آواز
بلند کہتی اور قرآن کو دشمن کی زمین اور کافرون کے شہر مین لیجانی سے
منع فرمائی اور عورتون کو مطلق سفر کرنے سی منع فرمائی چھوٹا ہو یا بڑا
اگرچہ چار کوس ہو مگر محرم کے ساتھ اور حکم فرمائی مسافر کو جب حاجت اپنی
حاصل کری جلدی اپنے لوگون مین پھر آوے اور سفر مین کسی بلندی پر آتے
تو کہتی لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا
حَامِدُوْنَ صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ
وَحْدَهٗ اور رات کو گھر میں سفر سے آنا منع فرمایا ہے انکو جو ایام تک سفر میں ہوں
اور آپ بھی آتے بلکہ صبح کو یا عصر کو آیا کرتے اور جب سفر سے پھرتے صحابہ
ملاقات کو باہر شہر کے آتے اور لڑکے بالوں کو بھی ساتھ لاتے اور کبھی انکو آپ پر آگے
سوار کرتے آگے یا پیچھے اور کبھی عبد اللہ بن جعفر کو اپنے آگے اور پیچھے اور ایک بار حسن
بن علی کو بھی ملاقات کی واسطے باہر لائے تھے انکو پیچھے اپنے سوار کر لیا اور اسی طرح
شہر میں داخل ہوئے اور استقبال کو آنیوالوں سے گلے ملتے اور اگر اپنے عزیزوں میں ہوتا
تو اسکی یا اسکی پیشانی کو بوسہ دیتے قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا لَمَّا قَدِمَ
جَعْفَرٌ وَاَصْحَابُهٗ تَلَقَّاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَبَّلَ بَيْنَ
عَيْنَيْهِ وَاعْتَنَقَهٗ وَكَانَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ اِذَا قَدِمُوْا مِنْ
سَفَرٍ تَعَانَقُوْا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر سے پہنچتے گھر میں داخل ہونے
سے پہلے دو رکعت نماز مسجد میں پڑھ لیتے اسکے بعد گھر میں آتے **فصل بیان**
میں تعلیم خطبہ مہمات کے حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ
کو حاجت اور مہم کے واسطے یہ خطبہ تعلیم کرتے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَسْتَعِيْنُهٗ وَ
نَسْتَغْفِرُهٗ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَسَيِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ
يَّهْدِی اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَاَشْهَدُ
اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ يَا
اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُسْلِمُوْنَ
يَا اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ
مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَنِسَاءً وَاتَّقُوا

اللہ الذی تساءلون بہ والارحام ان اللہ کان علیکم رقیبا
یا ایہا الذین امنوا اتقوا اللہ وقولوا قولا سدیدا یصلح لکم
اعمالکم ویغفر لکم ذنوبکم ومن یطع اللہ ورسولہ فقد فاز
فوزا عظیما شعبہ نے کہا اوسنے یہی حدیث کی مینے پوچھا کہ یہہ خطبہ نکاح کا ہی
یا غیر نکاح کا کہا یہہ خطبہ سب حاجتونکا ہی اور فرمایا کہ جب کوئی تم مین عورت کو
خریدے یا غلام کو یا جانور کو چاہیے کہ پیشانی کا بال پکڑے اور بسم اللہ کہے
اور برکت کی دعا مانگے اسکے بعد کہے اللہم انی اسألک خیرہا وخیر
ما جبلت علیہ واعوذ بک من شرہا وشر ما جبلت علیہ
اور جو دولہا دعا کرنا اوسکو یہہ دعا کرے وبارک اللہ لک وبارک علیک
وجمع بینکما فی خیر اور فرمایا کہ اگر کوئی عورت کے پاس جاتے وقت کہے
اللہم جنبنا الشیطان وجنب الشیطان ما رزقتنا اگر اولاد
پیدا ہو شیطان اسپر فتح نہ پایگا اور شیطان کا ضرر نہ کہیگا اور اگر کسیکو بلا مین
مبتلا دیکہے کہے الحمد للہ الذی عافانی مما ابتلاک بہ وفضلنی
علی کثیر ممن خلق تفضیلا یہ کہیگا کچہہ بلا اوسکو نہ پہونچیگی اور فرمایا جو نعمت
بندہ کو پہونچی اولاد یا مال سے اور کہے ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
کبہی کچہہ آفت اسکو نہین پہونچیگی مگر سبب موت کے اور کوئی چیز دیکہے کہ اسکے
دل کو کراہت معلوم ہو کہے اللہم لا یاتی بالحسنات الا انت
ولا یدفع السیئات الا انت ولا حول ولا قوۃ الا بک یا کہے اللہم
لا طیر الا طیرک ولا خیر الا خیرک ولا قوۃ الا بک کچہہ ضرر
اسکو نہ پہونچیگا اور کوئی بری بات خواب مین دیکہے چاہیے کہ بائین طرف
تہنکارے اور بعد اسکے کہے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم اور اس

١٦٢

خواب کو کسی سے نکہے سو اسطے کہ اسکا ضرر نہ پہونچیگا او شیطان کے وسوسے میں مبتلا
یا غصہ غلبہ کرے اعوذ باللہ سے دفع کرے آور اگر کسی کام کو اپنے میں اچہا دیکہے کہے
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ اور اگر کوئی کام ناپسند دیکہے کہے
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ اور اگر کوئی آنحضرت سے قریبی وصل کرتا کوئی کام کرکے یا
اچہی بات کے سبب اسکو دعاے خیر فرماتے ابن عباس وضو کا پانی آنحضرت کی واسطے
لائے انکے حق میں فرمایا اَللّٰہُمَّ فَقِّہْہُ فِی الدِّیْنِ وَعَلِّمْہُ التَّاْوِیْلَ اور ابو
قتادہ رضی اللہ عنہ رات کو انکی خدمت میں تہے اونگہنے میں انکو اپنا تکیہ کیا اور حق
میں انکے فرمایا حَفِظَکَ اللّٰہُ بِمَا حَفِظْتَ نَبِیَّہٗ اور فرمایا مَنْ صُنِعَ اِلَیْہِ
مَعْرُوْفٌ فَقَالَ لِفَاعِلِہٖ جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا فَقَدْ اَبْلَغَ فِی الثَّنَاءِ
کسی سے عبداللہ بن ربیعہ کی قرض لیا تہا جب ادا کیا اسکی حق میں فرمایا
بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ فِیْ اَہْلِکَ وَمَالِکَ اور فرمایا جب گدہے کی آواز سنو کہو
اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ اور جب مرغ کی آواز سنو تو کہو اَللّٰہُمَّ
اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ اور جب آگ کسی مکان میں لگی تکبیر کہے کہ تکبیر اسکو
بجہاتی ہے اور چاہیے کہ جو شخص جس مجلس میں بیٹہے بے اسکے ذکر کے اوٹہی یا دیر
اوٹہنے لگے کہے سُبْحَانَکَ اللّٰہُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ
اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ ایک صحابی نے سنا کہ پیغمبر اوٹہنے کے وقت
مجلس سے یہ بات کہتے تہے اس صحابی نے کہا یا رسول اللہ یہ بات آپ سے سنی
اس سے پہلے نہیں سنی فرمایا یہ کفارہ ہے اس خطا کا جو مجلس میں واقع ہو جاتی
اور خالد بن ولید نے انکو نیند نہ پڑنے اور قلق کا رات کے شکوہ کیا فرمایا کہہ
اَللّٰہُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ وَمَا
اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّیَاطِیْنِ وَمَا اَضَلَّتْ کُنْ لِیْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِکَ

كلهم جميعًا ان يفرط علىٰ احد منهم او ان يطغى عز جارك وجل
ثناؤك ولا اله الا انت اور ایک دوسرے شخص نے شکوہ کیا کہ میں خواب
میں ڈرتا ہوں فرمایا کہہ اعوذ بكلمات الله التامات من غضبه و
عقابه وشر عباده ومن همزات الشياطين وان يحضرون اور منع
فرمایا اس سے کہ کوئی کہے ما شاء الله وشاء فلان ایک کسی نے آنحضرت کو
کہا ما شاء الله وشئت فرمایا اجعلتني لله ندًا اور اسی قسم سے ہے کہ کہے
میں پناہ میں خدا کی ہوں اور تمہاری اور تیرا تکیہ ہے اور خدا پر یہ لفظ اور اس قسم
کے لفظ منع ہیں اور ان سے بو شرک کی آتی ہے اور منع چیزوں میں یہ ہے کہ فرمایا
مرغ کو بانگ دیتی وقت برا کہنا اور مسلمان کو گالی نہ دینا چاہیے رسمیں جاہلیت کے
چھوڑنا مثل عصبیت و دعوت اور جب تین آدمی ہوں ایک جگہ بیٹھے تو دو آدمی
مشورہ نکریں اور کوئی عورت حسن دوسری کی عورت کا اپنی شوہر سے نکہی اور
نہ کہی اللهم اغفر لي ان شئت قسم بہت نہ کہا و قسم غیر خدا کی نہ کہا و
عبد کی و امتی نسبت سے نہ مانگو مدینہ کو یثرب نہ کہو کوئی کسی سے نہ پوچھی کہ اپنے
عورت کو تو نے کیوں مارا مگر ضرورت میں کمان برسات میں جو آسمان پر
نکلتی ہے اسکو قوس قزح نکہو **فصل بیان میں اون الفاظ کی
جنکی کراہیت میں کسی کو اختلاف نہیں** ملک الملوک و
قاضی القضاۃ سید الناس سید الکل بندہ میرا پرستار میرا میں تیرا
تیری بیری ہے عمر تمہاری دراز ہو دن تمہارا ہمیشہ بنا رہے ہزار سال کی
عمر ہو مسایل اجتہادیہ میں نہ کہی کہ ہمکو خدا تعالیٰ نے حلال کیا یا حرام کیا
بلکہ اسطرح یوں کہنا چاہیے کہ حرام یا حلال ہو نہیں اسکی صریح آیت یا حدیث
آئی ہو اور قرآن اور حدیث کی دلیلوں کو ظاہر لفظی نہ کہیں اور مجازات

۱۶۳

نہ پڑے مین اسواسطے کہ شرح بولنا حسرت کو اسکی جاہلون کے دل سے دور کرتا ہی
خصوصاً انکے ساتھی کہ شبہون کو فلاسفون کے اور متکلمون کے دلیل عقلی اور
بحث قطع کرنیوالی ہوتی ہین نعوذ باللہ من الخذلان

فصل

سبب مین شرح صدر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کہ سورۂ
الم نشرح لک صدرک امتنان کے واسطے نازل ہوئی جاننا چاہیے کہ سبب
شرح صدر کا توحید اور ایمان ہے اور سبب کامل ہونے اور قوی اور زیادہ ہونے ایمان
کے ہوتا ہی قال اللہ تعالی افمن شرح اللہ صدرہ للاسلام فہو
علی نور من ربہ وقال اللہ تعالی فمن یرد اللہ ان یہدیہ یشرح
صدرہ للاسلام ومن یرد ان یضلہ یجعل صدرہ ضیقا حرجا
کانما یصعد فی السماء اور اسباب مین سے شرح صدر کی ایک چیز نور ہی کہ
باری تعالی مومن بندے کی دل روشن کرتا ہی اور وہ نور ایمان ہے کہ جب دل مین سما
کے ہوتا ہی بڑی خوشی اور فرحت اور کشادگی دل مین پیدا ہوتی ہے اور جب وہ
نور بجھ گیا تنگ دلی اور بڑی سختی اور محنت مین پڑا قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم اذا دخل النور القلب انفسح وانشرح قالوا وما علامۃ
ذلک یا رسول اللہ قال الانابۃ الی دار الخلود والتجافی عن
دار الغرور والاستعداد للموت قبل نزولہ اور جتنا یہہ نور اسکی نصیب
ہے اتنا ہی شرح صدر اور دل کشادہ ہوگا اور یہہ واسطی یہہ جو ظاہر کی سختی ہے
اوس سے بھی کشادگی دل کی اور فرحت اور لذت حاصل ہے اور بسط ظاہر کی تاریکی کی
بخلاف اسکا ظاہر ہوتا ہی اور ایک دوسرا اسکا سبب علم ہے اسواسطے کہ عالم
کو اتنا کھولتا ہی کہ ہر گوشہ اسکا آسمان اور زمین سے بھی کہین زیادہ کشادہ ہوتا ہی
اور جتنا علم آدمی کا زیادہ ہو شرح صدر زیادہ ہوگی اور مراد اس سے ہر علم نہین

وہ علم ہے جو میراث پیغمبر خدا کی ہے ان الانبیاء لم یورثوا دینارا و
لا درہما و انما ورثوا العلم فمن اخذہ اخذ بحظ وافر اسی علم
کی طرف اشارہ ہے اور اوس علم والی دل کشادہ زیادہ اور خوش گذران اور خوش
خلق سب سے زیادہ ہوتے ہین اور اس علم سے رجوع ہونا اور محبت حق کی پیدا
ہوتی ہے اور محبت کو شرح صدر مین دخل عظیم ہے جتنی محبت قوی ہے اتنا شرح
صدر زیادہ اور کامل اور پورا ہوگا اور تنگدلی کا بڑا سبب حق سے بے نصیب ہونا
اور دل کا متعلق ہونا غیر خدا کی طرف اور غفلت خدا کی یاد سے اور اسکی غیر سے
دوستی اور جو غیر خدا کو دوست رکھتا ہے وہی اسکی حق مین عذاب ہو جاتا
ہے اور قید مین اس چیز کی رہیگا اور عالم مین اوس سے زیادہ بدبخت اور بری
زندگی والا اور بڑا غم اوٹھانیوالا نہوگا سو اصل یہ کہ محبت دو ہین ایک محبت
ہے کہ جنت ہی اس جہان کی اور عیش دنیا کا اور خوشی نفس کی اور لذت دل
اور آرام روح اور دوا ساری غمون کی سو یہ وہ محبت حق تعالی کی ہے اور
دوسرے عذاب روح اور عذاب نفس اور قید خانہ دل کا اور تنگی اور سبب بلاؤن
کی بنیاد ہے اور وہ محبت غیر خدا کی ہے اور شرح صدر کے اسباب مین سے ایک
یہہ ہے کہ ہمیشہ خدا کی بات کرتے رہنا کہ اوس سے توحید کا نور اور دل کو صفائی
اور حلاوت ایمان حاصل ہوتی ہے اور ایک دوسری بات یہہ ہے کہ احسان
کرنا خلق پر جو ہوسکے عزت اور مال وغیرہ سے اور دوسرے شجاعت ہے اور
دوسری پاک کرنا دل کا بری باتون سے اور پیغمبر خدا ان سب باتون مین
کامل تھے اور جن لوگون نے انکی ہاتھ پر بیعت کی تھی وہ بھی کامل تھے اللہ
کی بات ٹھیک ہی اور وہی شافی ہے اہ باب بیان گذران
اور عام بات مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

اکثی فعلیں ہیں فصل جو رسم میں نبی صلعم کی عادت یہہ تہی کہ جو
کہانا سامنے آتا اسکو رد نکرتے اور جو موجود نہ ہوتا اسکی بہت تلاش نکرتے
اور جب اچہا کہانا میسر ہوتا تو کہا لیتے اور کبہی کسی کہانیکو عیب نکرتے اگر جی
چاہتا کہاتے اور جی نچاہتا چہوڑ دیتے اور میٹہا اور شہد بہت کہاتے اور
ہر روز ایک پیالہ شہد کا پانی ملاکر پیتے اسکے بعد جب بہوک لگتی تو تہوڑی
روٹی جو کی پانی کے ساتہہ یا بادام کے ساتہہ کہاتے اور ایسی پر کفایت کرتے
حدیث صحیح سے ثابت ہی کہ اونٹ کا گوشت اور بکری کا اور مرغ کا اور حباری کا
اور خرگوش کا اور گورخر کا اور مچہلی اور عنبر بحری اور تر خرما اور خشک خرما اور زرد
دودہ اور ملا ہوا دودہ پانی کے ساتہہ اور روٹی خرما کی یا سرکہ یا چربی کی ساتہہ
پکائی اور نقیع خرما کا اور خربوزہ اور کہجور اور ککڑی اور کلیجہ بہونا ہوا اور پکا ہوا
گوشت قدید اور پکا ہوا کدو اور پنیر اور ثرید اور روٹی زیتون کے تیل کے ساتہہ
اور خرما مسکہ کے ساتہہ اور کہجور خربزہ کی ساتہہ یہہ کہانا ثابت ہوا ہی غرض
جو تہوڑی چیز حاضر ہوتی رد نکرتے اور کچہہ نملتا تو صبر کرتے بیاشک کہ بہوک
سے پیٹ پر پتہر باندہے رہتے اور کبہی تین مہینے گزر جاتی کہ انکی گہر میں
آگ نجلتی اور جب کہانا آتا چمڑے کی دسترخوان پر رکہتے اور زمین پر
بچہا دیتے اور بیٹہتے خواہ پنجہ پر نہ کہاتے اور تین انگلیوں سے کہاتے اور جب فارغ
ہوتے انگلیوں کو چاٹتے اور تکیہ لگاکے کہانا نہ کہاتے اور تکیہ تین قسم ہے
ایک یہہ کہ پہلو زمین پر رکہی دوسرا یہہ کہ چار زانو بیٹہے تیسرا یہہ کہ ایک
ہاتہہ زمین پر رکہکر اسپر تکیہ کرے اور دوسرے ہاتہہ سے کہانا کہاوے
تینوں برے ہیں اور جب کہانے سے فراغت کرتے کہتے الحمد للہ
حمدا کثیرا طیبا مبارکا فیہ غیر مکفی ولا مودع ولا مستغنی

عنہ رہتا اور کبھی کہتے الحمد للہ الذی اطعم من الطعام
وسقی من الشراب وکسی من العری وھدی من الضلالۃ
وبصر من العمی وفضل علی کثیر ممن خلق تفضیلا الحمد
للہ رب العالمین اور کبھی کہتے الحمد للہ الذی اطعم وسقی
وسوغہ اور عادت آنحضرت کی یہہ تھی کہ کہانا کہانے کی بعد ہمیشہ
ہاتھ دہو لیتے اور اکثر پانی بیٹھ کر پیتے اور پانی پیکر فورا کہڑے ہوتے اور
منع اور زجر کرتے اور ایکبار کہڑے ہو کر پانی پیا بعضے کہتے ہیں وہ منع
کا ناسخ ہے بعضے کہتے ہیں منع اسکی ناسخ ہے بعضے کہتے ہیں پانی
یہہ کہڑے ہو کر پینا جواز کے بیان کے واسطے تہا اور بعضے کہتے ہیں کہ
عذر کے واسطے تہا اکثر علما کہتے ہیں کہ کہڑے ہو کر پانی نہ پینا چاہیے
اگر کچھ عذر ہو تو مضائقہ نہیں اور پانی پیتے تو اول اسکو دیتے جو انکے
داہنی طرف ہوتا اگرچہ بائیں طرف کوئی اس سے بزرگ اور دانا زیادہ
ہوتا **فصل کپڑا پہننے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم**
کے اکثر روئی کے سوت کا کپڑا پہنتے اور صحابہ بھی یہی پہنتے اور کبھی
پشمی بھی پہنتے یا چھال اور جو لباس میسر آتا اسیپر اکتفا کرتے جبہ ہو
یا قبا ہو یا کرتا اور تہبند جامہ اور ردا اور موزہ اور جوتی یہہ سب پہنتے
اور عمامہ میں کبھی شملا چھوڑتے اور کبھی چھوڑتے اور گردن کے نیچے
رکھتے اور جب نیا کپڑا ہاتھ آتا اوسکا نام رکھتے اور پہنتے اور کہتے اللھم
انت کسوتنی ھذا القمیص او الرداء او العمامۃ اسالک
خیرہ وخیر ما صنع لہ واعوذ بک من شرہ وشر ما صنع لہ اور
جب کپڑا پہنتے قمیص وغیرہ داہنی طرف سے شروع کرتے اور کبھی پیوند

پہنتے عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ پیغمبر خدا گھر میں سے باہر گئے اور سیاہ بال کا کپڑا پہنے تھے اور قتادہ نے کہا کہ انس سے میں نے پوچھا کہ پیغمبر خدا کس طرح کے کپڑے کو دوست رکھتے تھے کہا چادر خطدار یمنی کی اور کبھی کتان کا کپڑا مصری پہنتے عائشہ نے کہا کہ پیغمبر خدا کی واسطے کپڑا تیار کیا میں نے پشمی اور اسکو پہنا جب پسینا آیا بال کی بو آنے لگی اسکو اتار دیا اسواسطے کہ بدبو بہت ناخوش رکھتے تھے اور خوشبو کو دوست رکھتے ابن عباس نے فرمایا کہ پیغمبر خدا کو میں نے دیکھا کہ بہتر حلہ پہنے بیٹھے تھے اور ابو رمثہ نے کہا پیغمبر خدا کو میں نے منبر پر دیکھا کہ خطبہ پڑھتے تھے اور چادریں دو سبز پہنے تھے اور چادر سبز ایک چادر ہے کہ اسمین خط سبز ہوتے ہیں یہ نہیں کہ نرا سبز ہو اور تکیہ نبی صلعم کا چمڑے کا تھا جسکی بیچ روئی کی جگہ لیف خرما تھا اور سب لوگ دو گروہ ہوئے ہیں ایک گروہ تو اچھے کپڑے پہنتے ہیں اور پھٹے پرانے پر اختصار کیا کرتے ہیں اور ایک گروہ نے سب عمدہ لباس اشرف کپڑا پہننا اختیار کیا اور نئے کپڑے اور خوبصورت مشہور پہننا اختیار کیا اور دونوں یہ گروہ مخالف نبی صلعم کی سنت کے ہوئے اور پیغمبر خدا نے فرمایا کہ جو کپڑا مشہور پہنیگا قیامت میں اسکو ذلت کا کپڑا پہناوینگے پھر آگ اسمیں لگیگی اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اگر تکبر و افتخار کے قصد سے پہنیگا تو برعکس اسکو عذاب ہوگا اور فرمایا من جر ثوبہ خیلاء لم ینظر اللہ الیہ یوم القیمۃ اور لیکن اگر عمدہ کپڑا پہنا اظہار نعمت کی واسطے حق کے ہو روا ہے جیسا حدیث میں آیا ہے کہ جس شخص کے دل میں رائی کے دانے کی برابر تکبر ہوگا بہشت میں نہ جاویگا ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ ہمکو پسند ہے

کہ کپڑا اور جوتی خوب بہتر ہو یہہ بھی کبر کی قسم ہوگا تو قال رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم لا ان اللہ جمیل یحب الجمال الکبر بطر الحق و غمط الناس
فرمایا اتنا کبر کے حساب مین نہین ہے بلکہ کبر تو وہی ہی جو حق کو باطل کرے یعنی توحید
اور حق بندون کا جو اوسپر واجب ہے اوس سے انکار کرے اور اسکے قبول کرنے کو منع
کرے اور خدا کی بندون کو حقیر سمجھے اور خوار جانے **فصل** نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے ازار یا رومین پہنا اور کبھی عمامہ سے ٹوپی کی پہنتی اور کبھی ٹوپی کی ساتہہ
اور کبھی ٹوپی بے عمامہ کے اور عمامہ مین شملا دونو مونڈہون کے درمیان چھوڑتے اکثر
یون ہی ہوتا اور بعضی حدیثون مین آیا ہی کہ جس رات کو خواب مین دیکھا کہ
پروردگار نے فرمایا یا محمد فیم یختصم الملأ الاعلی قلت لا ادری قال
فوضع یدہ بین کتفی فعلمت ما بین السماء والارض اسکی صبح ہوکر دونون
مونڈہون کے درمیان شملا چھوڑا اور آستین کرتے کی پہنچے تک انکی دست مبارک
کے تہی اور کرتے کو دوست رکہتی اور کبھی سرخ حلہ پہنتی اور حلہ یعنی دو کپڑا مراد ہے
کہ اسکی خط سرخ تہی یہہ نہین کہ نرالا سرخ تہا اسواسطی کہ نرا سرخ منع ہے
عبد اللہ بن عمرو بن العاص نے سرخ کپڑا کسم کا رنگا پہنا تہا فرمایا تونی کیا
پہنا ہی جب اونہون نے دیکھا کہ آنحضرت نے کراہت کی گہر آکر تنور مین جلا دیا
دوسرے روز جب آئے فرمایا سرخ کپڑا کیا کیا قصہ بیان کیا فرمایا ھلا کسوتہ
بعض اھلک فانہ لا باس بہ للنساء اور حدیث صحیح مین آیا ہی کہ
دو کپڑی سرخ کسی پہ دیکھی فرمایا ان ھذہ لباس الکفار فلا
تلبسھما یہہ لباس کافرونکا ہی سو اسکو نہ پہن غرض نرالا سرخ پہننے سے
احتراز کیا چاہیے اور خط دار کپڑا پہنتی اور سیاہ کپڑا پہنتی اور آستین
سندس کی سنجاف لگی ہوئی اور موزہ اور جوتی اور تا موزہ یہہ سب پہنا ہے

اور انگوٹھی ہاتھہ مین رکھتی لیکن روایت مختلف ہی بعضی حدیث مین یون
ہے کہ دہنی ہاتھہ مین تہی نقش اوسکا محمد رسول اللہ اس شکل سے بنا تہا
اور منع فرمایا کہ کوئی مخلوق میری انگوٹھی کا نقش اپنی انگوٹھی پر نکہدی
زرہ پہنتی اور خود اور جوشن اور کبہی دو زرہ ایکبارگی قبا پہنتی اور جبہ خسروانی
کہ ریشم کا فرون کو اسکے نیچے دیباے سیا تہا لیکن طیلسان گرمی کی حالت مین
آفتاب سے پہنا جسدن حکم ہجرت کا آیا تہا دوپہر کو حضرت ابوبکر رضی کی گہر مین
تشریف لائی طیلسان اوڑہے ہوئے لیکن انس کی حدیث مین آیا ہی کہ کان
یُکْثِرُ الْقِنَاعَ یعنے طیلسان بہت اوڑہتے اور بعضون نے گمان کیا کہ ضرورت کے
وقت کیا ہی اور سفر مین آستین جبہ کی تنگ پہنتی اور کبہی ازار اور چادر پہنتی اور
چادر کی درازی چہہ گز کی تہی اور عرض تین گز اور ایک بالشت اور ازار چار گز
ایک بالشت اور عرض مین دو گز اور ایک بالشت **فصل عادت کی بیان**
مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کی ساتہہ عیش و عشرت
کرنیمین فرماتے حُبِّبَ اِلَیَّ مِنْ دُنْیَاکُمُ النِّسَاءُ وَالطِّیْبُ وَجُعِلَتْ
قُرَّۃُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ اور بعضی مصنف تین کو زیادہ کرتے ہین اور یہ
سہو ہے اور نسا دنیا کی امور سے نہین اور دوست زیادہ چیزون مین دنیا کی سو
سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو عورتین تہین اور خوشبو اور بہت راتون
مین اپنی نون بیبیون سے صحبت کی ہے اور مباشرت مین قوت تیس قوی
جوان کی انکو ملی تہی اسواسطے انکو مباح ہوا جتنی چاہین نکاح کرین نو یا
زیادہ اور انکے درمیان برابری کا دہیان رکہتے رات کی رہنے مین اور کہانا
کپڑا دینے مین اور ساری باتون مین جسکا اختیار رکہتے لیکن محبت کی
باتمین فرماتے اَللّٰھُمَّ ھٰذَا قِسْمِیْ فِیْمَا اَمْلِکُ فَلَا تَلُمْنِیْ فِیْمَا

لا أملك یعنی محبت اور جماع مین اور واجب ہو نہیں برابر کی رعایت
کی انکی درمیان انمین اختلاف ہی دو قول پر ایک یہہ کہ بانٹ واجب تہی
دوسرے یہہ کہ معاشرت انکی ساتہہ رواتہی انکو بے بانٹ کی اور یہہ کہ انکی
خاصیت تہی اور بعض کو طلاق دیا اور پہر رجوع کیا اور ایلا کیا ایک مہینے
کی میعاد لیکن ظاہر نہیں کیا اور فقیہون نے جو کہا ہی کہ ظہار بہی کیا غلطی
ظاہر ہے اور اپنی عورتون کے ساتہہ بہتر خوشمزاجی سے پیش آتے اور فرماتے
خَیْرُکُمْ خَیْرُکُمْ لِاَهْلِهٖ وَاَنَا خَیْرُکُمْ لِاَهْلِیْ انصار کی لڑکیون کو عائشہ
کے ساتہہ کہیلنے کو بلاتے اور جو فرمایش کرتین کسی چیز کی جو لڑکیان کہیلتی ہیں
اگر منع نہوتی تو کر دیتے اور جب صراحی سے پانی پیتین تو اسکو آپ لیکر حضرت
عائشہ رض کی لب رکہنے کی جگہ پر اپنا لب رکہکر پانی پیتے اور جب ہڈی اوٹہاتین
اور اسکا گوشت دانت سے کہاتین اس ہڈی کو اونسے چہین لیتے اور انکے منہ
رکہنے کی جگہ سے گوشت کہاتے اور انپر تکیہ کرکے قرآن پڑہتے اور کبہی سر مبارک
اپنا انکے گلے پر رکہتے اور قرآن پڑہتے اگرچہ وہ حیض سے ہوتین اور کبہی حیض
مین فرماتے کہ ازار باندہی اور ازار کے اوپر انکو سینہ سے لگاتے اور منہ انکی
منہ سے ملاتے اور روزے کی دنون مین انکا بوسہ لیتے اور کمال لطف اور نہایت
کرم انکا اہلبیت کی ساتہہ یہہ تہا کہ حضرت عائشہ رض کو اجازت کہیل کے
دیتے جیسی عادت لڑکیون کی ہوتی ہے اور انکے مونڈہے پر تکیہ کرکے حبشیون
کی بازی اور ناچ دکہتین کہلتے اور سفر مین دو بار انکے ساتہہ دوڑے کہ دیکہین کون آگے
بڑہتا ہی پہلی بار حضرت عائشہ آگی بڑہگئین اور دوسرے بار مین حضرت عائشہ
ذرا زیادہ موٹی ہوگئین حضرت آگے بڑہگئے تو فرمایا هٰذا بِذَاكَ اس بار ہم آگے
اسواسطے کہ اوس بار تم آگے بڑہین اور ایکبار حجرے کے دروازے سے باہر نکلتے تہے

دروازے میں برابر دونوں آگئی ایک دوسری کو ہاتہہ سے ٹہیلنے لگی باہر نکلنی
کو اور جب سفر کا ارادہ کرتے قرعہ ڈالتے جسکے نام کا قرعہ نکلتا اسکو لیجاتے اور
جب پہر آتے تو دوسرون کی پاس اسکی قضا نکرتے اور کبہی سب بیبیون کے
ساتہہ ہی ایک پر ہاتہہ رکہتے اور اسکے ساتہہ کہیلتے اور ہر روز جب نماز عصر کی پڑہہ چکتے
سب حجرون میں پہرتے اور حال پوچہتے اور جب رات ہوتی تو جسکی باری ہوتی
